http://dailygawadarbusiness.com.pk
Member APNS
کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت
Daily Gwadar Business Quetta
ABC Certified
روزنامہ
گوادر بزنس
کوئٹہ
جلد 22 جمعرات 06 اگست 2026ء 22 صفر المظفر 1448ھ قیمت 5 روپے شمارہ 32
Email.dailygwadarbusiness@gmail.com

مشکل معاشی چیلنجز پر قابو پالیا، پائیدار معاشی ترقی کیلئے اصلاحات کا عمل جاری ہے، شہباز شریف

ڈسکوز کی نجکاری کے تمام مراحل مقررہ مدت میں طے شدہ قواعد اور بہترین حکمت عملی کے مطابق منافع بخش انداز میں مکمل کیے جائیں، اجلاس سے خطاب

پاکستان جاپان اور جائیکا کے ساتھ 7 دہائیوں پر محیط دیرینہ شراکت داری کو انتہائی قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے، جائیکا کے وفد سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان جاپان اور جائیکا کے ساتھ 7 دہائیوں پر محیط دیرینہ شراکت داری کو انتہائی قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے، مشکل معاشی چیلنجز پر قابو پالیا، اب پائیدار معاشی ترقی کے لیے اصلاحات کا عمل تیزی (بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ہدایت کی ہے کہ نجکاری کے مراحل میں بہترین پیشہ ورانہ استعداد کے حامل کنسلٹنٹ کی تجاویز کو یقینی بنایا جائے (بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر)

حکومت صوبے کے تمام اضلاع میں یکساں اور متوازن ترقی کے وژن پر عمل پیرا ہے، وزیراعلیٰ

عوامی نمائندوں، قبائلی عمائدین اور مقامی قیادت سے مسلسل مشاورت کے ذریعے ترقیاتی منصوبوں کو زیادہ مؤثر اور عوامی ضروریات سے ہم آہنگ بنایا جارہا ہے

تمام قبائل اور عوام ہمارے اپنے ہیں، حکومت بلاامتیاز ہر علاقے کی ترقی، خوشحالی اور عوام کے معیارِ زندگی میں بہتری کے لیے عملی اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان و چیف آف بگٹی میر سرفراز بگٹی سے آل پارٹیز موسیٰ خیل کے ایک اعلیٰ سطحی نمائندہ وفد نے چیف آف غرشین سردار سید اسد زمان غرشین کی قیادت میں ملاقات کی۔ وفد میں سابق ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی سردار بابر خان موسیٰ خیل، سابق (بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر)

پاسداران انقلاب سے منسلک تین اداروں پر عائد پابندیاں ختم

پابندیاں ختم کیے جانے کی خبر کے بعد عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں مزید کمی دیکھنے میں آئی

واشنگٹن (این این آئی) امریکا نے ایران کے پاسداران انقلاب سے مبینہ طور پر منسلک تین اداروں پر عائد پابندیاں ختم کر دی ہیں، جس کی تصدیق امریکی وزارت (بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر)

وزیراعظم کے دورہ سعودی عرب کا شیڈول طے، (آج) شام روانہ ہونگے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف کے دورہ سعودی عرب کا شیڈول طے پا گیا۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم (آج) (بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر)

خطے میں کشیدگی روکنے کیلئے مذاکرات، سفارتکاری ناگزیر ہے، آر4- گروپ وزرائے خارجہ

پاکستان، سعودی عرب، ترکیہ اور مصر کے وزرائے خارجہ کا اجلاس، خطے کی صورتحال کا جائزہ لیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان، سعودی عرب، ترکیہ اور مصر پر مشتمل آر فور گروپ کے وزرائے خارجہ نے خطے کی صورت حال کے حوالے سے زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ (بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر)



کراچی، پی ٹی آئی احتجاج کے دوران پولیس اہلکار کارکنوں پر شیلنگ کررہے ہیں، دوسری جانب گرفتار کر کے لے جارہے ہیں

یومِ استحصالِ کشمیر، بلوچستان اسمبلی میں مشترکہ مذمتی قرارداد متفقہ منظور

یہ اقدامات کشمیری عوام کے حقِ خودارادیت اور ان کی جائز امنگوں کو دبانے کی ناکام کوشش ہیں

پاکستان کشمیری عوام کی سیاسی، سفارتی، اخلاقی اور قانونی حمایت جاری رکھے گا، بلوچستان اسمبلی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے یوم استحصال کشمیر کے موقع پر بلوچستان صوبائی اسمبلی میں مقبوضہ جموں و کشمیر کی صورتحال اور بھارت کے 5 اگست 2019 کے یکطرفہ اقدامات کے خلاف مشترکہ مذمتی قرارداد پیش کی، جسے ایوان نے متفقہ طور پر منظور (بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر)

طارق فضل چوہدری نے حکومت کے خاتمے، پیپلز پارٹی کی علیحدگی کا امکان مسترد

پیپلز پارٹی آزاد کشمیر بلاول بھٹو کو مس گائیڈ کررہی ہے، وفاقی وزیر پارلیمانی امور

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے وفاقی حکومت کے خاتمے یا پیپلز پارٹی کی علیحدگی کا امکان مسترد کر دیا۔ نجی ٹی وی سے گفتگو (بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر)

روس کی کیف پر میزائلوں اور ڈرونز کی بارش، 21 افراد ہلاک، درجنوں زخمی

کیف (این این آئی) روس نے یوکرین کے دارالحکومت کیف اور اس کے نواحی علاقوں پر بیلسٹک میزائلوں اور ڈرونز سے بڑے پیمانے پر حملے کیے، جن میں کم از کم 21 افراد ہلاک اور 45 سے زائد زخمی ہوگئے، جبکہ متعدد (بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر)

اسحٰق ڈار کی اردن کے نائب وزیراعظم سے ملاقات

سیاسی، دفاعی، اقتصادی اور عوامی روابط سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کو مزید فروغ دینے کے عزم کا اعادہ

دوطرفہ تعلقات میں بڑھتی ہوئی پیش رفت کا خیرمقدم

عمان (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے عمان میں مقبوضہ بیت المقدس سے متعلق وزارتی اجلاس کے موقع پر اردن کے نائب وزیراعظم اور وزیر (بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے آل پارٹیز موسیٰ خیل کا نمائندہ وفد ملاقات کررہا ہے

وزیر خزانہ سے امریکی تجارتی نمائندے کی ملاقات، تعاون کو فروغ دینے پر اتفاق

امریکا کے ساتھ تجارت اور سرمایہ کاری پر مبنی مضبوط شراکت داری پاکستان کی برآمدات پر مبنی معاشی حکمتِ عملی کو تقویت دے گی

دونوں ممالک کے کاروباری اداروں کے لیے نئی تجارتی و سرمایہ کاری کے مواقع پیدا کرے گی، سینیٹر محمد اورنگزیب

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب سے امریکا کے تجارتی نمائندے (یو ایس ٹریڈ) سفیر جیمیسن گریئر نے ورچوئل ملاقات کی جس میں پاکستان اور (بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر)

بانی پی ٹی آئی سے (آج) رفقاء کی ملاقات کا دن، فہرست جیل حکام کے حوالے

راولپنڈی (این این آئی) بانی پی ٹی آئی سے (آج) جمعرات کو رفقا کی ملاقات کا دن ہے جس کیلئے فہرست فوکل پرسن اویس یونس چوہدری ایڈووکیٹ نے جیل حکام (بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر)

آئین کے اندر رہ کر نئے صوبے بنائیں تو ہمیں کوئی اعتراض نہیں، رانا ثناء اللہ

محسن نقوی کس سسٹم کی بات کررہے ہیں؟ ان کا بیان بے معنی، کوئی سیاق وسباق نہیں

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور سینیٹر رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ اگر آئین کے اندر رہ کر نئے صوبے بنائیں جائیں تو ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہے۔ (بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب امریکی تجارتی نمائندے سے گفتگو کررہے ہیں

ایران اور عمان آبنائے ہرمز میں جہاز رانی کے راستے کی جغرافیائی حدود پر متفق

ایران اور عمان معاہدے کے مشترکہ اعلامیے کی تیاریاں کررہے، یہ اسی صورت ممکن، جب کوئی تیسرا فریق اس میں مداخلت نہ کرے، ترجمان ایرانی وزارت خارجہ

معاہدے کے تحت خلیجی ملکوں کی جانب جانے والے بحری جہاز آبنائے ہرمز سے گزرنے کیلئے ایرانی پانیوں کا راستہ اختیار کریں گے، ذرائع امریکی میڈیا

تہران (این این آئی) ایران اور عمان آبنائے ہرمز میں جہاز رانی کے راستے کی جغرافیائی حدود پر متفق ہوگئے ہیں۔ ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ ایران اور عمان معاہدے کے مشترکہ اعلامیے کی تیاریاں کر رہے ہیں، تاہم یہ اسی صورت ممکن ہے، جب کوئی تیسرا فریق اس میں مداخلت نہ کرے۔ ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان (بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، وزیر دفاع خواجہ محمد آصف سے امریکی ناظم الامور نٹالی بیکر ملاقات کررہی ہیں

پاکستان اور امریکا کا دہشتگردی کیخلاف تعاون مزید مضبوط بنانے پر اتفاق

پاکستان امریکا انسدادِ دہشت گردی مذاکرات کا چوتھا دور، داعش خراسان، القاعدہ، ٹی ٹی پی اور بی ایل اے کے خلاف مشترکہ عزم کا اعادہ

پاکستان اور امریکا نے خطے میں امن، خوش حالی کے لیے انسدادِ دہشتگردی تعاون جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا

اسلام آباد/واشنگٹن (این این آئی) واشنگٹن میں پاکستان اور امریکا کے درمیان انسدادِ دہشت گردی مذاکرات کا چوتھا دور ہوا جس میں دونوں ممالک نے دہشت گردی کے خلاف تعاون مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کیا۔ دفتر خارجہ کے مطابق پاکستان اور امریکا نے داعش خراسان، القاعدہ، ٹی ٹی پی اور بی ایل اے کے خلاف مشترکہ عزم کا اعادہ کیا۔ دونوں ممالک نے سرحدی سیکیورٹی مضبوط بنانے اور دہشت گرد (بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر)

اسرائیل کی ہٹ دھرمی برقرار، نیتن یاہو نے ٹرمپ کے غزہ منصوبے کو مسترد کردیا

واشنگٹن/تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی وزیراعظم بنیامین نیتن یاہو نے واضح کیا ہے کہ اسرائیل نے غزہ سے متعلق امریکا کے حمایت یافتہ مجوزہ منصوبے سے اتفاق (بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر)

خضدار، اسماء جنگ نامی خاتون کے والد کے قتل پر اراکین اسمبلی کا شدید احتجاج

اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری، صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک سمیت دیگر کا واک آؤٹ

اسپیکر نے قاتلوں کی گرفتاری کے لیے دو دن کی مہلت دے دی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے ضلع خضدار میں اسماء جنگ نامی خاتون کے والد کے قتل پر اراکین اسمبلی کا شدید احتجاج، اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری، صوبائی وزیر حاجی (بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف نجکاری سے متعلق اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

بلوچستان کے عوام کا حقِ حاکمیت تسلیم، انتخابات میں مداخلت بند کی جائے، ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ

اسلام آباد پر واضع کیا ہے کہ جب تک بلوچستان کے عوام کا حق حاکمیت تسلیم کرتے ہوئے ووٹ کا حق دیا جائے

لاپتہ افراد کا مسئلہ فی الفور حل کیا جائے،، پنجگور سے سینکڑوں سیاسی کارکنوں کا نیشنل پارٹی میں شمولیت کے موقع پر تقریب سے خطاب

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی کے زیراہتمام پریس کلب کوئٹہ میں عظیم الشان گرینڈ شمولیتی پروگرام منعقد ہوا جس میں پنجگور سے تعلق رکھنے والے پیپلز پارٹی مکران ڈویژن کے جنرل سیکریٹری آغا شاہ حسین، بی این پی مینگل کے نائب صدر عبدالمجید، سابقہ رابطہ کمیٹی کے رکن شیر احمد رند، بی این پی مینگل کے پنجگور سے سابقہ امیدوار داد محمد، بی این پی عوامی کے ڈپٹی جنرل سیکریٹری عبدالوحید، پاکستان پیپلز پارٹی کے (بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر)

5 اگست کو ہمیشہ یوم سیاہ کے طور پر یاد رکھا جائے گا، مولانا فضل الرحمٰن

اسلام آباد (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ 5 اگست کو ہمیشہ یوم سیاہ کے طور پر یاد رکھا جائے گا، یوم استحصال کشمیر پر (بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر)

عمران خان کو جیل میں 3 سال مکمل، بانی پی ٹی آئی کو دستیاب سہولیات بارے رپورٹ جاری

بانی کا سیل 7 کمپاؤنڈز پر مشتمل، دن بھر آزادانہ چل پھر سکتے ہیں، جیل ڈاکٹر دن میں تین بار طبی معائنہ کرتے ہیں، رپورٹ

سپرنٹنڈنٹ کی عمران خان کو قید تنہائی میں رکھنے، امتیازی یا غیر مساوی سلوک برتنے کی تردید

راولپنڈی (این این آئی) بانی پی ٹی آئی عمران خان کو جیل میں 3 سال مکمل ہوگئے، سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل نے دستیاب سہولیات بارے رپورٹ جاری کرتے ہوئے انہیں قید (بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر)

عالمی برادری مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کا مؤثر نوٹس لے، وزیراعلیٰ

کشمیریوں کی حق خودارادیت، آزادی اور انصاف کی جدوجہد کی ہر سطح پر اخلاقی حمایت جاری رکھیں گے

بھارت کی آرٹیکل 370 اور 35 اے کی منسوخی غیر قانونی، عالمی قوانین کے منافی اقدام تھا

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے یومِ استحصالِ کشمیر کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ وہ اپنی جانب سے اور اہل بلوچستان کی طرف سے (بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد، وزیر تجارت جام کمال خان اور ایران کے وزیر صنعت وتجارت تجارتی کمیٹی کی دستاویزات کا تبادلہ کررہے ہیں

وفاقی حکومت نے سرکاری ملازمین کے 2 ایڈہاک الاونسز منجمد کردیے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے سرکاری ملازمین کے 2 ایڈہاک الاونسز منجمد کردیے، نئے اور پرانے ملازمین (بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر)

وزیراعظم محمد شہباز شریف سے گورنر سندھ نہال ہاشمی کی ملاقات، مجموعی ملکی سیاسی صورتحال پر تبادلہ

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے گورنر سندھ نہال ہاشمی (بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر)

پاکستان کشمیری عوام کے حقِ خودارادیت کے حصول کیلئے جدوجہد کی حمایت جاری رکھے گا، دفتر خارجہ

بھارت کے غیر قانونی زیرِ تسلط جموں و کشمیر کے عوام کی جرات، ثابت قدمی اور غیر متزلزل عزم کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہیں

پاکستان جموں و کشمیر کے عوام کے حقِ خودارادیت کے حصول کے لیے منصفانہ جدوجہد کی بھرپور حمایت جاری رکھے گا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے بھارت کے 5 اگست 2019 کے غیر قانونی اور یکطرفہ اقدامات کے سات برس مکمل ہونے کے موقع پر کہا ہے کہ ان اقدامات کا مقصد بھارت کے غیر قانونی زیر تسلط جموں وکشمیر کی بین الاقوامی طور پر تسلیم شدہ متنازعہ حیثیت کو تبدیل کرنا تھا۔ دفتر خارجہ کے ترجمان کی جانب سے جاری بیان کے مطابق پاکستان نے یوم استحصال (بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر)

یمنی بندرگاہ کے قریب بھارتی کارگو جہاز پر حملہ، تمام سوار محفوظ

صنعا (این این آئی) یمنی بندرگاہ کے قریب بھارت کے کارگو جہاز پر حملہ ہوا ہے۔ روسی میڈیا کے مطابق بھارتی کارگو جہاز پر حملہ (بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر)

وفاقی حکومت کاج 2027ء کے اخراجات جمع کرانے کے طریقہ کار میں تبدیلی کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے حج 2027ء کے اخراجات (بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر)

لاہور، پی ٹی آئی کے مظاہرے کے دوران خواتین کارکنوں کو حراست میں لیا جارہا ہے

کراچی: یلو لائن بی آر ٹی منصوبے کی بروقت تکمیل کیلئے رفتار بڑھانے کی ہدایات

منصوبہ کراچی کے عوام کیلئے اہم اور بروقت تکمیل سندھ حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، شرجیل میمن

کراچی (این این آئی) سندھ حکومت نے یلو لائن بی آر ٹی منصوبے کی بروقت تکمیل کے لیے کام کی رفتار بڑھانے کی ہدایات جاری کردیں۔ سینئر صوبائی وزیر شرجیل انعام (بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر)

حوثی تنظیم انصار اللہ کا بحیرہ احمر میں جہاز پر حملے کا دعوی

صنعا (این این آئی) یمن کی حوثی اکثریتی تنظیم انصار اللہ نے بحیرہ احمر میں سعودی آئل ٹینکر پر حملے کا دعوی کردیا۔ ترجمان حوثی گروپ (بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر)

بحیرہ اسود میں ڈرون حملوں کا نشانہ بننے والے جہاز میں لگی آگ سے دھواں اٹھ رہا ہے

مسعود پزشکیان نے استعفی دینے سے متعلق خبروں کو مسترد کردیا

تہران (این این آئی) ایران کے صدر مسعود پزشکیان نے استعفی دینے پر غور سے متعلق خبروں کو افواہیں قرار دے کر (بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر)

حکومت سے ملکر اسلامی نظام کے نفاذ کیلئے کام جاری ہے: گورنر اسٹیٹ بینک

اسٹیٹ بینک نے فری لانسرز کو سہولتیں دے کر ترسیلاتِ زر کو بڑھایا، جمیل احمد کا خطاب

کراچی (این این آئی) گورنر اسٹیٹ بینک جمیل احمد نے کہا ہے کہ حکومت کے ساتھ مل کر اسلامی نظام کے نفاذ کے لیے کام جاری ہے۔ تقریب سے بذریعہ ویڈیو لنک خطاب (بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر)

احسن اقبال کی زیرصدارت سی پیک جائزہ کمیٹی کا اجلاس

اہم منصوبوں پر عملدرآمد میں تیزی لانے کی ہدایت

چینی کمپنی کے ساتھ مشترکہ اجلاس منعقد کر کے تکنیکی مسائل کا فوری حل نکالا جائے اور منصوبے کی تکمیل کے لیے مستقل رابطہ کاری کو یقینی بنایا جائے

سی پیک 2.0 پاکستان کے لیے ترقی کے نئے امکانات لے کر آیا ہے، اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے سی پیک جائزہ کمیٹی کے 91 واں اجلاس میں اہم منصوبوں پر عملدرآمد میں تیزی لانے کی ہدایت کی ہے۔ وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر (بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر)

چمن اور لکی مروت میں دستی بم حملوں میں 3 افراد جاں بحق

چمن میں حملے کے وقت مزدور سو رہے تھے کہ ان پر دستی بم پھینکا گیا دیا ایک مزدور جاں بحق اور 4 دیگر زخمی ہوگئے

لکی مروت کے علاقے بہرام خیل میں ایک گھر کے اندر دستی بم پھٹنے سے رشید، اس کی بھابھی اور کمسن بھتیجا جاں بحق، 3 بچے زخمی

چمن، لکی مروت (این این آئی) بلوچستان کے ضلع چمن اور خیبر پختونخوا کے ضلع لکی مروت میں الگ الگ دستی بم حملوں کے نتیجے میں مجموعی طور پر 4 افراد جاں بحق اور 7 افراد زخمی ہوگئے۔ پولیس کے مطابق لکی مروت کے علاقے بہرام خیل میں ایک گھر کے اندر دستی بم پھٹنے سے (بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ کی زیرصدارت کابینہ اجلاس میں اہم فیصلے

کابینہ نے 5 لاکھ میٹرک ٹن گندم درآمد کرنے، کم از کم اجرت میں 7.5 فیصد اضافے کی منظوری

صوبائی حکومت اصلاحاتی ایجنڈے پر عمل پیرا ہے، وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ

کراچی (این این آئی) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کی زیرصدارت بدھ کو سندھ کابینہ کا اجلاس منعقد ہوا جس میں متعدد اہم پالیسی، انتظامی، معاشی اور ترقیاتی اقدامات کی منظوری (بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر)

ٹرمپ کی نئی مشکل، ایران کیساتھ جنگ میں امریکا کے پاس جنگی ہتھیار ختم ہونے لگے

دفاعی نظام میں استعمال ہونے والے پیٹریاٹ اور تھاڈ میزائلوں کے ذخائر میں بھی نمایاں کمی آئی، رپورٹ

واشنگٹن (این این آئی) امریکا اور ایران کے درمیان پانچ ماہ سے جاری جنگ کے دوران امریکی فوج نے اپنے جدید اور انتہائی درست نشانہ لگانے والے طویل فاصلے تک مار کرنے والے میزائلوں کا بڑا حصہ استعمال کرلیا۔ عالمی خبر رساں ادارے نے امریکی دفاعی معاملات (بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر)

الیکشن کمیشن کا الیکشنز رولز 2017ء کی اہم شق میں ترمیم کا فیصلہ

اثاثوں، واجبات گوشواروں میں ابہام پر الیکشن کمیشن ارکان اسمبلی، متعلقہ افراد و اداروں سے وضاحت مانگ سکے گا

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن نے الیکشنز رولز 2017ء کی اہم شق میں ترمیم کا فیصلہ مسودہ جاری کر دیا۔ مجوزہ ترمیم کے مطابق اثاثوں اور واجبات کے گوشواروں میں ابہام پر الیکشن کمیشن ارکان اسمبلی، متعلقہ افراد و اداروں سے وضاحت مانگ سکے گا، اسی طرح، (بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر)

دبئی، یکے بعد دیگرے 7 دھماکے، بندرگاہ سے دھوئیں کے بادل اٹھنے لگے

نقصان کے بارے میں متحدہ عرب امارات کے حکام کی جانب سے کوئی باضابطہ بیان جاری نہیں کیا

ابوظہبی (این این آئی) متحدہ عرب امارات کے شہر دبئی کے صنعتی علاقے جبل علی میں متعدد دھماکوں کی اطلاعات سامنے آئی ہیں، جن کے بعد علاقے میں آگ بھڑک اٹھی اور (بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر)

پاکستان اسٹاک ایکسچینج نئی تاریخ رقم کرنے میں کامیاب

کراچی (این این آئی) پاکستان اسٹاک ایکسچینج (پی ایس ایکس) نے بدھ کو ایک اور تاریخی سنگ میل عبور کرتے ہوئے ملکی سرمایہ (بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر)

گلگت، سیلابی ریلے اور لینڈ سلائیڈنگ سے شاہراہ قراقرم بند، ٹریفک معطل

چلاس/گلگت/شانگلہ (این این آئی) گلگت بلتستان کے ضلع دیامر میں گینی (اشتی نالہ) سمیت مختلف مقامات پر سیلابی ریلوں (بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر)

چترال، گلیشیر پھٹنے، کلاؤڈ برسٹ، سیلاب سے بڑے پیمانے پر تباہی، 2 افراد جاں بحق

چترال (این این آئی) چترال میں گلیشیر پھٹنے، کلاؤڈ برسٹ اور موسلا دھار بارشوں کے باعث آنے والے شدید سیلاب نے (بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر)

امریکی ناظم الامور کی وزیر دفاع سے ملاقات، باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال

ملاقات کے دوران دونوں فریقین نے باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں تعینات امریکی ناظم الامور نٹالی بیکر نے اسلام آباد میں وزیر دفاع خواجہ محمد آصف سے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران دونوں فریقین نے باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا۔ علاقائی اور بین الاقوامی سیکیورٹی کی (بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر)

بلوچستان، 6 اضلاع میں بلدیاتی ضمنی انتخابات 9 اگست کو ہوں گے

کوئٹہ (این این آئی) صوبہ بلوچستان کے 6 اضلاع میں مختلف میونسپل کمیٹیز، میونسپل کارپوریشن اور یونین کونسلز کی 11 جنرل نشستوں (بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، صوبائی اسمبلی کے اجلاس کی صدارت اسپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق اچکزئی کررہے ہیں

لبنان، جنگ بندی کے بعد واپس آنے والا خاندان تباہ شدہ مکان کا جائزہ لے رہا ہے

کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت روزنامہ
Daily Gwadar Business
ABC Certified
روزنامہ
گوادر بزنس
ایڈیٹر ریاض احمد

پاکستان سمیت 14 ممالک کا بحری دفاعی اتحاد

سعودی عرب کی قیادت میں پاکستان سمیت 14 ممالک پر مشتمل بحری دفاعی اتحاد کا قیام خطے کی موجودہ کشیدہ صورتحال میں ایک نہایت اہم اور خوش آئند پیش رفت ہے۔ باب المندب، بحیرہ احمر اور خلیجِ عدن جیسی حساس آبی گزرگاہوں میں جہاز رانی کے تحفظ، عالمی تجارتی راستوں کی سلامتی اور توانائی کی ترسیلی لائنوں کے دفاع کے لیے قائم کیا جانے والا یہ کثیر ملکی اتحاد اس بات کا مظہر ہے کہ خطے کے ممالک اجتماعی سلامتی کی اہمیت کو سمجھتے ہوئے عملی اقدامات کی طرف بڑھ رہے ہیں۔ سعودی عرب کی میزبانی میں 43 ممالک اور یورپی یونین کے وفد کی شرکت پر مشتمل اجلاس اور اس کے نتیجے میں جاری ہونے والا مشترکہ اعلامیہ جس میں پاکستان، ترکیہ، مصر، اردن، کویت، بحرین، قطر، یمن، بنگلہ دیش، نائجیریا، سوڈان اور جبوتی جیسے ممالک شامل ہیں اس امر کا عکاس ہے کہ عالمِ اسلام اور خطے کے دیگر ممالک مشترکہ سمندری مفادات کے تحفظ کے لیے یکجا ہونے پر آمادہ ہیں۔ یہ اتحاد ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب یمن کے حوثی باغیوں کی جانب سے بحیرہ احمر میں جہاز رانی پر حملوں کے باعث عالمی تجارت کو بار بار خطرات لاحق رہے ہیں اور خطہ امریکا و ایران کے مابین کشیدگی کے سائے میں سانس لے رہا ہے۔ ایسے حالات میں ایک مربوط دفاعی ڈھانچے کا قیام یقیناً قلیل مدتی سلامتی کے تقاضے پورے کر سکتا ہے۔ لیکن یہ سمجھنا ضروری ہے کہ محض عسکری اتحاد یا بحری گشت کا انتظام مستقل اور پائیدار امن کی ضمانت نہیں دے سکتا۔ جب تک خلیج میں جاری کشیدگی اور جنگ کے بنیادی اسباب کا تدارک نہیں کیا جاتا اس نوعیت کے اتحاد وقتی طور پر خطرات کم تو کر سکتے ہیں مگر انھیں جڑ سے ختم نہیں کر سکتے۔ عالمی طاقتوں، خلیجی ریاستوں اور پاکستان جیسے متاثرہ ممالک کو چاہیے کہ وہ محض ردِعمل کی سفارت کاری سے آگے بڑھ کر ایک جامع اور دیرپا امن فریم ورک تشکیل دیں۔ بصورتِ دیگر بحری اتحاد جیسے اقدامات عارضی طور پر تجارتی جہازوں کو محفوظ رکھ سکتے ہیں مگر خطے کو جنگ کے مستقل خطرے سے نجات نہیں دلا سکتے۔

نظام کا بوجھ اور پاکستانی 'اطلس'

تحریر۔اویس توحید

پاکستان کے 'ہائبرڈ نظام' میں وزیر داخلہ محسن نقوی کا شمار طاقتور شخصیات میں ہوتا ہے ۔ ایک ایسا نظام جس کی مشترکہ لگام اسٹیبلشمنٹ اور سیاسی قیادت کے ہاتھوں میں ہے۔ ایک اہم ترین عہدہ وفاقی وزیر داخلہ یعنی ملک کی داخلی سکیورٹی کے نگہبان کا اور دوسرا عہدہ اہم ترین کھیل کرکٹ کے بورڈ کی سربراہی کا۔ کرکٹ جیسا کھیل جس کے لیے کروڑوں شائقین کے دل دھڑکتے ہیں، اس کی ذمہ داری بھی ان ہی کو سونپی گئی ہے۔ امریکہ ایران جنگ کی سفارت کاری کے دوران ایران اور سوئٹزرلینڈ کی یاترا ہو یا ایران کی سیاسی اور عسکری شخصیات کے ساتھ ملاقاتیں۔ وہ تصاویر میں اکیلے بھی اور فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر کے ساتھ ساتھ بھی دکھائی دیے۔ گویا ریاست نے محسن نقوی کو بیک وقت کئی ذمہ داریاں سونپی ہوئی ہیں۔ ایک کاندھے پر داخلی سکیورٹی تو دوسرے پر کرکٹ کی قسمت سنوارنے کی ذمہ داری ہے۔ سفارت کاری کی ذمہ داری اس کے علاوہ ہے۔ اور اب انہوں نے اچانک ملک کے سیاسی نظام کو فرسودہ اور ناکارہ گردانا ہے اور ان کے بقول اس کی تبدیلی ریاست کے استحکام کے لیے ناگزیر ہے۔ یوں مان لیجیے کہ انہوں نے اس بیان سے غالباً سیاسی نظام کی درستگی کا بوجھ بھی اپنے اوپر لاد لیا ہے۔ ہمیں تو اب محسن نقوی کو دیکھ کر احساس ہوتا ہے جیسے وہ یونانی دیوتاؤں کی داستانوں کے کردار 'اطلس' ہوں۔ پاکستان کے مسائل کا بوجھ ایسے لادے ہوئے ہیں، جیسے یونانی دیوتا Atlas (اطلس) اپنی کمر پر پوری دنیا کا وزن اٹھائے ہوں۔ کہنے کو تو ان کی تقریر مختصر تھی لیکن ان کے بیان نے ملک میں سیاسی بھونچال برپا کر دیا ہے۔ بیان کے لیے انتخاب اسلام آباد میں اکنامک سمٹ کا کیا گیا۔ محسن نقوی کا کہنا تھا: '۔۔۔ جس نظام میں ہم رہ رہے ہیں وہ collapse ہو چکا ہے۔۔۔ انتظامی یونٹس یا صوبے اس کو جو مرضی نام دے دیں، اسے عوام کی سطح تک لے جانا پڑے گا'۔ بیان میں بظاہر نئے صوبے اور انتظامی یونٹس کے تصور کو واضح بھی کر دیا۔

سیاسی حلقے ہوں یا عوامی سب کی نظروں میں یہ بیان سیاسی جماعتوں کے لیے اسٹیبلشمنٹ کا پیغام ہے اور پیغام رساں محسن نقوی رہے۔ سیاسی نظام میں تبدیلی بالخصوص نئے صوبوں کی تشکیل اور بڑے شہروں کو بااختیار انتظامی یونٹس بنانے کی ضرورت کی ریہرسل تو گزشتہ ڈیڑھ برس سے جاری ہے۔ کبھی ارب پتی کاروباری شخصیات بیٹھکیں سجاتے تو کبھی طاقتور حلقوں کی قربت میں پلے بڑھے بااثر لوگ ٹی وی اینکرز کے ساتھ اس آئیڈیا پر رائے عامہ ہموار کرنے کی کوششیں کرتے آ رہے ہیں۔ اقتدار کی راہداریوں سے سیاست دانوں کے ڈرائنگ رومز میں اٹھائیسویں ترمیم کے ذریعے نظام میں تبدیلی کی ممکنہ کوششوں کی بازگشت تو ہم نے خود سنی۔ بجٹ اجلاس سے قبل اس ترمیم کو پیش کیے جانے کا ذکر تھا، مگر بعض سیاسی شخصیات کی کوششوں سے معاملہ تعطلی کا شکار ہو گیا۔ لیکن آخر کب تک؟ بالآخر نظام کی تبدیلی کا بیان سامنے آ گیا۔ سیدھا سادہ پیغام ہے سیاسی جماعتوں کے لیے۔ عقل مند ہیں تو اسے پالیسی بیان سمجھیں۔ 'اس (نظام کی تبدیلی) کے لیے پاکستان کی تمام سیاسی جماعتوں کو ایک کمرے میں بیٹھنا پڑے گا، چاہے وہ ایک دن بیٹھیں، ایک ماہ بیٹھیں یا ایک سال بیٹھیں'۔ یہ تو تلخ حقیقت ہے کہ گورننس کے لیے سیاسی نظام ناقص ہے اور اس کی درستگی بھی لازم ہے۔ کسی حد تک سیاسی جماعتیں ذمہ دار ہو سکتی ہیں، لیکن اس نظام کی خرابیوں کا ملبہ صرف سیاسی جماعتوں پر ڈالنا بھی درست نہیں ہے۔ ماضی میں طویل فوجی حکمرانی بھی رہی ہے۔ اگر سیاسی جماعتوں کے عدسے سے تاریخ کو دیکھیں تو نظام کے بگاڑ کی ذمہ داری غیر سیاسی قوتوں پر بھی عائد ہوتی ہے۔ جنرل ایوب خان نے جمہوری روایتوں کو کچلا، جنرل ضیاالحق نے اسلامی نظام نافذ کیا اور جنرل مشرف نے معتدل روشن خیالی کا تصور متعارف کروایا اور ہر فوجی حکمران نے اپنے دور کو طول دینے کے لیے یا تو 'بوگس' ریفرنڈم کا سہارا لیا یا پھر چور دروازے سے داخل ہونے والی سیاسی جماعتوں کو ریاستی بیساکھیوں کا سہارا دیا۔ عدلیہ کا ان فوجی ادوار کو آئینی چھتر چھاؤ فراہم کرنا بھی کسی سے پوشیدہ تو نہیں۔

ماضی میں سیاسی اور عسکری تعلقات کے غیر متوازن ہونے پر بھی بحث رہی ہے۔ عمران خان کے دور میں اسٹیبلشمنٹ اور تحریک انصاف کا 'ایک پیج' کا فلسفہ بھی نظام کی درستگی کے لیے کارگر نہ ہو سکا۔ اب موجودہ 'ہائبرڈ نظام' میں ملک کی دو بڑی سیاسی جماعتیں ن لیگ اور پیپلز پارٹی حکمرانی کر رہی ہیں۔ پیپلز پارٹی کا اپنے آپ کو اس نظام سے علیحدہ پیش کرنا کسی کی بھی سمجھ سے باہر ہے۔ صدر کا عہدہ آصف زرداری کو حکمران اتحاد کا ساتھ دینے کی وجہ سے ملا ہے۔

خیال تو یہ تھا کہ موجودہ نظام بغیر ہچکولوں کے سفر طے کر رہا ہے۔ سیاسی اور عسکری ڈپلومیسی کی تعریفیں، انڈیا کے خلاف معرکے میں پاکستانی افواج کی کامیابی، جنرل عاصم منیر کے کردار کی عالمی سطح پر پذیرائی، شہباز شریف کا مفاہمتی کردار۔۔۔ غرض یہ کہ اس نظام کے دوران پاکستان کے امیج کی پذیرائی مثالی رہی ہے۔

تاہم پاکستان کے بنیادی مسائل گھرے ہیں۔ 25 کروڑ کی بڑھتی آبادی، کمزور معیشت، بیرونی قرضوں کا بوجھ، سماجی ناانصافی، نوجوانوں کے لیے روزگار، ناقص تعلیم اور صحت کی سہولیات، گورننس اور نظام کی ناکامی کی عکاسی کرتی ہیں۔

اسٹیبلشمنٹ کی سوچ کے عدسے سے دیکھیں تو سیاسی قوتیں بالخصوص ن لیگ اور پیپلز پارٹی، جو اس ملک پر حکمرانی کرتی آ رہی ہیں، بڑی حد تک ذمہ دار ہیں۔ ان کے دامن پر موروثی سیاست کا دھبہ اور انہیں کرپشن کے الزامات کا سامنا رہا ہے۔ سیاسی جماعتیں اپنی اجارہ داری کی خاطر اقتدار کی نچلی سطح پر منتقلی اور لوکل گورنمنٹ نظام کو بااختیار بنانے میں بھی ناکام رہی ہیں۔

نظام کی تبدیلی کی تجاویز میں فعال گورننس کے لیے بااختیار لوکل گورنمنٹ نظام لازمی ہے۔ نئے صوبے بنانے کا تصور سندھ، خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں ایک سیاسی کشمکش کا پیش خیمہ ہو سکتا ہے۔ سندھ میں صدیوں سے آباد باشندے نئے صوبے کے تصور یا کراچی کو خود مختار انتظامی یونٹ بنانے کے خیال کو صوبے کی تقسیم سمجھتے ہیں۔ سندھ میں ایک بڑی سیاسی تحریک جنم لے سکتی ہے۔

بلوچستان اور خیبر پختونخوا کو دہشت گردی نے لپیٹ میں لیا ہوا ہے۔ ایسی صورت حال میں نئے صوبے کی تشکیل کے لیے ماحول سازگار نہیں لگتا۔ پنجاب واحد صوبہ ہے جہاں اسمبلی میں جنوبی پنجاب صوبہ بنانے کی قرارداد منظور ہو چکی ہے۔

آئینی طور پر نئے صوبوں کی تشکیل ایک پیچیدہ عمل ہے، تاہم بااختیار لوکل گورنمنٹ نظام اور خودمختار انتظامی یونٹس کی تشکیل گورننس کو بلاشبہ بہتر بنا سکتی ہیں۔ اس کے لیے صرف تصور ناکافی ہوگا بلکہ اس منصوبہ کی تکمیل کے لیے ایک مفصل وژن کا بلیو پرنٹ چاہیے ہوگا۔

کئی برس سے اٹھارویں ترمیم کو لے کر اسٹیبلشمنٹ اور سیاسی قوتوں کے بیچ وفاق اور صوبوں کے درمیان وسائل اور مالی اختیارات کے توازن پر کھنچاؤ سا رہا ہے۔ بحث رہی ہے کہ صحت، تعلیم، قدرتی وسائل اور مائننگ جیسے شعبوں کو وفاق کے پاس ہونا چاہیے۔ صوبوں کی ان اختیارات کو سنبھالنے کی اہلیت پر بھی سوال اٹھائے گئے ہیں۔ سوچ ہے کہ کس طرح توازن قائم ہونا چاہیے۔

ایک بڑا سوال کیا صوبے اپنے اختیارات محدود کرنے پر رضامند ہو جائیں گے؟ یا پھر ن لیگ اور پیپلز پارٹی اٹھارویں ترمیم میں تبدیلیوں پر رضامند ہو جائیں گے۔ سیاسی رسہ کشی تو ہوگی۔

اس نظام میں ایک بڑی خامی یہ ہے کہ قومی اسمبلی میں صوبوں کی نشستوں کا تناسب غیر متوازن ہے۔ جو سیاسی جماعت پنجاب میں اکثریت حاصل کر لے تو اقتدار حاصل کر لیتی ہے۔ چھوٹے صوبوں کا وفاق کے ساتھ سٹیک محدود ہو جاتا ہے۔ مثلاً بلوچستان کی قومی اسمبلی میں 13 نشستیں ہیں۔ بڑی سیاسی جماعتیں بلوچستان میں موسمی پرندوں کی طرح انتخابی موسم میں ہی نظر آتی ہیں۔ سوچیں اگر بلوچستان کی قومی اسمبلی میں 70، 80 نشستیں ہوں تو بڑی جماعتوں کے سیاسی سٹیک بھی بڑھیں گے، بلوچستان کا بیانیہ بھی مین سٹریم میں شامل ہوگا، قبائلی سرداروں کی جگہ نئے سیاسی چہروں کو موقع ملے گا۔

تاہم اس پالیسی بیان کے بعد سیاسی جماعتوں کے پاس وقت کم ہے۔ انہیں بلا تاخیر نظام میں تبدیلی کے لیے اتفاق رائے پیدا کرنا ہوگا۔ ہمیں توقع ہے کہ اگلے کسی اجلاس میں محسن نقوی کرکٹ کے نظام میں تبدیلیوں اور ملک میں دہشت گردی کی لہر کو قابو کرنے کی پالیسی سے بھی آگاہ کریں۔ یہ نہ ہو کہ آنے والے دنوں میں کوئی اور دھماکہ خیز سیاسی بیان جاری کر دیں کہ ملک کے نظام کو فعال طریقے سے قومی حکومت کی تشکیل سے ہی چلایا جا سکتا ہے۔

☆☆☆

معیشت کو تعویذ دھاگے کی ضرورت

تحریر۔حامد ولید

اگر آپ سے کوئی پوچھے کہ "پاکستان میں سب سے تیز رفتاری سے دوڑنے والی چیز کون سی ہے؟" تو برائے مہربانی 'ارشد ندیم' کا نام نہ لیجیے گا۔ صحیح جواب ہے ڈالر کا ریٹ اور مہنگائی کی رفتار!

پاکستان کی معیشت کا جہاں بھی ذکر آتا ہے، سنجیدہ سے سنجیدہ بندہ یا تو سر پکڑ کر بیٹھ جاتا ہے یا پھر ہنس ہنس کر بے حال ہو جاتا ہے، کیونکہ یہاں معیشت کا گراف کسی دل کے مریض کی ای سی جی (ECG) جیسا ہے کہ ایک لمحے میں اوپر، اگلے ہی لمحے غائب! دنیا میں معیشت کو سمجھنے کیلئے 'ایڈم سمتھ' اور 'کینز' جیسے معاشیات دانوں کو پڑھا جاتا ہے، لیکن پاکستان میں معیشت کو سمجھنے کے لئے صرف ایک چیز کی ضرورت ہے اور وہ ہے صبرِ ایوب!

ہمارے ملک میں روپے اور ڈالر کا تعلق بالکل وہی ہے جو فلموں میں ایک ظالم ساس اور مظلوم بہو کا ہوتا ہے۔ ڈالر جب بھی موڈ میں آتا ہے، روپے کو دھکا دے کر نیچے گرا دیتا ہے۔ روپیہ بے چارہ نچلے گڑھے میں گر کر التجا کرتا ہے کہ ڈالر بھائی! کچھ تو رحم کھاؤ، آخر میں بھی ایک کرنسی ہوں! لیکن ڈالر مسکرا کر جواب دیتا ہے کہ تم کرنسی کہاں ہو، تم تو اب صرف ردی کا کاغذ ہو جس پر قائداعظم کی تصویر چھپی ہے! پہلے زمانے میں جب کوئی غریب ہوتا تھا تو لوگ کہتے تھے کہ "یہ بندہ پاؤں پر کھڑا نہیں ہو سکتا"۔ آج کل صورتحال یہ ہے کہ بندہ اپنے پاؤں پر تو کیا، اپنی جیب پر بھی کھڑا نہیں ہو سکتا۔ اگر آپ کی جیب میں ہزار کا نوٹ ہے، تو دکان میں داخل ہوتے ہی وہ نوٹ یوں غائب ہوتا ہے جیسے گدھے کے سر سے سینگ!

آج کل پاکستان میں بجلی کا بل نہیں آتا، بلکہ "سزائے موت" کا پروانہ آتا ہے۔ یونٹ چاہے آپ نے چالیس ہی استعمال کیے ہوں (جس میں صرف ایک پنکھا اور ایک ایل ای ڈی بلب شامل تھا)، لیکن بل دیکھ کر لگتا ہے کہ آپ نے پورہ شہر لاہور اپنے گھر کے میٹر سے روشن کر رکھا تھا! بل میں اتنے قسم کے ٹیکس شامل ہوتے ہیں کہ بندہ سوچنے پر مجبور ہو جاتا ہے کہ جی ایس ٹی (GST) ٹھیک ہے، حکومت کا حق ہے۔ فیول ایڈجسٹمنٹ چلو مان لیا، تیل مہنگا ہے۔ جہاں تک ٹی وی فیس کا تعلق ہے تو ہم تو ٹی وی پر صرف نیوز چینل دیکھ کر کڑھتے ہیں، اس کی بھی فیس؟ جہاں تک نیلم جہلم ایڈجسٹمنٹ کا تعلق ہے تو حکومت کو خدا کا خوف کرنا چاہیئے، کیونکہ نیلم جہلم کا پانی ہمارے گھر کے نلکے میں تو نہیں آ رہا! اب تو حالت یہ ہے کہ اگر کوئی رات کو پنکھا تیز کر دے، تو دوسرا گھر والا فوراً چیختا ہے کہ "اوئے پنکھا آہستہ کر! بجلی نہیں، ہماری جیب جل رہی ہے!"

معیشت کی بات ہو اور کچن کا ذکر نہ ہو، یہ تو ناممکن ہے۔ ٹماٹر اب سبزی نہیں رہا، بلکہ ایک 'اسٹیٹس سمبل' بن چکا ہے۔ جس کے گھر میں دو کلو ٹماٹر فریج میں رکھے ہوں، اسے محلے میں سیٹھ سمجھا جاتا ہے۔ مرغی کا گوشت دیکھ کر اب غریبوں کے بچوں کو صرف خواب میں ہی خوشبو آتی ہے۔ مرغی خود بھی حیران ہے کہ وہ اتنی قیمتی کب سے ہو گئی۔ صرافہ بازار جاؤ تو سنار بتاتا ہے کہ "سونا تین۔ چار لاکھ کا تولہ ہو گیا ہے!" بندہ آگے سے کہتا ہے: "بھیا! ہمیں سونا نہیں چاہیئے، ہمیں بس لوہا ہی دے دو تاکہ ہم اپنا دل مضبوط کر سکیں!"

ہمارا اور آئی ایم ایف کا رشتہ ایسا ہے جیسے کسی پرانے قرض دار اور قسطیں وصول کرنے والے پٹھان کا ہوتا ہے۔ ہر تین ماہ بعد آئی ایم ایف کا وفد اسلام آباد کے ہوائی اڈے پر اترتا ہے۔ ہمارے وزیر خزانہ اپنا روایتی 'کشکولِ زر' اٹھائے ان کے استقبال کیلئے کھڑے ہوتے ہیں۔ آئی ایم ایف والے کہتے ہیں کہ دیکھو بھائی! قرضہ تو مل جائے گا، لیکن پہلے بجلی، گیس، پیٹرول، اور سانس لینے پر 50 فیصد مزید ٹیکس لگاؤ! وزیر خزانہ خوشی سے جھومتے ہوئے کہتے ہیں کہ حضور! آپ صرف سانس کی بات کرتے ہیں؟ ہم تو عوام کے جینے پر بھی ٹیکس لگا دیں گے، آپ بس قسط جاری کریں!

بجٹ جب بھی آتا ہے، تو ٹی وی پر ایک ہی جملہ سنائی دیتا ہے کہ یہ ایک عوام دوست بجٹ ہے! مگر اس دوست کی دوستی کا نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ اگلے دن عوام کی جیب میں ایک روپیہ بھی باقی نہیں بچتا۔ اگر یہ عوام دوست بجٹ ہے، تو خدانہ کرے کہ کبھی 'عوام دشمن' بجٹ آئے! گاڑی اور موٹر سائیکل چلانا اب کوئی ضرورت نہیں، بلکہ ایک انتہائی مہنگا مشغلہ (Hobby Expensive) بن چکا ہے۔ پہلے زمانے میں جب لوگ پٹرول پمپ پر جاتے تھے تو کہتے تھے: "بھائی! ٹینک فل کر دو، سفر لمبا ہے!"

نان فائلر اور فائلر کا چکر بھی عجب ہے۔ نان فائلر وہ ہے جو ٹیکس نہیں دیتا، اور فائلر وہ ہے جو ٹیکس دینے کے بعد اب اس قابل بھی نہیں رہا کہ روٹی کھا سکے۔ حکومت کا بس چلے تو وہ اس بات پر بھی ٹیکس لگا دے کہ آپ آج کتنی بار خوشگوار موڈ میں مسکرائے تھے۔

پاکستان کی معیشت کا سب سے بڑا حسن یہ ہے کہ یہ تمام تر معاشی اصولوں، منطق، اور سائنس کے خلاف چل رہی ہے۔ دنیا کا کوئی معاشی فارمولا اس پر لاگو نہیں ہوتا۔ دنیا میں جب کسی ملک کے پاس پیسے ختم ہوتے ہیں تو وہ ڈیفالٹ کر جاتا ہے، لیکن ہم وہ واحد قوم ہیں جو بغیر پیسے کے بھی پچھلے ستر سال سے ہنس کھیل کر زندگی گزار رہے ہیں!

سچ تو یہ ہے کہ پاکستان کی معیشت کو اب کسی معاشی ماہر یا وزیر خزانہ کی نہیں، بلکہ کسی اچھے سے 'عامل' 'تعویذ دھاگے' والے کی ضرورت ہے، کیونکہ جو معیشت دعاؤں، امیدوں اور قوم کے قہقہوں پر چل رہی ہو، اسے دنیا کی کوئی طاقت نہیں ڈبو سکتی!

☆☆☆

کیچ میں بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشیٹو ترقیاتی فنڈز اور عوامی توقعات

تحریر: چاکر بلوچ

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے تحت بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشیٹو (BSDI) حکومت بلوچستان کا ایک اہم ترقیاتی پروگرام ہے، جس کا مقصد صوبے کے پسماندہ اضلاع میں بنیادی سہولیات کی فراہمی، عوامی معیارِ زندگی میں بہتری اور مقامی ضروریات کے مطابق ترقیاتی منصوبوں پر عمل درآمد ہے۔ بلوچستان کے دیگر اضلاع کی طرح ضلع کیچ بھی ان اضلاع میں شامل ہے جہاں اس پروگرام کے تحت مختلف منصوبوں کے لیے فنڈز مختص کیے گئے۔ ضلع کیچ میں BSDI کے تحت پینے کے صاف پانی، سڑکوں کی تعمیر و مرمت، تعلیمی اداروں کی بحالی، صحت کی سہولیات میں بہتری، سولر توانائی اور دیگر بنیادی ڈھانچے سے متعلق متعدد منصوبے شروع کیے گئے۔ ان منصوبوں کا مقصد دور دراز علاقوں تک ترقی کے ثمرات پہنچانا اور عوام کو بنیادی سہولیات فراہم کرنا ہے۔ بلیدہ، دشت، تمپ اور دیگر علاقوں میں واٹر سپلائی اسکیمیں، سولرائزیشن، اسکولوں اور دیہی سڑکوں کے منصوبے مقامی آبادی کی دیرینہ ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے منظور کیے گئے۔ اگر یہ منصوبے معیاری انداز میں مکمل ہوں تو ہزاروں خاندانوں کو براہ راست فائدہ پہنچ سکتا ہے۔ ترقیاتی فنڈز کی کامیابی کا انحصار صرف رقم مختص کرنے پر نہیں بلکہ شفافیت، بروقت تکمیل اور معیاری تعمیر پر بھی ہوتا ہے۔ عوام کی توقع ہے کہ ہر منصوبہ مقررہ مدت میں مکمل ہو اور اس کے لیے مختص فنڈز درست طور پر استعمال کیے جائیں۔ اس حوالے سے حکومتی پالیسی واضح ہے کہ تمام منصوبوں کی تفصیلات، لاگت، کنٹریکٹرز، تکمیل کی مدت اور پیش رفت عوام کے سامنے لائے جائینگے تاکہ احتساب اور شفافیت کو یقینی بنایا جا سکے۔ اس سے عوام کا اعتماد بھی بڑھے گا اور منصوبوں کی نگرانی مؤثر ہوگی۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے منتخب عوامی نمائندوں، ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ محکموں پر یہ ذمہ داری عائد کی ہے کہ وہ باقاعدگی سے منصوبوں کا معائنہ کریں اور ناقص یا سست رفتار کام پر فوری کارروائی کریں۔ ضلع کیچ جیسے وسیع رقبے کے حامل علاقے میں پانی، تعلیم، صحت اور سڑکوں کے مسائل بنیادی نوعیت کے ہیں۔ اگر BSDI کے منصوبے کامیابی سے مکمل ہوتے ہیں تو یہ نہ صرف عوامی مشکلات کم کریں گے بلکہ معاشی سرگرمیوں اور روزگار کے مواقع میں بھی اضافہ ہوگا۔ اس کے ساتھ ساتھ مقامی آبادی، سماجی تنظیموں اور میڈیا کو بھی ترقیاتی منصوبوں کی نگرانی میں مثبت کردار ادا کرنا چاہیے تاکہ عوامی وسائل کا درست استعمال یقینی بنایا جا سکے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل کے بعد ان کی دیکھ بھال کے لیے بھی مناسب فنڈز اور نظام وضع کیا جائے، کیونکہ کئی منصوبے تعمیر کے بعد مناسب دیکھ بھال نہ ہونے کے باعث جلد غیر فعال ہو جاتے ہیں۔ بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشیٹو ضلع کیچ کے لیے ایک اہم موقع ہے۔ اگر اس پروگرام کے تحت مختص فنڈز بروقت اور منصوبہ بندی کے ساتھ خرچ کیے جائیں تو یہ ضلع کیچ کی ترقی، عوامی خوشحالی اور بنیادی سہولیات کی فراہمی میں ایک اہم سنگِ میل ثابت ہو سکتا ہے۔

بقیہ 1

2019ء کو بھارتی حکومت نے مقبوضہ جموں و کشمیر کی خصوصی آئینی حیثیت ختم کر کے غیر قانونی اقدام کیا تھا، انہوں نے کہا کہ 5 اگست 2019 کو بھارتی حکومت نے ایک ایسا فیصلہ کیا جس کے اثرات آج بھی پورے خطے میں محسوس کیے جاتے ہیں۔ آرٹیکل 370 اور 35A کی منسوخی کے بعد جموں و کشمیر کی خصوصی حیثیت ختم کر دی گئی اور اسے دو وفاقی یونین ٹیریٹریز، جموں و کشمیر اور لداخ، میں تقسیم کر دیا گیا۔ بھارت نے اپنی طاقت سے اس اقدام کو قومی یکجہتی، بہتر حکمرانی اور ترقی کی جانب ایک اہم قدم قرار دیا، جبکہ پاکستان اور کشمیری قیادت نے اسے اقوام متحدہ کی قراردادوں اور تاریخی حقائق کے منافی قرار دیتے ہوئے مسترد کر دیا، میر محمد صادق عمرانی نے مزید کہا کہ پاکستان کے عوام شروع دن سے کشمیری بھائیوں کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت جاری رکھے ہوئے ہیں، یومِ استحصال کشمیر عالمی برادری کے لیے سفارتی پیغام ہے کہ کشمیر کا مسئلہ ابھی تک حل طلب ہے۔

بقیہ 2

سردار عبداللہ خان، ڈی سی سپرنٹنڈنٹ جعفر خان ترین، ڈی سی سپرنٹنڈنٹ محمد شفیق خان اور مختلف سرکاری محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں 14 اگست یومِ آزادی کی تقریبات کو قومی جذبے اور شایانِ شان انداز میں منانے کے لیے کیے گئے انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر قومی پرچم کشائی، سرکاری عمارتوں کی سجاوٹ، صفائی مہم، شجرکاری، تعلیمی اداروں میں خصوصی پروگراموں، ریلیوں، قومی تقریبات اور عوامی آگاہی مہم کے انعقاد سے متعلق امور پر غور کیا گیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر منور حسین مگسی نے کہا کہ یوم آزادی قومی اتحاد، یکجہتی اور حب الوطنی کے جذبے کو فروغ دینے کا اہم موقع ہے۔ انہوں نے تمام متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ باہمی تعاون اور مؤثر رابطے کے ذریعے تقریبات کو کامیاب بنایا جائے تاکہ عوام بھرپور انداز میں قومی خوشیوں میں شریک ہو سکیں۔ اجلاس میں مون سون بارشوں کے پیش نظر ممکنہ ہنگامی صورتحال، نشیبی علاقوں سے پانی کی نکاسی، نالوں کی صفائی، سڑکوں کی بحالی، ٹریفک کی روانی، ریسکیو اقدامات اور دیگر حفاظتی انتظامات کا بھی تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ اپنی مشینری، عملے اور ضروری وسائل کو ہمہ وقت تیار رکھیں تاکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں فوری اور مؤثر کارروائی کو یقینی بنایا جا سکے

بقیہ 3

ملازمین، شہریوں، طلبہ اور اقلیتی برادری کے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی ریلی کا آغاز ڈپٹی کمشنر آفس سے ہوا اور مختلف شاہراہوں سے گزرتے ہوئے ٹھنڈی سڑک پر اختتام پذیر ہوئی۔ شرکاء نے ہاتھوں میں پاکستان کے سبز ہلالی پرچم اور کشمیر کے جھنڈے اٹھا رکھے تھے جبکہ " کشمیر بنے گا پاکستان"، "ہم کشمیری عوام کے ساتھ ہیں" اور بھارت کے غیر قانونی اقدامات کے خلاف فلک شگاف نعرے بھی لگائے گئے ریلی میں اسسٹنٹ کمشنر منصور علی شاہ، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر عبدالستار لانگو، اسسٹنٹ ای ٹی او چوہدری وسیم احمد، انسپکٹر ایکسائز، ٹیکسیشن اینڈ نارکوٹکس عبدالرحمٰن جتوئی، پی پی آئی انچارج سعید احمد بگٹی، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر عبدالقادر ہارون سمیت دیگر ضلعی افسران، مختلف سرکاری محکموں کے اہلکار، شہریوں اور اقلیتی برادری کے نمائندوں نے شرکت کی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر سیوی میجر (ر) الیاس کبزئی نے کہا کہ 5 اگست 2019 کو بھارت کی جانب سے مقبوضہ جموں و کشمیر کی خصوصی آئینی حیثیت ختم کرنا اقوام متحدہ کی قراردادوں اور بین الاقوامی قوانین کی کھلی خلاف ورزی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کشمیری عوام کے حقِ خودارادیت کی بھرپور حمایت جاری رکھے گا اور کشمیریوں کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت سے کبھی دستبردار نہیں ہوگا انہوں نے کہا کہ یومِ استحصال کشمیر منانے کا مقصد دنیا کو یہ باور کرانا ہے کہ کشمیری عوام گزشتہ کئی دہائیوں سے اپنے بنیادی حقوق اور آزادی کے لیے جدوجہد کر رہے ہیں۔ عالمی برادری کو چاہیے کہ وہ مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کا نوٹس لے اور کشمیری عوام کو اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حقِ خودارادیت دلانے میں اپنا کردار ادا کرے

بقیہ 4

عوام کو درپیش دیگر سنگین مسائل کے خلاف 7 اگست کی قومی پہیہ جام ہڑتال عوام کے حقوق کی جدوجہد ہے۔ اس قومی ہڑتال میں ٹرک و بس ایسوسی ایشنز، تمام ٹرانسپورٹرز، تاجر برادری، مزدور، کسان، نوجوان، طلبہ اور ہر طبقہ فکر سے تعلق رکھنے والے افراد بھرپور شرکت کریں تاکہ عوامی مسائل کو مؤثر انداز میں اجاگر کیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی نے 7 اگست کی ہڑتال کو کامیاب بنانے کے لیے صوبے بھر میں مشاورت مکمل کر لی ہے اور مختلف اضلاع و شاہراہوں پر ذمہ داریاں تقسیم کر دی گئی ہیں۔ ان شاء اللہ کوئٹہ-چمن شاہراہ، کوئٹہ-ژوب قومی شاہراہ (N-50)، کوئٹہ-سبی-سکھر شاہراہ (N-65)، کوئٹہ-قلات-خضدار-کراچی قومی شاہراہ (N-25)، کوئٹہ-مستونگ-نوکنڈی-تفتان شاہراہ (N-40)، گوادر-تربت-ہوشاب-خضدار شاہراہ (M-8)، گوادر-پسنی-اورماڑہ-کراچی ساحلی شاہراہ (N-10) سمیت بلوچستان کی تمام اہم قومی و بین الاضلاعی شاہراہوں پر پرامن احتجاج اور پہیہ جام ہڑتال ہوگی۔ ہر ضلع میں مقامی قیادت، ٹرانسپورٹرز اور تاجر تنظیموں کے تعاون سے ہڑتال کو منظم اور پرامن بنایا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ میں ٹرک اور بس ایسوسی ایشنز کے ذمہ داران سے ملاقات کے دوران کیا۔ ملاقات میں 7 اگست کو ہونے والی پہیہ جام ہڑتال، شاہراہوں پر انتظامات، ٹرانسپورٹرز کے کردار، عوامی تعاون اور مختلف اضلاع میں ہڑتال کے طریقہ کار پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر ٹرک و بس یونینز اور ٹرانسپورٹ ایسوسی ایشنز کے ذمہ داران نے متفقہ طور پر 7 اگست کی قومی پہیہ جام ہڑتال کی مکمل حمایت کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے عوام عرصہ دراز سے بدامنی، معاشی بدحالی، بارڈرز کی بندش، مہنگائی، بھتہ خوری، شاہراہوں پر عدم تحفظ اور دیگر سنگین مسائل کا شکار ہیں۔ ان حالات میں عوام کی آواز بلند کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے، لہٰذا ٹرانسپورٹرز اس عوامی جدوجہد میں بھرپور کردار ادا کریں گے۔ مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے مزید کہا کہ جماعت اسلامی کی جدوجہد عوام کے بنیادی حقوق، امن کے قیام، بارڈرز کی بحالی، لاپتہ افراد کی بازیابی، کرپشن کے خاتمے اور بلوچستان کے وسائل پر عوام کے حق کے لیے ہے۔ انہوں نے عوام، ٹرانسپورٹرز، تاجروں اور تمام شعبہ ہائے زندگی سے وابستہ افراد سے اپیل کی کہ وہ 7 اگست کی پرامن قومی ہڑتال میں بھرپور شرکت کر کے ظلم، ناانصافی، بدعنوانی اور عوام دشمن پالیسیوں کے خلاف متحد ہو کر اپنا مؤثر احتجاج ریکارڈ کرائیں۔

بقیہ 5

شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی تقریب میں ایس ایس پی لورالائی ڈاکٹر فہد احمد، اسسٹنٹ کمشنر لورالائی ندیم اکرم، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر علی نواز سمیت دیگر سرکاری افسران بھی موجود تھے۔ قومی پرچم کشائی کے بعد قومی ترانہ پیش کیا گیا، جبکہ شرکاء نے ملکی سلامتی، استحکام اور مقبوضہ جموں و کشمیر کے عوام کے لیے خصوصی دعائیں کیں بعد ازاں کشمیری عوام سے اظہارِ یکجہتی کے لیے ایک ریلی نکالی گئی جو ڈپٹی کمشنر آفس سے شروع ہو کر شہر کی مختلف شاہراہوں سے گزری۔ ریلی کے شرکاء نے قومی پرچم، بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جن پر کشمیری عوام کی حمایت، حقِ خودارادیت کے حق میں اور بھارتی اقدامات کے خلاف نعرے درج تھے۔ شرکاء نے مقبوضہ کشمیر کے عوام سے مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے عالمی برادری سے مسئلہ کشمیر کے منصفانہ اور پائیدار حل کے لیے مؤثر کردار ادا کرنے کا مطالبہ بھی کیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر محمد حبیب شجاع نے کہا کہ 5 اگست 2019 جنوبی ایشیا کی تاریخ کا ایک اہم دن ہے، جب بھارت نے مقبوضہ جموں و کشمیر کی خصوصی آئینی حیثیت ختم کر کے یکطرفہ اقدامات کیے، جو اقوامِ متحدہ کی قراردادوں اور بین الاقوامی قوانین کے منافی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ہمیشہ کشمیری عوام کے حقِ خودارادیت کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت جاری رکھے گا اور کشمیری عوام کی جدوجہد کو کبھی تنہا نہیں چھوڑے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ یومِ استحصالِ کشمیر منانے کا مقصد عالمی برادری کی توجہ مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی صورتحال، بنیادی آزادیوں پر عائد پابندیوں اور کشمیری عوام کو درپیش مسائل کی جانب مبذول کرانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کا ہر شہری کشمیری بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ کھڑا ہے اور ان کے جائز حقوق کے حصول تک اپنی حمایت جاری رکھے گا۔ تقریب سے خطاب کرنے والے دیگر مقررین نے بھی کشمیری عوام کی قربانیوں کو خراجِ تحسین پیش کیا اور اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان کشمیری عوام کی منصفانہ جدوجہد کی ہر سطح پر حمایت جاری رکھے گا۔ مقررین نے کہا کہ مسئلہ کشمیر اقوامِ متحدہ کی قراردادوں کے مطابق کشمیری عوام کی خواہشات کے مطابق حل ہونا چاہیے

بقیہ 6

وہ دیانتداری، میرٹ، قانون کی بالادستی اور عوامی خدمت کو اپنی پیشہ ورانہ زندگی کا شعار بنائیں۔ کمشنر سیوی ڈویژن نے اپنے خطاب میں کہا کہ نائب تحصیلدار ریونیو انتظامیہ کا بنیادی ستون ہیں اور ان پر عوام کے جان و مال کے تحفظ، زمینوں کے ریکارڈ کی درستگی، ریونیو امور اور انصاف کی بروقت فراہمی جیسی اہم ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نئی نسل کے افسران جدید تقاضوں سے ہم آہنگ ہو کر اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں، شفافیت کو فروغ دیں اور عوام کے مسائل کے حل کو اپنی اولین ترجیح بنائیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت بلوچستان نوجوان اور باصلاحیت افسران کی پیشہ ورانہ تربیت پر خصوصی توجہ دے رہی ہے تاکہ ایک مؤثر، جدید اور عوام دوست ریونیو نظام قائم کیا جا سکے۔ اس موقع پر بتایا گیا کہ نئے تعینات ہونے والے نائب تحصیلداروں کو 16 ماہ پر مشتمل جامع پیشہ ورانہ تربیت دی جائے گی۔ تربیتی پروگرام کے پہلے 6 ماہ میں پٹواری کے ساتھ عملی تربیت، جمعبندی، فرد، انتقال، گرداوری، فصلوں کے معائنے، فیلڈ میپ، سرکاری اراضی کے تحفظ، ریونیو وصولی اور Land Based-GIS System Management Information (LIMS) کی عملی تربیت شامل ہوگی۔ اس کے بعد 4 ماہ ریونیو کورٹ میں عدالتی امور، اسسٹنٹ کلیکٹر کے فرائض اور سب رجسٹرار کے دفتر میں رجسٹریشن کے عملی مراحل سکھائے جائیں گے

بقیہ 7

یکطرفہ اقدامات کے خلاف بھرپور آواز بلند کرنا تھا۔ ریلی کی قیادت حریت رہنما حسن بنہ، اسسٹنٹ کمشنر (سٹی) محمد امیر حمزہ، اسسٹنٹ کمشنر (صدر) محمد یوسف ہاشمی اور چیف میونسپل آفیسر میٹروپولیٹن کارپوریشن نذر زہری نے کی۔ اس موقع پر ضلعی انتظامیہ کے افسران، مختلف سرکاری محکموں کے ملازمین، سول سوسائٹی کے نمائندگان، طلبہ اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ ریلی ڈپٹی کمشنر آفس سے شروع ہوئی اور شہر کی مختلف شاہراہوں سے گزرتے ہوئے دوبارہ ڈپٹی کمشنر آفس پہنچ کر اختتام پذیر ہوئی۔ شرکاء نے ہاتھوں میں قومی پرچم، کشمیری عوام سے اظہارِ یکجہتی پر مبنی بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے، جبکہ پورے راستے میں کشمیری عوام کے حقِ خودارادیت کے حق میں اور بھارتی مظالم کے خلاف بھرپور نعرے لگائے گئے۔ اس موقع پر مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 5 اگست 2019 کو بھارت نے مقبوضہ جموں و کشمیر کی خصوصی آئینی حیثیت ختم کر کے بین الاقوامی قوانین، اقوام متحدہ کی قراردادوں اور کشمیری عوام کے بنیادی حقوق کی کھلی خلاف ورزی کی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کشمیری عوام کی اخلاقی، سفارتی اور سیاسی حمایت ہر سطح پر جاری رکھے گا اور مسئلہ کشمیر کے منصفانہ اور پائیدار حل تک اپنی حمایت سے کبھی دستبردار نہیں ہوگا

بقیہ 8

صورتحال، کشمیری عوام کی جدوجہد حقِ خودارادیت اور خطے کی مجموعی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر حسن بنانے کشمیری عوام کے ساتھ اظہارِ یکجہتی اور مسئلہ کشمیر کو ہر سطح پر اجاگر کرنے کے حوالے سے حکومت بلوچستان اور وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کے مؤقف اور اقدامات کو سراہا۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ مسئلہ کشمیر اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں کے مطابق حل طلب ایک بین الاقوامی تنازع ہے، جس کا منصفانہ اور پائیدار حل کشمیری عوام کو ان کا بنیادی حق، یعنی حقِ خودارادیت فراہم کیے بغیر ممکن نہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور بلوچستان کے عوام اپنے کشمیری بھائیوں کے ساتھ ہمیشہ کھڑے رہے ہیں اور مستقبل میں بھی ان کی ہر ممکن سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت جاری رکھیں گے وزیر اعلیٰ نے کہا کہ کشمیری عوام نے بے مثال قربانیاں دے کر آزادی کی جدوجہد کو زندہ رکھا ہے اور ان کی یہ قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔ انہوں نے عالمی برادری پر زور دیا کہ وہ مقبوضہ جموں و کشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کا نوٹس لے اور کشمیری عوام کو اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق اپنے مستقبل کا فیصلہ کرنے کا حق دلانے کے لیے مؤثر کردار ادا کرے۔

بقیہ 9

بنگلزئی کی قیادت میں ڈی سی کمپلیکس چمن سے ایک عظیم الشان اظہارِ یکجہتی ریلی نکالی گئی، ریلی میں ڈی ایس پی اشفاق احمد قبائلی عمائدین، مشران، مختلف سرکاری محکموں کے افسران، سیاسی و سماجی شخصیات، طلبہ اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ ریلی کے شرکاء نے " کشمیر بنے گا پاکستان" کے نعرے لگائے اور ایسے بینرز و پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے جن پر مقبوضہ جموں و کشمیر میں بھارتی مظالم، انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں اور ریاستی جبر کی مذمت درج تھی۔ ریلی شہر کے مختلف شاہراہوں سے گزری اور کشمیری عوام کے ساتھ بھرپور یکجہتی کا اظہار کیا گیا۔ ریلی کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر حبیب احمد بنگلزئی نے کہا کہ کشمیری عوام کی جدوجہدِ آزادی کو دبایا نہیں جا سکتا اور پاکستان کا ہر شہری ان کے حقِ خودارادیت کی حمایت کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مقبوضہ کشمیر میں بھارتی ظلم و بربریت اور انسانی حقوق کی پامالی کی شدید مذمت کرتے ہیں اور کشمیری عوام کی سیاسی، اخلاقی اور انسانی حمایت ہر سطح پر جاری رکھیں گے

بقیہ 10

تقریب ہیڈ مسٹریس محترمہ بلقیس سلیمان کی سربراہی میں منعقد ہوئی، جس میں ڈپٹی ڈی ای او محترمہ فرزانہ ریاض، سمیت اساتذہ کرام اور طالبات کی بڑی تعداد نے شرکت کی تقریب میں طالبات نے تقاریر، ملی نغمے اور دیگر سرگرمیوں کے ذریعے کشمیری عوام سے بھرپور اظہارِ یکجہتی کیا اور یومِ استحصالِ کشمیر کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ پروگرام کے اختتام پر تمام طالبات کی حوصلہ افزائی کے لیے نقد انعامات تقسیم کیے گئے، جبکہ کشمیر کے عوام کی آزادی، امن اور خوشحالی کے لیے خصوصی دعا بھی کی گئی۔

بقیہ 11

بروری روڈ کو ملانے والی سڑک، جہاں جامعہ بلوچستان کا سب کیمپس واقع ہے، بھی مکمل طور پر بند رہی۔ سڑکوں کی بندش کے باعث شہر میں ٹریفک کا نظام بری طرح متاثر ہوا اور مختلف شاہراہوں پر گاڑیوں کی طویل قطاریں لگ گئیں۔ شدید گرمی میں سرکاری و نجی ملازمین، طلبہ، مریضوں اور عام شہریوں کو اپنی منزل تک پہنچنے میں شدید دشواری کا سامنا کرنا پڑا۔ متبادل راستوں پر غیر معمولی ٹریفک کے دباؤ کے باعث کئی علاقوں میں آمد و رفت سست روی کا شکار رہی۔ شہریوں نے شدید ردِعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ چند فیصد اہم شخصیات کی سیکیورٹی کے لیے لاکھوں شہریوں کی روزمرہ زندگی کو مفلوج کرنا مناسب نہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ بار بار سڑکوں کی بندش سے ملازمین کی حاضری، طلبہ کی تعلیم، کاروباری سرگرمیاں اور مریضوں کی بروقت اسپتال رسائی متاثر ہوتی ہے

بقیہ 12

حیثیت کو یکطرفہ طور پر تبدیل کرتے ہوئے کشمیری عوام کے بنیادی، سیاسی اور انسانی حقوق پر ایک اور کاری ضرب لگائی۔ گزشتہ سات برسوں سے کشمیری عوام مسلسل ظلم، محاصرے، انسانی حقوق کی پامالی، سیاسی جبر اور آبادی کے تناسب کو تبدیل کرنے کی کوششوں کا سامنا کر رہے ہیں، مگر ان کے جذبہ حریت کو دبایا نہیں جا سکا۔ انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام کی آزادی کی جدوجہد کسی سرحد یا خطے کا نہیں بلکہ انسانی وقار، انصاف اور حقِ خودارادیت کا مسئلہ ہے۔ دنیا کی مہذب اقوام، اقوام متحدہ اور عالمی انسانی حقوق کی تنظیموں کی ذمہ داری ہے کہ وہ مقبوضہ کشمیر میں ہونے والی انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کا مؤثر نوٹس لیں اور کشمیری عوام کو ان کا بنیادی حق دلانے کے لیے عملی کردار ادا کریں۔ ڈاکٹر حمیرا طارق نے کہا کہ پاکستانی قوم، خصوصاً خواتین، اپنے کشمیری بہن بھائیوں کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتی ہیں۔ کشمیری ماؤں، بہنوں اور بچوں نے جس صبر، استقامت اور قربانی کا مظاہرہ کیا ہے وہ پوری امتِ مسلمہ کے لیے عزم و حوصلے کی مثال ہے

بقیہ 13

آر ایس پی (BRSP) انڈس ہسپتال ٹی کے ایف (TKF) اسلامک ریلیف، منزل آرگنائزیشن اور برائٹ اسٹار شامل ہیں معائنے کے دوران ہر ادارے کی مجموعی کارکردگی جاری و مکمل شدہ منصوبوں کی نوعیت عوامی فلاح و بہبود کے لیے کیے جانے والے عملی اقدامات فراہم کی جانے والی سہولیات اور ان کے ثمرات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اس کے ساتھ ساتھ عملے کی حاضری پیشہ ورانہ اہلیت ذمہ داریوں کی تقسیم اور دفاتر میں ریکارڈ کی دستیابی و درستگی کو بھی جانچا گیا تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ تمام امور منظم اور شفاف انداز میں انجام دیے جا رہے ہیں حکام نے این او سی (NOC) کی قانونی حیثیت رجسٹریشن کے تقاضوں اور حکومتی پالیسیوں و ہدایات پر عملدرآمد کا بھی باریک بینی سے جائزہ لیا اس موقع پر متعلقہ اداروں کے ذمہ داران سے تفصیلی بریفنگ لی گئی ان سے جاری منصوبوں کی پیش رفت، فنڈز کے استعمال اور درپیش مسائل کے بارے میں آگاہی حاصل کی گئی انہیں سختی سے ہدایت کی گئی کہ تمام سرگرمیاں مکمل طور پر حکومتی قواعد و ضوابط، شفافیت اور جوابدہی کے اصولوں کے تحت انجام دی جائیں مزید برآں نان لوکل ملازمین کی تعیناتیوں کا خصوصی طور پر جائزہ لیا گیا تاکہ اس امر کو یقینی بنایا جا سکے کہ مقامی افراد کو ترجیحی بنیادوں پر روزگار کے مواقع فراہم کیے جائیں حکام نے واضح کیا کہ مقامی افراد کے حقوق کا تحفظ ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے اور کسی بھی سطح پر ان کے ساتھ ناانصافی برداشت نہیں کی جائے گی بھرتیوں کے عمل میں میرٹ، شفافیت اور مقامی کوٹہ کی پاسداری پر زور دیا گیا دورے کے دوران یہ بھی ہدایت کی گئی کہ تمام این جی اوز اپنی سرگرمیوں کی باقاعدہ رپورٹس ضلعی انتظامیہ کے ساتھ شیئر کریں تاکہ ان کی کارکردگی کی مسلسل نگرانی ممکن ہو سکے

بقیہ 14

ملازمین، اساتذہ، طلبہ، پولیس، ریسکیو اہلکاروں، سول سوسائٹی کے نمائندوں، سماجی شخصیات اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی ریلی کا آغاز ڈپٹی کمشنر آفس سے ہوا، جہاں سے شرکاء مختلف شاہراہوں سے ہوتے ہوئے اپنے مقررہ مقام تک پہنچے۔ شرکاء نے ہاتھوں میں قومی پرچم، کشمیری عوام سے اظہارِ یکجہتی کے بینرز اور پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے، جن پر " کشمیر بنے گا پاکستان"، "ہم کشمیری عوام کے ساتھ ہیں"، "حقِ خودارادیت کشمیریوں کا بنیادی حق ہے" اور بھارتی مظالم کے خلاف مختلف نعرے درج تھے۔ ریلی کے دوران شرکاء نے پرامن انداز میں کشمیری عوام کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کیا اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کچھی ممتاز کھیتران نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 5 اگست 2019 جنوبی ایشیا کی تاریخ کا ایک افسوسناک دن ہے، جب بھارت نے مقبوضہ جموں و کشمیر کی خصوصی آئینی حیثیت کو یکطرفہ طور پر ختم کر کے بین الاقوامی قوانین اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کی خلاف ورزی کی۔ انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام کئی دہائیوں سے اپنے بنیادی حق، یعنی حقِ خودارادیت کے حصول کے لیے بے مثال قربانیاں دے رہے ہیں، اور پاکستان کی حکومت اور عوام ہمیشہ ان کے ساتھ کھڑے ہیں انہوں نے کہا کہ یومِ استحصالِ کشمیر منانے کا مقصد عالمی برادری کی توجہ مقبوضہ کشمیر میں جاری انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں، ظلم و جبر اور کشمیری عوام کی مشکلات کی جانب مبذول کرانا ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان کشمیری عوام کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت ہر سطح پر جاری رکھے گا اور ان کی جائز جدوجہد کو کبھی تنہا نہیں چھوڑے گا

بقیہ 15

لمیٹی گنداواہ مشتاق احمد ترین، ڈسٹرکٹ فاریسٹ آفیسر عابد علی سومرو، ایس ڈی او اریگیشن فرخ شہزاد کھوکھر، ایس ڈی او پبلک ہیلتھ انجینئرنگ جھل مگسی محمد طاہر لہڑی، سول سوسائٹی اساتذہ کرام اور اسکولوں کے طلباء کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ سیمینار کا آغاز تلاوت کلام پاک سے کیا گیا بعد ازاں طلباء اپنے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بھارت نے پانچ اگست 2019 کے بعد جموں کشمیر کو فوجی چھاؤنی میں تبدیل کر دیا ہے بھارت کا یہ رویہ اقوام متحدہ کی قراردادوں کی کھلی خلاف ورزی ہے بھارت بین الاقوامی اداروں کو کشمیر میں جانے کی اجازت دے تاکہ حقائق دنیا کے سامنے کھرے ہو کر سامنے آئیں کشمیریوں کے حقوق ختم کرنا بھارت کی خام خیالی ہے بھارت کشمیر میں مسلمانوں کو اقلیت میں تبدیل کرنا چاہتا ہے اور اس کا یہ ڈھونگ پوری دنیا کے سامنے عیاں ہو چکا ہے انہوں نے کہا کہ دنیا کی سب سے بڑی دہشت گرد فوج بھارتی مسلمانوں پر مظالم کے پہاڑ توڑ رہی ہے پانچ سال قبل بھارت نے مقبوضہ کشمیر میں جو خون کی ہولی کھیلنا چاہتے تھے کشمیریوں نے ان کا ڈٹ کر مقابلہ کیا مگر بھارت ایوان میں کشمیری عوام کے حقوق پر قدغن ڈالی گئی

بقیہ 16

، ایکسیئن بلڈنگ قاضی بلال احمد، ایکسیئن پبلک ہیلتھ انجینئرنگ حاجی امان اللہ شاہوانی، اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ عبدالرزاق کبدانی، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر شیر احمد بلوچ، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر مختیار احمد ڈومکی، میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ٹیچنگ ہسپتال ڈاکٹر مشتاق مہیم، ڈی ایس ایم پی پی ایچ آئی نور احمد کبدانی سمیت تمام متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشی ایٹو (BSDI) کے تحت جاری ترقیاتی اسکیموں، واپڈا کے واجبات، ریکوری اور دیگر اہم انتظامی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر خاران منیر احمد سومرو نے کہا کہ BSDI کے تحت جاری ترقیاتی منصوبے عوامی فلاح و بہبود میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں، جن سے بڑی تعداد میں شہری مستفید ہو رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آئندہ بھی ایسی منصوبہ بندی کو ترجیح دی جائے گی جس سے زیادہ سے زیادہ عوام کو براہِ راست فائدہ پہنچ سکے۔ ڈپٹی کمشنر خاران نے مزید کہا کہ صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب جان نوشیروانی، BSDI کے تحت محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ کی تمام واٹر سپلائی اسکیموں کو شمسی توانائی (سولر سسٹم) پر منتقل کرنے کے لیے بھرپور کوششیں کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسی وژن کے تحت صحت، تعلیم اور دیگر عوامی خدمات سے وابستہ شعبوں میں جدید سہولیات کی فراہمی اور ترقیاتی منصوبوں کے ذریعے عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کیا جائے گا

بقیہ 17

خصوصی حیثیت سے متعلق کیے گئے یکطرفہ اقدامات نے بین الاقوامی قوانین، اقوام متحدہ کی متعلقہ قراردادوں اور عالمی اصولوں پر کئی سوالات کھڑے کیے، جس کے باعث اس دن کو یومِ استحصال کے طور پر یاد کیا جاتا ہے۔ اپنے ایک بیان میں نسیم الرحمٰن خان ملاخیل نے کہا کہ مسئلہ کشمیر اقوام متحدہ کے ایجنڈے پر موجود ایک تسلیم شدہ بین الاقوامی تنازع ہے، جس کا منصفانہ اور پائیدار حل اقوام متحدہ کی قراردادوں اور کشمیری عوام کی خواہشات کے مطابق ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ خطے میں مستقل امن اور استحکام کے لیے ضروری ہے کہ تمام متعلقہ فریق بین الاقوامی قوانین اور سفارتی اصولوں کی پاسداری کریں۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ برسوں کے دوران مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی صورتحال پر مختلف بین الاقوامی اداروں اور تنظیموں کی جانب سے بارہا تشویش کا اظہار کیا گیا ہے۔ ان کے مطابق شہری آزادیوں، اظہارِ رائے، نقل و حرکت اور دیگر بنیادی حقوق سے متعلق سامنے آنے والی رپورٹس عالمی برادری کی فوری توجہ کی متقاضی ہیں۔ نسیم الرحمٰن خان ملاخیل نے حکومتِ پاکستان سے مطالبہ کیا کہ وہ مسئلہ کشمیر کو ہر بین الاقوامی فورم پر بھرپور انداز میں اجاگر کرے اور سفارتی سطح پر مؤثر اقدامات جاری رکھے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے ہمیشہ کشمیری عوام کے حقِ خودارادیت کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت کی ہے اور یہ حمایت آئندہ بھی جاری رہنی چاہیے

بقیہ 18

نصیر آباد مدثر ظفر کھوسہ نے سندھ حکام سے ملاقات کر کے متنازعہ سم نالے کا مشترکہ معائنہ کیا۔ اس موقع پر بلوچستان کے وفد نے ڈپٹی کمشنر جیکب آباد شہزاد احمد ساہی کو دوٹوک انداز میں آگاہ کیا کہ مین حیردین ڈرینیج سسٹم جیکب آباد کے اضافی پانی کا دباؤ برداشت کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتا، اگر سم نالے کا پانی اس میں شامل کیا گیا تو صحبت پور، جعفر آباد اور استا محمد جیسے اضلاع کو 2010ء کے سپر فلڈ جیسی تباہی کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ سپرنٹنڈنگ انجینئر مدثر ظفر کھوسہ نے واضح کیا کہ سندھ حکومت بہتر اور محفوظ حل تلاش کرنے کے لیے بلوچستان سے مشاورت اور باقاعدہ این او سی حاصل کرے تاکہ سرحدی اضلاع کے عوام کے خدشات دور کیے جا سکیں۔ اس پر ڈپٹی کمشنر جیکب آباد شہزاد احمد ساہی نے یقین دہانی کرائی کہ بلوچستان حکومت کی این او سی کے بغیر متنازعہ سم نالے پر کسی قسم کا تعمیراتی کام دوبارہ شروع نہیں کیا جائے گا اور بین الصوبائی ہم آہنگی کے بعد ہی آئندہ کا لائحہ عمل طے ہوگا۔ اجلاس اور معائنے میں ایس ایس پی صحبت پور خلیل احمد، ایگزیکٹو انجینئر جیکب آباد معظم علی، اسسٹنٹ کمشنر جعفر آباد دھیرج کالرہ اور سب ڈویژنل آفیسر عابد علی کھوسہ بھی موجود تھے۔

بقیہ 19

سب ڈویژنل افسران عابد علی پہنور، سجاد علی عمرانی سمیت دیگر متعلقہ افیسران شریک ہوئے۔ اجلاس میں پروجیکٹ کوآرڈینیٹر صالح شاہ نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ انٹیگریٹڈ ڈویلپمنٹ پیکیج برائے ڈیرہ مراد جمالی کے تحت شرقی سائیڈ پر 22 کلومیٹر بلیک ٹاپ سڑکیں، 26 کلومیٹر نئی واٹر سپلائی لائنیں مختلف قطر کی پائپ لائنوں سمیت، ایک پمپنگ اسٹیشن، دو واٹر ٹینک، دو اسٹوریج ٹینک، 30 ہزار گیلن گنجائش کا اوور ہیڈ ٹینک اور 23 کلومیٹر سے زائد جدید سیوریج سسٹم تعمیر کیا جا رہا ہے، جبکہ سات سولرائزڈ پمپنگ اسٹیشن بھی منصوبے کا حصہ ہیں۔ اجلاس میں منصوبے کو درپیش مسائل سے بھی آگاہ کیا گیا۔ اس موقع پر کمشنر صلاح الدین نورزئی نے کہا کہ ڈیرہ مراد جمالی شرقی سائیڈ پر تقریباً 2 ارب 50 کروڑ روپے کی لاگت سے جاری پروجیکٹ عوام کی زندگی میں مثبت تبدیلی لائے گا، اس لیے تعمیراتی معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ بالخصوص پینے کے صاف پانی، سیوریج نظام اور نالوں کی گریڈنگ پر خصوصی توجہ دی جائے، منصوبے کی مسلسل نگرانی یقینی بنائی جائے اور مستقبل کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے تمام ترقیاتی کام بروقت اور معیاری انداز میں مکمل کیے جائیں تاکہ عوام کی توقعات پر پورا اترا جا سکے۔

بقیہ 20

صرف قابلِ مذمت ہیں بلکہ یہ اقوام متحدہ کی قراردادوں اور عالمی قوانین کی بھی صریح خلاف ورزی ہیں میر شعیب نوشیروانی نے کہا کہ اہلِ بلوچستان بھارت کے ان اقدامات کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں اور کشمیری عوام کے حقِ خودارادیت کی مکمل حمایت کرتے ہیں۔ انہوں نے اس مناسبت سے کہا کہ مسئلہ کشمیر کا واحد منصفانہ اور پائیدار حل اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں اور کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق ہی ممکن ہے صوبائی وزیر نے کہا کہ عالمی برادری کو چاہیے کہ وہ مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کا مؤثر نوٹس لے، کشمیری عوام پر ہونے والے مظالم کو اجاگر کرے اور بھارت پر بین الاقوامی ذمہ داریوں کی پاسداری کے لیے دباؤ بڑھائے انہوں نے کہا کہ حکومتِ بلوچستان وفاقی حکومت کے ساتھ مکمل یک زبان ہو کر مطالبہ کرتی ہے کہ جس عزم اور مستقل مزاجی سے پاکستان گزشتہ کئی دہائیوں سے کشمیری عوام کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت کرتا آیا ہے، اسی ولولے کے ساتھ یہ جدوجہد آئندہ بھی جاری رکھی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور بلوچستان کے عوام اپنے کشمیری بہن بھائیوں کو کبھی تنہا نہیں چھوڑیں گے اور ان کے حقِ خودارادیت، آزادی اور انصاف کی جدوجہد کی ہر سطح پر حمایت جاری رکھیں گے میر شعیب نوشیروانی نے کہا کہ یومِ استحصالِ کشمیر اس عزم کا مصمم اظہار کرتا ہے کہ پاکستان اور اہلِ بلوچستان کشمیری عوام کے ساتھ ہر مشکل گھڑی میں کھڑے رہیں گے اور ان کے جائز حقوق کے حصول تک اپنی بھرپور حمایت اور کاوشیں جاری رکھیں گے۔

بقیہ 21

حیثیت کو تبدیل کرنے کی ناکام کوشش کی۔ انہوں نے کہا کہ یہ اقدامات اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں، بین الاقوامی قوانین اور انسانی حقوق کے مسلمہ اصولوں کی صریح خلاف ورزی ہیں، جنہیں پاکستان اور کشمیری عوام نے کبھی قبول نہیں کیا اور نہ ہی آئندہ کریں گے۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ یومِ استحصالِ کشمیر اس حقیقت کی یاد دہانی ہے کہ کشمیری عوام گزشتہ کئی دہائیوں سے اپنے بنیادی حقِ خودارادیت کے حصول کے لیے بے مثال قربانیاں دے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ظلم، جبر، محاصرے، جبری گمشدگیوں، ماورائے عدالت قتل، سیاسی کارکنوں کی گرفتاریوں اور اظہارِ رائے پر پابندیوں کے باوجود کشمیری عوام کے حوصلے پست نہیں ہوئے۔ سیدال خان ناصر نے کہا کہ بھارت کی جانب سے آبادی کے تناسب میں تبدیلی، غیر کشمیری افراد کو ڈومیسائل اور زمینوں کی منتقلی جیسے اقدامات نہ صرف غیر قانونی ہیں بلکہ چوتھے جنیوا کنونشن اور بین الاقوامی انسانی قوانین کی بھی خلاف ورزی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایسے ہتھکنڈے کشمیری عوام کی شناخت، ثقافت اور تاریخی تشخص کو ختم نہیں کر سکتے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان ہر بین الاقوامی فورم پر کشمیری عوام کی جائز جدوجہد کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت جاری رکھے گا اور مسئلہ کشمیر کے منصفانہ حل کے لیے اپنی آواز بلند کرتا رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ خطے میں پائیدار امن اور استحکام کا انحصار مسئلہ کشمیر کے ایسے حل پر ہے جو اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں اور کشمیری عوام کی خواہشات کے مطابق ہو۔

بقیہ 22

کرتے ہوئے کاروباری سرگرمیاں مکمل طور پر بحال کی جائیں۔ ان خیالات تاجر رہنماؤں حاجی عبدالقیوم مینگل، میر بھاول خان محمد شہی، غلام محی الدین نیچاری، استاد محمد حسن شاہوانی، میر محمد افضل شاہوانی، حاجی ہدایت اللہ لانگو، حاجی محمد اسماعیل لانگو، حاجی عبدالستار مری، میر حفیظ مینگل، استاد محمد اسلم سمالانی، حاجی محمد اعظم سمالانی، ڈاکٹر عبدالقیوم محمد شہی، کفایت اللہ لہڑی، کونسلر محمد صلاح نیچاری، ماما ظاہر رئیسانی، زاہد بنگلزئی، حاجی مولاداد سمالانی، حسن گل شاہوانی، ملا محمد عمر مینگل، قصاب محمد ناصر سمالانی، قصاب بابل جان لانگو، محمد رمضان رند اور دیگر نے مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ کئی روز سے خالق آباد منگچر بازار بند ہے، جبکہ گزشتہ دو تین روز کے دوران بھی صرف چار چار گھنٹے کے لیے کاروبار کھولنے کی اجازت دی گئی، جس سے تاجروں، دکانداروں، دیہاڑی دار مزدوروں، ریڑھی بانوں اور دیگر محنت کش طبقے کا روزگار بری طرح متاثر ہوا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ مسلسل بندش کے باعث متعدد خاندان نانِ شبینہ کے محتاج ہو چکے ہیں اور عوام شدید ذہنی و معاشی پریشانی کا شکار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قلات اور مستونگ کے بازار معمول کے مطابق کھلے ہوئے ہیں، تاہم ان دونوں شہروں کے درمیان واقع خالق آباد منگچر بازار کو بند رکھنا مقامی آبادی اور تاجروں کے ساتھ ناانصافی ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ خالق آباد منگچر کے عوام کو بھی دیگر علاقوں کی طرح کاروبار اور آمد و رفت کی سہولت فراہم کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ جوہان، نرمک، سارون، گزگ، شیخزی، سنجدی، شیخ حاجی، گندگین، مکی اور دیگر درجنوں دیہاتوں کے ہزاروں شہری علاج معالجے، اشیائے خورد و نوش اور روزمرہ ضروریات کی خریداری کے لیے جوہان کراس بازار آتے ہیں، مگر بازار کی بندش کی وجہ سے انہیں شدید مشکلات اور پریشانی کا سامنا ہے۔ انہوں نے وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو، ڈپٹی کمشنر قلات، اسسٹنٹ کمشنر خالق آباد، متعلقہ سیکیورٹی حکام اور منتخب عوامی نمائندوں سے اپیل کی کہ عوامی مشکلات کا احساس کرتے ہوئے خالق آباد منگچر بازار کو فوری طور پر مکمل کھولنے کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں تاکہ کاروباری سرگرمیاں بحال ہوں، عوام کو ریلیف ملے اور معمولاتِ زندگی دوبارہ رواں ہو سکیں۔

بقیہ 23

مذمت کی گئی۔ تقریبات میں طالبات نے یومِ استحصالِ کشمیر کی اہمیت کو اجاگر کرنے کے لیے تقاریر، مباحثوں اور آگاہی پروگراموں میں بھرپور حصہ لیا۔ مقررین نے 5 اگست 2019 کے بھارتی یکطرفہ اقدامات کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ مسئلہ کشمیر اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حل ہونا چاہیے۔ اس موقع پر اس عزم کا بھی اعادہ کیا گیا کہ پاکستان اور اس کے عوام کشمیری بھائیوں اور بہنوں کے حقِ خودارادیت کی بھرپور حمایت جاری رکھیں گے ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن (فیمیل) لورالائی فوزیہ درانی کی زیر نگرانی کشمیری عوام سے اظہارِ یکجہتی کے لیے ایک ریلی بھی نکالی گئی، جس میں اساتذہ اور طالبات نے بھرپور جوش و خروش سے شرکت کی۔ ریلی کے شرکاء نے قومی پرچم، بینرز، فلیکس، پلے کارڈز اور چارٹس اٹھا رکھے تھے، جن پر کشمیر کی آزادی، کشمیری عوام کی حمایت اور قومی یکجہتی سے متعلق نعرے اور پیغامات درج تھے۔

بقیہ 24

کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے گوادر سٹی کو 4-0 سے شکست دے کر سیمی فائنل کے لیے کوالیفائی کر لیا میچ کے آغاز سے ہی گوادر پورٹ اتھارٹی کی ٹیم نے جارحانہ انداز اپنایا اور پورے مقابلے کے دوران کھیل پر اپنی مکمل گرفت برقرار رکھی۔ جی پی اے کے کھلاڑیوں نے شاندار ٹیم ورک اور عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے چار خوبصورت گول اسکور کیے، جبکہ گوادر سٹی کی ٹیم دفاعی دباؤ سے نہ نکل سکی اور کوئی گول کرنے میں کامیاب نہ ہو سکی۔ میچ کے مہمان خصوصی بنک الحبیب کے منیجر شکیل بانا تھے، جن کا تعارف دونوں ٹیموں کے کھلاڑیوں، میچ آفیشلز اور منتظمین سے کرایا گیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کھیلوں کی سرگرمیاں معاشرے کو مثبت سمت فراہم کرتی ہیں اور نوجوانوں کو صحت مند، باصلاحیت اور باکردار بنانے میں اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ کھیل نہ صرف جسمانی بلکہ ذہنی صحت کے لیے بھی انتہائی ضروری ہیں۔ انہوں نے ڈسٹرکٹ فٹبال ایسوسی ایشن گوادر کے صدر میر ارشد کلمتی کی جانب سے علاقے میں کھیلوں کے فروغ اور اتنے بڑے فٹبال ٹورنامنٹ کے کامیاب انعقاد کو سراہتے ہوئے کہا کہ ایسی سرگرمیاں نوجوانوں کو مثبت مواقع فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ گوادر میں کھیلوں کے روشن مستقبل کی ضمانت بھی ہیں

بقیہ 25

گا۔ میر ضیاء اللہ لانگو نے بھارت سے کشمیریوں پر مظالم فوراً بند کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ بھارت کی ریاستی دہشت گردی اور یکطرفہ اقدامات پورے خطے کے امن کے لیے شدید خطرہ ہیں۔ صوبائی وزیر داخلہ نے کشمیری عوام کی بے مثال جدوجہد آزادی کو سلام پیش کیا اور کہا کہ یومِ کشمیر ہمیں اپنے مظلوم کشمیری بھائیوں کے ساتھ ثابت قدمی سے کھڑے رہنے کے عہد کی تجدید دلاتا ہے۔ انہوں نے عالمی برادری، اقوامِ متحدہ اور بین الاقوامی تنظیموں سے پرزور مطالبہ کیا کہ وہ مقبوضہ وادی میں جاری بھارتی مظالم کا فوری نوٹس لیں اور کشمیری عوام کو اقوامِ متحدہ کی قراردادوں کے مطابق ان کا مسلمہ حقِ خودارادیت دلانے میں اپنا کلیدی اور مؤثر کردار ادا کریں۔

بقیہ 1

صوبائی وزیر مولانا غلام سرور، یونین کونسل اندر پڑ اور یونین کونسل راڑاشم کے نمائندوں سمیت مختلف قبائلی عمائدین اور سیاسی رہنماؤں نے شرکت کی۔ ملاقات کے دوران وفد نے ضلع موسیٰ خیل کو درپیش عوامی، انتظامی اور ترقیاتی مسائل سے وزیراعلیٰ بلوچستان کو تفصیلی طور پر آگاہ کیا اور ضلع کی ترقی، بنیادی سہولیات کی فراہمی، مواصلاتی ڈھانچے کی بہتری اور دیگر عوامی فلاحی منصوبوں سے متعلق اپنی تجاویز پیش کیں اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے وفد کی تجاویز اور سفارشات کو بغور سنا اور یقین دہانی کرائی کہ حکومت بلوچستان صوبے کے تمام اضلاع میں یکساں اور متوازن ترقی کے وژن پر عمل پیرا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی نمائندوں، قبائلی عمائدین اور مقامی قیادت سے مسلسل مشاورت کے ذریعے ترقیاتی منصوبوں کو زیادہ مؤثر اور عوامی ضروریات سے ہم آہنگ بنایا جا رہا ہے تاکہ دور دراز اور پسماندہ علاقوں کے عوام بھی ترقی کے ثمرات سے بھرپور استفادہ کر سکیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ حکومت کی اولین ترجیح بلوچستان کے پسماندہ اضلاع کو قومی ترقی کے دھارے میں شامل کرنا ہے۔ دستیاب وسائل کو مؤثر انداز میں بروئے کار لاتے ہوئے مرحلہ وار تمام پسماندہ علاقوں کی ترقی کو یقینی بنایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ مالی سال ضلع واشک کے لیے خصوصی ترقیاتی پیکج دیا گیا تھا، جبکہ رواں سال حکومت کی خصوصی توجہ صوبے کے دیگر پسماندہ اضلاع کے ساتھ ساتھ موسیٰ خیل کی ترقی اور عوامی فلاح و بہبود پر مرکوز ہوگی میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے تمام قبائل اور عوام ہمارے اپنے ہیں، اور حکومت بلاامتیاز ہر علاقے کی ترقی، خوشحالی اور عوام کے معیارِ زندگی میں بہتری کے لیے عملی اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ صوبے کے کسی بھی ضلع یا علاقے کو ترقی کے سفر میں پیچھے نہیں چھوڑا جائے گا ملاقات کے موقع پر صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو، پرنسپل سیکرٹری وزیراعلیٰ عمران زرکون اور اسٹاف آفیسر سید احمد شاہ غرشین بھی موجود تھے۔

بقیہ 2

کشیدگی میں مزید اضافہ روکنے کیلئے مذاکرات اور سفارت کاری ناگزیر ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کی جانب سے جاری بیان میں بتایا گیا کہ عمان میں مصر، پاکستان، سعودی عرب اور ترکیے پر مشتمل آر4- گروپ کے وزرائے خارجہ کا اجلاس ہوا جہاں وزرا نے فلسطین کے عوام کے حقوق بشمول حق خودارادیت اور 4 جون 1967 کی سرحدوں کی بنیاد پر آزاد اور خود مختار فلسطینی ریاست کے قیام کے لیے اپنی غیر متزلزل حمایت کا اعادہ کیا، جس کا دارالحکومت اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں کے مطابق مشرقی بیت المقدس ہو۔ بیان میں کہا گیا کہ چاروں وزرائے خارجہ نے ایک بار پھر اس عزم کا اظہار کیا کہ فلسطینی مسئلے کا منصفانہ، جامع اور مستقل حل مشرقِ وسطیٰ میں پائیدار امن اور استحکام کے حصول کے لیے لازمی ہے۔ دفتر خارجہ نے بتایا کہ آر4 - گروپ وزرائے خارجہ نے خطے کی بدلتی ہوئی صورت حال کا بھی جائزہ لیا اور خطے کے استحکام کے فروغ کے لیے چاروں ممالک کے درمیان مسلسل مشاورت اور قریبی رابطوں کی اہمیت کا بھی اعادہ کیا۔ بیان میں مزید بتایا گیا کہ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ خطے میں استحکام کو فروغ دینے اور کشیدگی میں مزید اضافہ روکنے کے لیے بات چیت اور سفارت کاری بدستور ناگزیر ہے۔

بقیہ 3

شام اعلیٰ سطحی وفد کے ہمراہ 2 روزہ دورے پر سعودی عرب روانہ ہوں گے۔ دورے کے دوران وزیراعظم سعودی ولی عہد محمد بن سلمان سے اہم ملاقات کریں گے جس میں دوطرفہ تعلقات اور خطے کی مجموعی صورتحال پر غور کیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق ملاقات میں امریکہ، ایران جنگ اور امن مذاکرات سے متعلق بھی تبادلہ خیال ہوگا۔

بقیہ 4

امریکا کے درمیان دوطرفہ تجارت اور اقتصادی تعاون کو مزید مضبوط بنانے کیلئے جاری مذاکرات میں ہونے والی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ وزیر خزانہ نے واشنگٹن ڈی سی میں ہونے والی حالیہ ملاقاتوں کا حوالہ دیتے ہوئے مذاکراتی ٹیموں کی جانب سے حاصل ہونے والی پیش رفت کا خیر مقدم کیا اور مذاکرات کے دوران دونوں فریقوں کے مثبت اور تعمیری اندازِ تعاون کو سراہا۔ دونوں جانب سے اس امر پر اطمینان کا اظہار کیا گیا کہ مجوزہ باہمی تجارتی فریم ورک سے متعلق مذاکرات میں نمایاں پیش رفت ہوئی ہے، اس عزم کا اعادہ کیا گیا کہ معاہدے کو جلد از جلد حتمی شکل دی جائے گی۔ وزیر خزانہ نے پاکستان کی اقتصادی ترجیحات کے تناظر میں مذاکرات کی رفتار برقرار رکھنے کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ امریکا کے ساتھ تجارت اور سرمایہ کاری پر مبنی مضبوط شراکت داری پاکستان کی برآمدات پر مبنی معاشی حکمتِ عملی کو تقویت دے گی، معیشت کو مزید مستحکم بنانے میں مددگار ثابت ہوگی اور دونوں ممالک کے کاروباری اداروں کے لیے نئے تجارتی و سرمایہ کاری کے مواقع پیدا کرے گی۔ انہوں نے امریکا کے ایکسپورٹ امپورٹ بینک (ایگزم بینک) کے ساتھ دوطرفہ تجارت اور سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے مسلسل تعاون کی اہمیت بھی اجاگر کی۔ سفیر جیمیسن گریئر نے مذاکراتی عمل میں پاکستان کی مسلسل اور مثبت شمولیت کو سراہتے ہوئے محنت کشوں کے حقوق اور ریگولیٹری اصلاحات، بالخصوص جبری مشقت کی روک تھام سے متعلق اقدامات میں ہونے والی پیش رفت کی تعریف کی۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ امریکا دوطرفہ تجارتی مذاکرات کی مثبت پیش رفت کو برقرار رکھنے کے لیے پرعزم ہے اور اعتماد ظاہر کیا کہ باقی ماندہ امور بھی تکنیکی سطح پر مسلسل رابطوں کے ذریعے جلد طے کر لیے جائیں گے

بقیہ 5

نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے رانا ثناء اللہ نے کہا کہ 1973 کے آئین کی وجہ سے فیڈریشن قائم ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر چھوٹے انتظامی یونٹس بننے ہیں تو بھی اسی سسٹم سے بننے ہیں، اگر صوبے بننے ہیں تو اسی آئین کے تحت ہی بنیں گے۔ رانا ثناء کے مطابق بولے محسن نقوی کہتے ہیں کہ سسٹم گر گیا ہے وہ کس سسٹم کی بات کر رہے ہیں؟۔ انہوں نے محسن نقوی کے بیان کو بے معنی قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس کا کوئی سیاق وسباق نہیں۔

بقیہ 6

کے حوالے کر دی ہے۔ بانی پی ٹی آئی سے ملنے والوں کی فہرست میں طارق محمود چوہدری، سید عمر دراز، اظہر رف، رانا ارسلان، صدیق خان ترین اور عمر بیگ کے نام شامل ہیں۔

بقیہ 7

نے کہا کہ ایرانی حکام پاکستان اور قطر میں اس معاملے میں اپنے ہم منصبوں کے ساتھ رابطوں میں ہیں۔ دوسری جانب امریکی میڈیا نے ذرائع کے حوالے سے دعویٰ کیا کہ آبنائے ہرمز میں امریکا، عمان اور ایران کے درمیان 60 روز کے عارضی انتظام پر اتفاق ہوا ہے، معاہدے کے تحت خلیجی ملکوں کی جانب جانے والے بحری جہاز آبنائے ہرمز سے گزرنے کے لیے ایرانی پانیوں کا راستہ اختیار کریں گے، جبکہ آبنائے ہرمز سے بحیرہ عرب جانے والے بحری جہاز عمانی پانیوں سے سفر کریں گے۔ 60 دن کی اس مدت کے دوران کوئی فیس نہیں لی جائے گی، فریقین 30 دن کے اندر آبنائے ہرمز میں بارودی سرنگیں ہٹانے پر کام کریں گے۔ دوسری جانب ایرانی سرکاری میڈیا نے واضح کیا کہ مذاکرات صرف مسقط اور تہران کے درمیان ہو رہے ہیں، واشنگٹن کا ان مذاکرات سے کوئی تعلق نہیں، اگر امریکا کی جانب سے خلاف ورزیاں جاری رہیں تو ایران اور عمان کے درمیان معاہدہ طے پانے کے باوجود آبنائے ہرمز فوری طور پر نہیں کھولی جائے گی۔ آبنائے ہرمز سے سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، کویت اور ایران سے یومیہ تقریباً 21 ملین بیرل تیل دیگر ممالک کو پہنچایا جاتا ہے، ان ملکوں میں پاکستان، چین، جاپان، جنوبی کوریا، یورپ، شمالی امریکا اور دنیا کے دیگر ممالک شامل ہیں۔ اس آبی گزرگاہ سے دنیا کے 20 فیصد تیل اور 30 فیصد گیس کی ترسیل ہوتی ہے، یہاں سے روزانہ تقریباً 90 اور سال بھر میں 33 ہزار بحری جہاز گزرتے ہیں۔ آبنائے ہرمز مشرقِ وسطیٰ کے خام تیل پیدا کرنے والے ممالک کو ایشیا، یورپ، شمالی امریکا اور دیگر دنیا سے جوڑتی ہے، اس سمندری پٹی کے ایک طرف امریکا کے اتحادی عرب ممالک تو دوسری طرف ایران ہے۔ 33 کلومیٹر چوڑی اس سمندری پٹی سے دو شپنگ لینز جاتی ہیں، ہر لین کی چوڑائی 3 کلومیٹر ہے، جہاں سے بڑے بڑے آئل ٹینکرز گزرتے ہیں۔ مجموعی عالمی تیل کی رسد کا پانچواں حصہ یعنی 20 فیصد اسی راستے سے جاتا ہے۔ آبنائے ہرمز سے سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، کویت اور ایران سے یومیہ تقریباً 21 ملین بیرل تیل دیگر ممالک کو پہنچایا جاتا ہے، دنیا میں سب سے زیادہ ایل این جی برآمد کرنے والا ملک قطر بھی اپنی برآمدات کے لیے اسی گزرگاہ پر انحصار کرتا ہے

بقیہ 8

سہولت کار نیٹ ورکس کے خاتمے پر تبادلہ خیال کیا۔ پاکستان اور امریکا نے خطے میں امن، خوش حالی کے لیے انسدادِ دہشت گردی تعاون جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا۔

بقیہ 9

مقبوضہ جموں وکشمیر کے عوام کے ساتھ بھرپور یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 5 اگست 2019 کو بھارت کی جانب سے آرٹیکل 370 اور 35 اے کی منسوخی ایک غیر قانونی، یکطرفہ اور بین الاقوامی قوانین کے منافی اقدام تھا، جس کا مقصد کشمیری عوام کی شناخت، حقوق اور تاریخی حیثیت کو متاثر کرنا تھا وزیراعلیٰ نے کہا کہ گزشتہ کئی دہائیوں سے مقبوضہ کشمیر کے عوام ظلم، جبر اور انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں کا سامنا کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام کو ان کی اپنی سرزمین پر اقلیت میں تبدیل کرنے کی کوششیں نہ صرف قابلِ مذمت ہیں بلکہ یہ اقوام متحدہ کی قراردادوں اور عالمی قوانین کی بھی صریح خلاف ورزی ہیں میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ اہلِ بلوچستان بھارت کے ان اقدامات کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں اور کشمیری عوام کے حقِ خودارادیت کی مکمل حمایت کرتے ہیں۔ انہوں نے زور دیا کہ مسئلہ کشمیر کا واحد منصفانہ اور پائیدار حل اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں اور کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق ہی ممکن ہے وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ عالمی برادری کو چاہیے کہ وہ مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کا مؤثر نوٹس لے، کشمیری عوام پر ہونے والے مظالم کو اجاگر کرے اور بھارت پر بین الاقوامی ذمہ داریوں کی پاسداری کے لیے دباؤ بڑھائے انہوں نے کہا کہ حکومتِ بلوچستان وفاقی حکومت کے ساتھ مکمل یکجہتی کے ساتھ یہ مطالبہ کرتی ہے کہ جس عزم اور مستقل مزاجی سے پاکستان گزشتہ کئی دہائیوں سے کشمیری عوام کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت کرتا آیا ہے، اسی جذبے کے ساتھ یہ جدوجہد آئندہ بھی جاری رکھی جائے گی۔

بقیہ 10

کیلئے 2023ء اور 2024ء والے ایڈہاک ریلیف الاؤنسز کی شرح مقرر کر دی گئی۔ وزارت خزانہ کے مطابق ایڈہاک ریلیف الاؤنس کی شرح مزید بڑھنے کے بجائے اسی سطح پر فریز رہیں گی، ایڈہاک ریلیف الاؤنس 2023ء پہلے ہی 30 جون 2023ء کی سطح پر منجمد ہے، نئے ملازمین کو بھی الاؤنس بنیادی اسکیل 2022 کے مطابق ملے گا۔ وزارت خزانہ کے مطابق خصوصی تنخواہیں اور متعلقہ الاؤنسز بھی 30 جون 2026 کی سطح پر منجمد رہیں گے، گریڈ 1 سے 16 تک کے ملازمین کو بنیادی تنخواہ کا 35 فیصد الاؤنس دیا جائے گا۔ گریڈ 17 سے 22 کے ملازمین کو 30 فیصد ایڈہاک ریلیف الاؤنس دیا جائے گا یہ ایڈہاک ریلیف الاؤنس آئندہ احکامات تک اسی شرح پر منجمد رہے گا۔ آفس میمورنڈم کے مطابق سرکاری ملازمین کو ایڈہاک ریلیف الاؤنس 2024 بھی بنیادی پے سکیل 2022 کی بنیاد پر ملے گا، گریڈ 1 سے 16 کے ملازمین کو بنیادی تنخواہ کا 25 فیصد دیا جائے گا۔ گریڈ 17 سے 22 کے ملازمین کو 20 فیصد تک الاؤنس دیا جائے گا، یہ الاؤنس بھی 30 جون 2026 کی سطح پر منجمد رہے گا۔ یکم جولائی 2026ء سے بھرتی ملازمین کا الاؤنس 2024 کے بنیادی پے اسکیل کے مطابق ہوگا۔

بقیہ 11

نہیں کیا، اگرچہ واشنگٹن کی جانب سے یہ یقین دہانی کرائی گئی تھی کہ اسرائیلی فوج کا انخلا صرف اس صورت میں ہوگا جب حماس مکمل طور پر غیر مسلح ہو جائے گی۔ اپنے سوشل میڈیا اکاؤنٹس پر جاری ایک ویڈیو بیان میں نیتن یاہو نے کہا کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی ٹیم کا خیال ہے کہ وہ حماس کو غیر مسلح کرنے اور غزہ کو فوجی سرگرمیوں سے پاک کرنے میں کامیاب ہو سکتی ہے۔ انہوں نے کہا، ہم اس تجویز کا جائزہ لے رہے ہیں۔ امریکی ٹیم نے ہمیں ایک مسودہ بھیجا تھا، لیکن ہم نے اس سے اتفاق نہیں کیا کیونکہ یہ ہمارا مسودہ نہیں تھا۔ ہم نے اس پر اپنی تجاویز اور تبصرے واپس بھیج دیے ہیں۔ نیتن یاہو نے مزید کہا کہ اسرائیل کا مؤقف بدستور یہی ہے کہ غزہ میں کسی بھی سیاسی یا تعمیر نو کے عمل سے پہلے حماس کو مکمل طور پر غیر مسلح کرنا ضروری ہے۔ اسرائیلی وزیر اعظم کا بیان ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب امریکا غزہ میں جنگ بندی، یرغمالیوں کی رہائی اور مستقبل کے سیاسی انتظامات کے لیے مختلف فریقوں کے درمیان سفارتی کوششیں جاری رکھے ہوئے ہے۔ سیاسی مبصرین کے مطابق نیتن یاہو کے اس بیان سے ظاہر ہوتا ہے کہ غزہ کے مستقبل کے حوالے سے اسرائیل اور امریکا کے درمیان بعض اہم نکات پر ابھی بھی اختلافات موجود ہیں۔ تاحال امریکی حکومت کی جانب سے نیتن یاہو کے تازہ بیان پر کوئی باضابطہ ردعمل سامنے نہیں آیا

بقیہ 12

نے بدھ کو یہاں ملاقات کی۔ وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق انہوں نے ملاقات میں سندھ کے امور اور مجموعی ملکی سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔

بقیہ 13

کے موقع پر اس عزم کا اعادہ کیا کہ وہ جموں و کشمیر کے عوام کے حقِ خودارادیت کے حصول کے لیے ان کی منصفانہ جدوجہد کی بھرپور حمایت جاری رکھے گی۔ بیان میں کہا گیا کہ ہم بھارت کے غیر قانونی زیر تسلط جموں و کشمیر کے عوام کی جرات، ثابت قدمی اور غیر متزلزل عزم کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہیں۔ بیان میں کہا گیا کہ پاکستان، جموں و کشمیر کے عوام کی حقِ خودارادیت کے حصول کے لیے جاری منصفانہ جدوجہد کی غیر متزلزل حمایت جاری رکھے گا جیسا کہ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں میں اس حق کی ضمانت دی گئی ہے۔

بقیہ 14

یحییٰ سریع کا کہنا تھا کہ بحیرہ احمر میں سعودی آئل ٹینکر پر بیلسٹک میزائلوں سے حملہ کیا ہے، آئل ٹینکر کو سعودی شہر ینبع کے ساحلی علاقے میں نشانہ بنایا۔ انہوں نے کہا کہ 22 جولائی سے نافذ سعودی ناکہ بندی کی خلاف ورزی کرنے والے 8 جہازوں پر حملہ کیا اور 29 کو راستہ بدلنے پر مجبور کیا۔ یحییٰ سریع کا کہنا تھا کہ سعودی عرب کی بحری ناکہ بندی جاری رکھیں گے۔ حوثی گروپ کے ترجمان نے یہ نہیں بتایا کہ حملہ کس وقت کیا گیا۔

بقیہ 15

میمن کی زیر صدارت محکمہ ٹرانسپورٹ کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں سیکریٹری ٹرانسپورٹ اسد ضامن، یلو لائن بی آر ٹی کے پراجیکٹ ڈائریکٹر کمال دایو اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں یلو لائن بی آر ٹی منصوبے کے تعمیراتی کام کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور منصوبے پر پیش رفت مزید تیز کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ اجلاس میں یلو لائن منصوبے کے حکام نے شرجیل انعام میمن کو مختلف حصوں پر جاری تعمیراتی کام سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی، جس میں بتایا گیا کہ تعمیراتی سرگرمیاں منصوبہ بندی کے مطابق جاری ہیں اور توقع ہے کہ آئندہ سال کی پہلی سہ ماہی میں منصوبے کے ڈپوز مکمل ہو جائیں گے۔ شرجیل میمن نے سندھ حکومت کی جانب سے منصوبے کی بروقت تکمیل کے لیے تمام یوٹیلٹی رکاوٹیں ہنگامی بنیادوں پر دور کرنے کے احکامات جاری کیے۔ انہوں نے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ تاخیر سے بچنے کے لیے یوٹیلٹی شفٹنگ، ری لوکیشن اور اس سے متعلق تمام اقدامات فوری اور ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیے جائیں۔ سینئر وزیر سندھ نے کہا کہ منصوبے کی رفتار ہر صورت برقرار رکھی جائے اور تمام رکاوٹیں فوری طور پر دور کی جائیں تاکہ تکمیل میں کسی قسم کی تاخیر نہ ہو۔ انہوں نے تمام متعلقہ اداروں کو باہمی تعاون اور مؤثر رابطہ کاری کے ذریعے درپیش مسائل فوری حل کرنے کی بھی ہدایت دی

بقیہ 16

احسن اقبال کی زیر صدارت سی پیک منصوبہ جات جائزہ کمیٹی اور قومی سٹیئرنگ کمیٹی کا 91 واں اجلاس اسلام آباد میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں بنیادی ڈھانچے، توانائی، پیٹرولیم، آبی وسائل، خوراک و زراعت، مشترکہ ورکنگ گروپس (جے ڈبلیو جیز) اور خصوصی اقتصادی زونز سمیت مختلف شعبوں میں جاری منصوبوں پر پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر احسن اقبال نے کہا کہ سی پیک 2.0 پاکستان کے لیے ترقی کے نئے امکانات لے کر آیا ہے، جس کے ذریعے سی پیک 1.0 کے دوران توانائی اور بنیادی ڈھانچے میں ہونے والی سرمایہ کاری سے بھرپور استفادہ کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے تمام متعلقہ وزارتوں کو ہدایت کی کہ سی پیک 2.0 کے تحت ترقی، روزگار، انوویشن، ماحول دوست ترقی اور علاقائی روابط پر مشتمل پانچ راہداریوں پر منصوبوں کے مؤثر اور تیز رفتار نفاذ کو یقینی بنایا جائے۔ اجلاس کو بیجنگ میں پاکستان مشن اور مختلف مشترکہ ورکنگ گروپس کے کنوینرز نے آئندہ مشترکہ ورکنگ گروپس کے اجلاسوں اور پندرہویں جوائنٹ کوآپریشن کمیٹی اجلاس کی تیاریوں سے آگاہ کیا۔ بتایا گیا کہ متعلقہ کنوینرز سے مشاورت کے بعد اجلاسوں کا کیلنڈر حتمی شکل دے کر بیجنگ میں پاکستان مشن کو ارسال کر دیا گیا ہے تاکہ چینی حکام کے ساتھ بروقت رابطہ کاری اور مؤثر ہم آہنگی کو یقینی بنایا جا سکے۔ اجلاس میں وزارتِ بحری امور اور حکومتِ سندھ نے کراچی کوسٹل کمپری ہینسو ڈویلپمنٹ زون منصوبے پر پیش رفت سے متعلق بریفنگ دی۔ وفاقی وزیر نے منصوبے پر عملدرآمد میں تاخیر پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے تمام متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ ایک ہفتے کے اندر اپنی آرا اور سفارشات پیش کر کے تمام زیر التوا امور کو فوری طور پر حل کیا جائے۔ انہوں نے زور دیا کہ مفاہمتی یادداشتوں پر طے شدہ شرائط اور قواعد کے مطابق عملی درآمد یقینی بنایا جائے تاکہ معاہدے صرف کاغذی کارروائی تک محدود نہ رہیں بلکہ بروقت عملی نتائج سامنے آئیں۔ انہوں نے حکومتِ سندھ، وزارتِ بحری امور اور بورڈ آف انویسٹمنٹ کو ہدایت کی کہ چینی کمپنی کے ساتھ مشترکہ اجلاس منعقد کر کے تکنیکی مسائل کا فوری حل نکالا جائے اور منصوبے کی تکمیل کے لیے مستقل رابطہ کاری کو یقینی بنایا جائے۔ اجلاس میں چین میں ایک ہزار زرعی گریجویٹس کی تربیت کے پروگرام پر بھی پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ وفاقی وزیر نے ہدایت کی کہ تربیت یافتہ نوجوانوں کی حاصل کردہ مہارتوں کو پاکستان کے زرعی شعبے کی ترقی کے لیے مؤثر انداز میں بروئے کار لایا جائے۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ آئندہ اجلاس میں تربیت یافتہ گریجویٹس کی تخصص، تعیناتی اور مستقبل کے کردار سے متعلق جامع منصوبہ پیش کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ مستقبل کے تربیتی پروگراموں کو قومی ضروریات سے ہم آہنگ کیا جائے اور حیاتیاتی ٹیکنالوجی، معیاری بیجوں کی تیاری، زیادہ پیداوار دینے والی اقسام، ڈیجیٹل زرعی توسیعی خدمات، مصنوعی ذہانت پر مبنی زراعت اور کوآپریٹو فارم مینجمنٹ جیسے شعبوں پر خصوصی توجہ دی جائے۔ وفاقی وزیر نے مزید ہدایت کی کہ زرعی شعبے کی حقیقی ضروریات کے مطابق آئندہ پانچ برسوں کے لیے انسانی وسائل اور شعبہ جاتی ترقی کا جامع روڈ میپ تیار کیا جائے۔ اجلاس میں گوادر بندرگاہ اور فری زون کے لیے بجلی کی فراہمی کے استحکام سے متعلق منصوبے پر پیش رفت کا بھی جائزہ لیا گیا۔ وفاقی وزیر نے صنعتی ترقی کے لیے قابلِ اعتماد توانائی کی فراہمی کے حکومتی عزم کا اعادہ کرتے ہوئے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ باقی ماندہ امور کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے اور بنیادی ڈھانچے کی بروقت تکمیل کے لیے مربوط حکمت عملی اختیار کی جائے تاکہ گوادر کے صنعتی علاقوں کو بلاتعطل بجلی کی فراہمی ممکن بنائی جاسکے

بقیہ 17

سے واقف تین باخبر ذرائع کے حوالے سے رپورٹ کیا ہے کہ امریکی فوج کے آرمی ٹیکٹیکل میزائل سسٹم اور پریسیژن اسٹرائیک میزائل کے ذخائر تقریباً تمام ہو چکے ہیں۔ رپورٹ میں یہ دعویٰ بھی کیا گیا ہے کہ ذرائع نے یہ نہیں بتایا کہ امریکا کے پاس ان میزائلوں کی کتنی تعداد باقی ہے تاہم ان کا کہنا تھا کہ مسلسل استعمال کے باعث ذخائر خطرناک حد تک کم ہو گئے۔ یہ دونوں میزائل امریکی فوج کے اہم زمینی ہتھیار سمجھے جاتے ہیں جو دور سے انتہائی درستگی کے ساتھ اہداف کو نشانہ بنانے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ پریسیژن کو نئی نسل کا میزائل تصور کیا جاتا ہے جو مستقبل میں آرمی ٹیکٹیکل میزائل سسٹم کی جگہ لے گا۔ دفاعی ماہرین نے بتایا کہ یہی میزائل کسی بھی ممکنہ جنگ خاص طور پر چین اور روس جیسے مضبوط فضائی دفاعی نظام رکھنے والے ممالک کے خلاف انتہائی اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ رپورٹ میں مزید بتایا گیا ہے کہ صرف حملہ آور میزائل ہی نہیں بلکہ دفاعی نظام میں استعمال ہونے والے پیٹریاٹ اور تھاڈ میزائلوں کے ذخائر میں بھی نمایاں کمی آئی ہے۔ امریکی تھنک ٹینک سینٹر فار اسٹریٹجک اینڈ انٹرنیشنل اسٹڈیز کے مطابق فروری سے جولائی کے دوران امریکا نے اپنے 65 فیصد پیٹریاٹ انٹرسیپٹرز استعمال کر لیے۔ اسی طرح تھاڈ نظام کے بیلسٹک میزائل روکنے والے انٹرسیپٹرز کے ذخائر میں بھی کم از کم 38 فیصد کمی آ چکی ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ دو ذرائع نے تصدیق کی کہ یہ اعداد و شمار امریکی حکومت کے اندرونی ریکارڈ سے مطابقت رکھتے ہیں۔ رپورٹ میں مزید بتایا گیا کہ جنگ شروع ہونے کے بعد امریکی بحریہ نے اپنے عالمی ذخیرے میں موجود ٹوماہاک کروز میزائلوں کا تقریباً نصف حصہ استعمال کر لیا ہے۔ یہ میزائل عموماً جنگی بحری جہازوں اور آبدوزوں سے فائر کیے جاتے ہیں اور بغیر پائلٹ کو خطرے میں ڈالے دور دراز اہداف کو نشانہ بنانے کے لیے استعمال ہوتے ہیں۔ گزشتہ ایک ہفتے کے دوران ٹرمپ انتظامیہ کے اندر اس بات پر تفصیلی غور کیا گیا

بقیہ 18

اور لینڈ سلائیڈنگ کے باعث شاہراہ قراقرم ہر قسم کی ٹریفک کے لیے بند ہو گئی جس سے دونوں اطراف گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئیں اور سینکڑوں مسافر پھنس کر رہ گئے۔ گلگت بلتستان پولیس کے ترجمان کے مطابق چلاس کے قریب التشی نالہ (گینی) میں سیلابی ریلے کے باعث شاہراہ قراقرم کو عارضی طور پر بند کر دیا گیا ہے۔ عوام سے اپیل کی گئی ہے کہ غیر ضروری سفر سے گریز کریں اور روانگی سے قبل سڑک کی تازہ ترین صورتحال جاننے کے لیے پولیس ہیلپ لائن 15 پر رابطہ کریں۔ ادھر متعلقہ اداروں نے بھاری مشینری کے ذریعے ملبہ ہٹانے اور شاہراہ کی بحالی کا کام شروع کر دیا ہے، تاہم مسلسل بارشوں اور پہاڑوں سے گرنے والے پتھروں کے باعث کارروائیوں میں مشکلات پیش آ رہی ہیں۔ ٹرانسپورٹرز کے مطابق گینی کے علاوہ شاہراہ قراقرم کے متعدد دیگر مقامات پر بھی لینڈ سلائیڈنگ سے مٹی اور پتھر سڑک پر آ گئے ہیں، جس سے ٹریفک کی روانی شدید متاثر ہوئی ہے۔ بعض مقامات پر گاڑیاں انتہائی سست رفتاری سے گزر رہی ہیں جبکہ کئی مقامات پر مکمل بندش برقرار ہے۔ انتظامیہ نے مسافروں کو ہدایت کی ہے کہ خراب موسم اور لینڈ سلائیڈنگ کے خطرات کے پیش نظر غیر ضروری سفر سے اجتناب کریں، جبکہ متعلقہ ادارے شاہراہ کو جلد از جلد بحال کرنے کے لیے امدادی اور صفائی کا کام جاری رکھے ہوئے ہیں۔

بقیہ 19

لوئر اور اپر چترال کے مختلف علاقوں میں بڑے پیمانے پر تباہی مچا دی۔ حکام کے مطابق بروز گول، گمبس گول، غیرت گول، شیشکوہ گاہوچ، شیشکوہ ٹنگل، کریم آباد، پرئیت گول، ریشن، کوراغ، چرون، بونی، اوی، پرواک، مستوج اور دیگر علاقوں میں آنے والے شدید سیلابی ریلوں سے متعدد پل، سڑکیں، مکانات، دکانیں، ہوٹل، سرکاری و نجی عمارتیں، زرعی اراضی اور بنیادی ڈھانچہ متاثر ہوا، کئی دکانوں کا سامان اور درجنوں گاڑیاں سیلابی ریلوں میں بہہ گئیں، سیلابی حادثات میں دو افراد جاں بحق ہوئے، ایک شخص کی شناخت ہو چکی ہے جبکہ دریائے چترال سے ملنے والی ایک لاش کی شناخت تاحال نہیں ہو سکی، سیلاب سے مختلف علاقوں میں حادثات کے نتیجے میں متعدد افراد زخمی بھی ہوئے ہیں۔ بروز گول میں سیلاب کے باعث بند ہونے والی چترال۔ پشاور شاہراہ اور فائبر آپٹک لائن کی بحالی کے بعد تقریباً بائیس گھنٹوں کے وقفے سے شاہراہ ہر قسم کی ٹریفک کے لیے کھول دی گئی جبکہ فورجی، پی ٹی سی ایل اور دیگر انٹرنیٹ سروسز بھی بحال کر دی گئی ہیں۔ حکام کے مطابق غیرت گول میں سیلاب کے بعد بننے والی ڈیم سے دروش کے سید آباد کا علاقہ خطرے کی زد میں ہے، جہاں ہوٹل، گیس پلانٹ، دکانیں، دفاتر اور دیگر عمارتیں پانی کے محاصرے میں ہیں

بقیہ 20

خزانہ نے کر دی۔ امریکی وزارت خزانہ کے مطابق ایران سے وابستہ بعض فضائی اداروں پر دہشت گردی کے انسداد سے متعلق عائد پابندیاں واپس لے لی گئی ہیں، یہ پابندیاں ان اداروں پر پاسدارانِ انقلاب سے مبینہ تعلق کے الزام میں عائد کی گئی تھیں۔ پابندیاں ختم کیے جانے کی خبر کے بعد عالمی منڈی میں خام تیل کی قیمتوں میں مزید کمی دیکھنے میں آئی، امریکی ویسٹ ٹیکساس انٹرمیڈیٹ (ڈبلیو ٹی آئی) خام تیل 75.06 ڈالر فی بیرل جبکہ برینٹ خام تیل 78.83 ڈالر فی بیرل پر آ گیا۔ ماہرین کے مطابق پابندیوں میں نرمی کی خبر نے عالمی توانائی منڈی میں رسد سے متعلق توقعات کو تقویت دی، جس کے نتیجے میں خام تیل کی قیمتوں پر مزید دباؤ دیکھنے میں آیا۔

بقیہ 21

بجلی کی ترسیلی کمپنیز کی نجکاری میں عالمی معیار کے سرمایہ کاروں کی شمولیت یقینی بنانے کیلئے مؤثر اور جامع حکمت عملی اختیار کی جائے، نجکاری کے عمل میں سرمایہ کاروں کی شمولیت کے لیے اندرون و بیرون ملک کیے جانے والے کامیاب روڈ شوز باعث اطمینان ہیں، ڈسکوز کی نجکاری کے تمام مراحل مقررہ مدت میں طے شدہ قواعد اور بہترین حکمت عملی کے مطابق منافع بخش انداز میں مکمل کیے جائیں۔ بدھ کو وزیراعظم کی زیر صدارت بجلی کی تقسیم کار کمپنیز کی نجکاری اور نجکاری کمیشن کی ادارہ جاتی تنظیم نو کی پیش رفت پر جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں نجکاری کمیشن کی جانب سے ترسیلی کمپنیز کے پہلے مرحلے کی تکمیل کے لیے اب تک کہ کیے گئے اقدامات پر بریفنگ دی گئی۔ مزید براں، نجکاری کمیشن کی ادارہ جاتی تنظیم نو کے تناظر میں بہترین افرادی قوت کی شمولیت پر پیش رفت پر بھی بریفنگ دی گئی۔ اجلاس میں وفاقی وزیر برائے توانائی سردار اویس احمد خان لغاری، وفاقی وزیر برائے اقتصادی امور احد خان چیمہ، وفاقی وزیر انفارمیشن ٹیکنالوجی شزا فاطمہ خواجہ، وزیراعظم کے مشیر برائے نجکاری محمد علی اور متعلقہ سرکاری اداروں کے عہدے داران نے شرکت کی۔ اجلاس میں نجکاری کمیشن کی جانب سے ترسیلی کمپنیز کے پہلے مرحلے کی تکمیل کے لیے اب تک کہ کیے گئے اقدامات پر بریفنگ دی گئی۔ مزید براں، نجکاری کمیشن کی ادارہ جاتی تنظیم نو کے تناظر میں بہترین افرادی قوت کی شمولیت پر پیش رفت پر بھی بریفنگ دی گئی۔ وزیراعظم نے خصوصی ہدایت کی کہ بجلی کی ترسیلی کمپنیز کی نجکاری میں عالمی معیار کے سرمایہ کاروں کی شمولیت یقینی بنانے کے لیے مؤثر اور جامع حکمت عملی اختیار کی جائے۔ وزیراعظم نے کہا کہ نجکاری کمیشن میں جاری ادارہ جاتی اصلاحات اور تنظیم نو کا کام ایک ماہ میں مکمل کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ نجکاری کے عمل میں سرمایہ کاروں کی شمولیت کے لیے اندرون و بیرون ملک کیے جانے والے کامیاب روڈ شوز باعث اطمینان ہیں

بقیہ 22

خارجہ ایمن الصفادی سے ملاقات کی۔ بدھ کو دفتر خارجہ کے مطابق ملاقات کے دوران دونوں رہنماؤں نے پاکستان اور اردن کے درمیان دوطرفہ تعلقات میں بڑھتی ہوئی پیش رفت کا خیر مقدم کرتے ہوئے سیاسی، دفاعی، اقتصادی، تعلیمی، ثقافتی اور عوامی روابط سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کو مزید فروغ دینے کے عزم کا اعادہ کیا۔ دونوں رہنماؤں نے خطے کی تازہ صورتحال، بالخصوص مقبوضہ مغربی کنارے میں بگڑتی ہوئی صورت حال پر تبادلہ خیال کیا۔ نائب وزیراعظم سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے مقبوضہ بیت المقدس میں اسلامی اور مسیحی مقدس مقامات کے تحفظ کے لیے اردن کے ثابت قدم کردار اور فلسطینی عوام کی مسلسل حمایت کو سراہا۔ ملاقات میں ایران اور امریکا سے متعلق حالیہ صورتحال سمیت خطے کے مجموعی حالات پر بھی گفتگو ہوئی۔ دونوں رہنماؤں نے کشیدگی میں کمی کے لیے بات چیت اور سفارت کاری کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے اقوام متحدہ اور اسلامی تعاون تنظیم (او آئی سی) سمیت دوطرفہ اور کثیر الجہتی فورمز پر قریبی رابطے برقرار رکھتے ہوئے خطے میں امن و استحکام کے فروغ کے لیے مشترکہ کوششیں جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا۔

بقیہ 23

علی مددجتک سمیت دیگر کا واک آؤٹ، اسپیکر نے قاتلوں کی گرفتاری کے لیے دو دن کی مہلت دے دی۔ بدھ کو بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں جمعیت علماء اسلام کے رکن میر زابد علی ریکی نے پوائنٹ آف آرڈر پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ خضدار میں اسماجتک کے والد کے قتل کی تحقیقات کرائی جائیں، انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام نے کبھی لاشوں کی نہیں حق کی سیاست کی ہے خضدار میں اسماجتک کے والد کے قاتل کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے، اسلام آباد میں وفاقی وزرا سے ملاقاتوں میں ان کا رویہ توہین آمیز تھا، میں تو کہتا ہوں کہ 65 کے ایوان کے ممبران کو وفاقی وزرا سے ملاقات نہیں کرنی چاہیے۔ صوبائی وزیر حاجی علی مددجتک نے کہا کہ خضدار میں اسماجتک کے ساتھ پیش آنے والا واقعہ افسوسناک ہے اسماجتک نے خطرات کے پیش نظر اپنا ویڈیو بیان جاری کیا پہلے اس کے منگیتر اور اب اسے والد کو مارا گیا ہے دو دن گزر جانے کے باوجود ایف آئی آر درج نہیں کی جا رہی ہے اگر ان کو انصاف نہیں ملا تو اس کے بھائی کوئی غلط قدم اٹھا سکتے ہیں میں اس واقعہ کے خلاف علامتی واک آؤٹ کرنا چاہتا ہوں۔ اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری نے کہا کہ اگر اسماجتک کے والد کے قاتل گرفتار نہیں ہوتے ہیں تو وزیر اعلی اور وزیر داخلہ اس قتل کے ذمہ دار ہیں، خضدار کے واقعہ پر اپوزیشن لیڈر یونس زہری اور صوبائی وزیر علی مددجتک نے ایوان سے واک آؤٹ کیا۔ پوائنٹ آف آرڈر پر اظہار خیال کرتے ہوئے حق دو تحریک کے رکن مولانا ہدایت الرحمٰن نے کہا کہ خضدار میں اسماجتک کا واقعہ بڑا واقعہ ہے سب کو قاتل کا نام معلوم ہے مگر نام نہیں لیتے ہیں اس واقعہ کے ذمہ دار نواب ثنا اللہ زہری ہیں، میں اسماجتک کے والد کا قاتل نواب ثنا اللہ زہری کو سمجھتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ آپ ڈی آئی جی اور ایس پی کو کیوں بلا رہے ہیں ان کو گرفتار کر کے جیل میں ڈالیں جس پر اسپیکر نے کہا کہ میں آپ سے اتفاق کرتا ہوں۔ مولانا ہدایت الرحمٰن نے کہا کہ بلوچستان میں موجودہ حالات کے ذمہ دار نواب اور سردار ہیں، میں تو کہتا ہوں اس واقعہ پر وزیر داخلہ ضیا لانگو کو استعفیٰ دینا چاہیے۔ اس موقع پر مولانا ہدایت الرحمٰن اسماجتک کا واقعہ بیان کرتے ہوئے آب دیدہ ہو گئے ہم اسماجتک بہن سے شرمندہ ہیں۔ مولانا ہدایت الرحمٰن نے کہا کہ اگر قاتل گرفتار نہیں ہوتا، آئی جی پولیس اور ڈی آئی جی ملازمت سے فارغ نہیں ہوتے تو ہم سب کو اسمبلی کی رکنیت چھوڑ دینا چاہیے۔ صوبائی وزیر میر عاصم کرد گیلو نے کہا کہ نواب ثنا اللہ زہری اور ان کا بیٹا عمرے کے لیے گئے ان کا نام لینا مناسب نہیں۔ صوبائی وزیر داخلہ میر ضیا اللہ لانگو نے کہا کہ خضدار میں اسماجتک کے واقعہ پر ہم اور پورا بلوچستان ان کے ساتھ ہے وزیراعلیٰ بلوچستان بھی کل پوری رات اس خاندان کے ساتھ رابطے میں رہے، قاتل کی گرفتاری کیلئے چھاپے مارے جا رہے ہیں، پولیس کو ہدایت دی جا رہی ہے کہ وہ دو دن میں ملزم کو گرفتار کریں قاتل جتنا بھی طاقت ور ہوگا اس کو گرفتار کیا جائے گا۔ اسپیکر کیپٹن (ر) عبدالخالق اچکزئی نے رولنگ دی کہ اسماجتک کے معاملے پر اسپیکر نے آئی جی پولیس، ڈی آئی جی خضدار، ایس پی خضدار کو چیمبر میں طلب کیا جائے تاہم بعدازاں انہوں نے رولنگ دی کہ ہم آئی جی اور ڈی آئی جی کو نہیں بلاتے بلکہ دو دن کی مہلت دیتے ہیں کہ وہ قاتل کو گرفتار کریں۔ اجلاس میں پوائنٹ آف آرڈر پر اظہار خیال کرتے ہوئے صوبائی وزیر نور محمد دمڑ نے کہا کہ زیارت میں مانگی کا واقعہ بہت دردناک تھا، ہمارے پولیس کے جوانوں نے جوان مردی سے دہشت گردوں کا مقابلہ کیا، ہمیں ان واقعات پر سیاست کے بجائے دہشت گردوں کے خلاف متحد ہونا ہوگا، بعدازاں بلوچستان اسمبلی کا اجلاس 28 اگست تک ملتوی کر دیا گیا۔

بقیہ 24

دی گئی۔ ان میں 5 لاکھ میٹرک ٹن گندم درآمد کرنے، کم از کم اجرت میں 7.5 فیصد اضافے، پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ یونٹ کو حکومتی ملکیتی کمپنی میں تبدیل کرنے، سندھ پیپلز ہاؤسنگ فار فلڈ افیکٹیز پروگرام کو گلگت بلتستان تک توسیع دینے، نواب شاہ رانی پور (مہران ہائی وے) پر ٹول ٹیکس نافذ کرنے اور گورننس و عوامی خدمات کی فراہمی کو مزید مؤثر بنانے کے لیے متعدد ادارہ جاتی اصلاحات شامل ہیں۔ اجلاس وزیر اعلیٰ ہاؤس میں منعقد ہوا، جس میں صوبائی وزراء، مشیران، معاونین خصوصی، چیف سیکریٹری آصف حیدر شاہ، وزیراعلیٰ کے پرنسپل سیکریٹری آغا واصف عباس اور صوبائی حکومت کے اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ کابینہ سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ سید مراد علی شاہ نے کہا کہ سندھ حکومت معاشی استحکام، بنیادی ڈھانچے کی ترقی، سماجی تحفظ، ادارہ جاتی مضبوطی اور عوامی خدمات کی بہتری پر مبنی اصلاحاتی ایجنڈے پر عمل پیرا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج کیے گئے فیصلوں کا مقصد غذائی تحفظ کو یقینی بنانا، محنت کشوں کا تحفظ، انتظامی ڈھانچے کو جدید خطوط پر استوار کرنا، نجی سرمایہ کاری کو فروغ دینا اور سندھ میں پائیدار ترقی کو یقینی بنانا ہے۔ وزیر اعلیٰ نے تمام محکموں کو ہدایت کی کہ کابینہ کے فیصلوں پر بروقت عملدرآمد یقینی بنایا جائے اور اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ اصلاحات کے ثمرات براہ راست عوام تک پہنچیں۔ حکومتی اراضی کے انتظام سے متعلق مجوزہ سندھ گورنمنٹ لینڈز مینجمنٹ بل 2026 پر بھی کابینہ نے غور کیا، جس کا مقصد 1912 کے نوآبادیاتی دور کے قانون کالونائزیشن آف گورنمنٹ لینڈز ایکٹ 1912 کی جگہ حکومتی اراضی کے انتظام، الاٹمنٹ اور استعمال کے لیے جدید اور شفاف قانونی نظام متعارف کرانا ہے۔ مجوزہ قانون کے تحت اراضی کی مارکیٹ ویلیو کے مطابق قیمتوں کا تعین، شفاف عوامی نیلامی، الاٹمنٹ کے واضح معیار، مؤثر نفاذ اور شکایات کے ازالے کا نظام متعارف کرایا جائے گا۔ یہ فریم ورک زرعی اراضی کے ساتھ ساتھ صنعتی، رہائشی، تجارتی، عوامی مفاد اور سہولتوں کے منصوبوں پر بھی لاگو ہوگا۔ تفصیلی غور وخوض کے بعد وزیر اعلیٰ نے وزیر قانون، وزیر بلدیات، ایڈووکیٹ جنرل سندھ اور دیگر پر مشتمل کمیٹی قائم کرنے کا فیصلہ کیا، جو مجوزہ قانون کا مزید جائزہ لے کر اپنی سفارشات وزیر اعلیٰ کو پیش کرے گی، جس کے بعد اسے صوبائی اسمبلی میں پیش کیا جائے گا۔ مجوزہ قانون سے شفافیت، سرمایہ کاری، اراضی کے بہتر انتظام اور ریاستی اراضی کے مؤثر استعمال کو فروغ ملنے کی توقع ہے۔ کابینہ نے کم از کم اجرت بورڈ کی سفارشات کی منظوری دیتے ہوئے یکم جولائی 2026 سے صوبے بھر میں کم از کم اجرت میں 7.5 فیصد اضافے کی منظوری دے دی۔ نظر ثانی شدہ شرح کے تحت غیر ہنر مند مزدوروں کی کم از کم ماہانہ اجرت 40 ہزار روپے سے بڑھا کر 43 ہزار روپے کر دی گئی، جبکہ نیم ہنر مند، ہنر مند اور اعلیٰ ہنر مند کارکنوں کی اجرتوں میں بھی مناسب اضافہ کیا گیا۔ یہ فیصلہ سندھ بھر کے نوٹیفائیڈ صنعتی اور تجارتی اداروں میں کام کرنے والے کارکنوں پر لاگو ہوگا۔ کابینہ نے پیپلز کمیونٹی ہیلتھ سروسز کمپنی کے مالی سال 2026-27 کے بجٹ کی منظوری بھی دی، جس میں 20 کروڑ روپے بطور ابتدائی سرمایہ اور 2 ارب 72 کروڑ 30 لاکھ روپے کی گرانٹ شامل ہے۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 42 کے تحت قائم کی گئی اس کمپنی کا مقصد کمیونٹی سطح پر بنیادی صحت کی سہولتوں کو مضبوط بنانا اور محروم آبادی تک ان خدمات کو وسعت دینا ہے۔ کابینہ نے محترمہ سحر افتخار خان، پاکستان ایڈمنسٹریٹو سروس (گریڈ 19)، کو کمپنی کا چیف ایگزیکٹو آفیسر مقرر کرنے اور آئندہ بورڈ آف ڈائریکٹرز میں تبدیلیوں کی منظوری کا اختیار وزیر اعلیٰ کو دینے کی بھی منظوری دی۔ کابینہ نے مالی سال 2026-27 کے لیے غذائی ضروریات پوری کرنے کی غرض سے ٹریڈنگ کارپوریشن آف پاکستان کے ذریعے 5 لاکھ میٹرک ٹن گندم درآمد کرنے کی منظوری دی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ سندھ کو تقریباً 16 لاکھ 90 ہزار میٹرک ٹن گندم کی کمی کا سامنا ہوگا، جبکہ دستیاب گندم کا تخمینہ 48 لاکھ 40 ہزار میٹرک ٹن ہے، اس کے مقابلے میں سالانہ ضرورت 65 لاکھ 30 ہزار میٹرک ٹن ہے۔ تفصیلی غور کے بعد وفاقی حکومت کے تعاون سے ٹریڈنگ کارپوریشن آف پاکستان کے ذریعے گندم درآمد کرنے کی منظوری دی گئی۔ کابینہ نے ٹاؤن میونسپل کارپوریشن لیاری کے محکمہ تعلیم اور محکمہ صحت کے 254 کنٹریکٹ ملازمین کی خدمات میں 11 مارچ 2026 سے 10 مارچ 2027 تک ایک سال کی توسیع کی منظوری دی۔ ان ملازمین میں محکمہ تعلیم کے 176 اور محکمہ صحت کے 78 ملازمین شامل ہیں، جنہیں 2012-13 کے دوران کراچی میٹروپولیٹن کارپوریشن میں بھرتی کیا گیا تھا اور بعد ازاں بلدیاتی نظام کی تنظیم نو کے بعد متعلقہ اداروں کو منتقل کیا گیا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ ان ملازمین کی تنخواہیں ٹاؤن میونسپل کارپوریشن لیاری اپنے بجٹ سے ادا کرے گی اور صوبائی حکومت پر کوئی اضافی مالی بوجھ نہیں پڑے گا۔ کابینہ نے لیاری ٹرانسفارمیشن پروجیکٹ کے پہلے مرحلے کے ڈیزائن، ٹینڈر دستاویزات کی تیاری اور تعمیراتی نگرانی کے لیے نیشنل انجینئرنگ سروسز پاکستان کو مشیر مقرر کرنے کی منظوری دی۔ یہ فیصلہ پروجیکٹ اسٹیئرنگ کمیٹی کی سفارشات کی روشنی میں کیا گیا۔ نیشنل انجینئرنگ سروسز پاکستان اس منصوبے کا تفصیلی سروے اور فزیبلٹی اسٹڈی پہلے ہی مکمل کر چکا ہے، جو لیاری ٹاؤن انفراسٹرکچر ڈویلپمنٹ پلان 2040 کا حصہ ہے۔ کابینہ نے آف روڈ گاڑیوں کی رجسٹریشن منسوخی، موٹر ڈیلرز کے لیے ہولڈنگ پیریڈ میں رعایت اور ملکیت کی منتقلی کے وقت موٹر تھرڈ پارٹی انشورنس کے تسلسل سے متعلق تجاویز کا جائزہ لیا۔ وزیر اعلیٰ نے محکمہ ایکسائز، ٹیکسیشن اینڈ نارکوٹکس کنٹرول کو متعلقہ قوانین میں ضروری ترامیم کر کے تجاویز دوبارہ کابینہ میں پیش کرنے کی ہدایت دی۔ کابینہ نے پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ یونٹ کو مکمل طور پر حکومتی ملکیتی پرائیویٹ لمیٹڈ کمپنی میں تبدیل کرنے کی منظوری دی تاکہ ادارہ جاتی صلاحیت، منصوبوں پر عملدرآمد اور مالی استحکام کو مزید مضبوط بنایا جا سکے۔ کمپنی، کمپنیز ایکٹ 2017 کے تحت قائم کی جائے گی، موجودہ یونٹ کی جانشین ہوگی اور پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ پالیسی، گورننس، منصوبوں کی سہولت کاری اور پورٹ فولیو مینجمنٹ کی ذمہ دار ہوگی۔ کابینہ نے 8 ارب روپے مجاز سرمایہ، 2 ارب روپے ادا شدہ سرمایہ اور 50 کروڑ روپے بطور ابتدائی فنڈ کی منظوری دی۔ محکمہ خزانہ کو کمپنی کے قیام کی تمام قانونی کارروائی مکمل کرنے کی ہدایت دی گئی، جبکہ موجودہ ڈائریکٹر جنرل یونٹ کمپنی کے پہلے چیف ایگزیکٹو آفیسر ہوں گے۔ کابینہ نے سندھ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ ایکٹ میں ترامیم کی بھی منظوری دی تاکہ نئی کمپنی کو قانونی تحفظ فراہم کیا جا سکے۔ اس اقدام سے نجی سرمایہ کاری، ترقیاتی منصوبوں اور پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے نظام کو مزید مؤثر بنانے میں مدد ملے گی۔ کابینہ نے سندھ پیپلز ہاؤسنگ فار فلڈ افیکٹیز پروگرام کو گلگت بلتستان تک توسیع دینے کی منظوری دی، جہاں سیلاب سے متاثرہ 196 گھروں کی تعمیر نو تقریباً 37 کروڑ 63 لاکھ روپے کی لاگت سے کی جائے گی۔ کابینہ نے سندھ پیپلز ہاؤسنگ فار فلڈ افیکٹیز پروگرام کو گلگت بلتستان حکومت کی فراہم کردہ فہرست کی بنیاد پر تصدیق، رجسٹریشن اور رقوم کی ادائیگی کا اختیار دیا، جبکہ نیشنل رورل سپورٹ پروگرام کو عملدرآمد کا شراکت دار مقرر کیا گیا۔ یہ اقدام بلوچستان میں 4 ہزار 500 گھروں کی تعمیر نو میں سندھ حکومت کے تعاون کے تسلسل کا حصہ ہے۔ کابینہ نے 135 کلومیٹر طویل نواب شاہ۔رانی پور (مہران ہائی وے) پر بالخصوص بھاری اور تجارتی گاڑیوں کے لیے ٹول ٹیکس نافذ کرنے کی منظوری دی تاکہ سڑک کی دیکھ بھال اور بحالی کے لیے مستقل وسائل فراہم کیے جا سکیں۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ شہید بینظیر آباد، نوشہرو فیروز اور خیرپور کو ملانے والی اس شاہراہ سے روزانہ 22 ہزار سے زائد گاڑیاں گزرتی ہیں اور اس کی دوبارہ تعمیر تقریباً 41 ارب روپے کی لاگت سے جاری ہے۔ مجوزہ ٹول نظام سے سالانہ تقریباً 2 ارب 14 کروڑ روپے مجموعی جبکہ اخراجات کے بعد تقریباً ایک ارب 48 کروڑ روپے خالص آمدن حاصل ہونے کی توقع ہے۔ یہ آمدن شاہراہ کی دیکھ بھال، بحالی اور مزید بہتری پر خرچ کی جائے گی۔ کابینہ نے گاڑیوں کی درجہ بندی کے مطابق مقررہ ٹول ریٹ اور ٹول وصولی کے نظام کی منظوری بھی دی۔ کابینہ نے معیشت، خزانہ و صنعت، پانی، موسمیاتی تبدیلی اور مصنوعی ذہانت، ڈیجیٹل تبدیلی و ورچوئل اثاثوں سے متعلق چار اعلیٰ سطحی اصلاحاتی ٹاسک فورسز کی تشکیل کی منظوری دی۔ ان ٹاسک فورسز میں پاکستان اور بیرون ملک کے ممتاز ماہرین معاشیات، ماہرین تعلیم، صنعت، ماحولیات اور ٹیکنالوجی کے ماہرین شامل ہوں گے، جو حکومت کو پالیسی اصلاحات، ادارہ جاتی بہتری، سرمایہ کاری، اختراع اور پائیدار ترقی سے متعلق سفارشات دیں گے۔ کابینہ نے ٹاسک فورسز کو ہدایت کی کہ وہ شواہد پر مبنی پالیسی سازی کے لیے اپنی سفارشات پیش کریں۔ کابینہ نے ورکس اینڈ سروسز ڈیپارٹمنٹ کا روایتی نام بحال کرتے ہوئے اسے دوبارہ کمیونیکیشن اینڈ ورکس ڈیپارٹمنٹ قرار دینے کی منظوری دی جس کے لیے سندھ گورنمنٹ رولز آف بزنس 1986 میں ضروری ترامیم کی جائیں گی۔ یہ فیصلہ دیگر صوبوں اور وفاق میں رائج ناموں سے ہم آہنگی پیدا کرنے کے لیے کیا گیا۔ کابینہ نے شہید بینظیر بھٹو انسٹی ٹیوٹ فار ڈیموکریسی اینڈ فیڈرلزم کے بورڈ کی تشکیل کی منظوری دی۔ سینئر وزیر سید سردار علی شاہ کو بورڈ کا چیئرمین نامزد کیا گیا، جبکہ شہید بینظیر بھٹو کے خاندان، جامعات، دانشوروں، سول سوسائٹی اور متعلقہ سرکاری محکموں کے نمائندوں کو بھی بورڈ میں شامل کرنے کی منظوری دی گئی۔ یونیورسٹیز اینڈ بورڈز ڈیپارٹمنٹ کو ضروری نوٹیفکیشن جاری کرنے کی ہدایت دی گئی۔ کابینہ نے سندھ بھر کے ڈپٹی کمشنرز کو سندھ ایویکیو ٹرسٹ پراپرٹیز (مینجمنٹ اینڈ ڈسپوزل) ایکٹ 2021 کے تحت اپنے اپنے اضلاع میں ایویکیو ٹرسٹ املاک کا ایڈمنسٹریٹر مقرر کرنے کی منظوری دی۔ اس فیصلے کا مقصد متعلقہ املاک کے انتظام اور تحفظ کے لیے انتظامی نگرانی کو مزید مضبوط بنانا ہے۔ کابینہ نے انسدادِ دہشت گردی ایکٹ 1997 اور سندھ انسدادِ دہشت گردی (ترمیمی) ایکٹ 2025 میں مجوزہ ترامیم کی منظوری دے دی، جنہیں صوبائی اسمبلی میں پیش کیا جائے گا۔ ان ترامیم کا مقصد انسدادِ دہشت گردی کی عدالتوں کے انتظامی امور اور کارکردگی کو مؤثر بنانا اور دہشت گردی سے متعلق مقدمات کے جلد فیصلے یقینی بنانا ہے۔

بقیہ 25

دور سے دھوئیں کے گھنے بادل اٹھتے دیکھے گئے۔ ایرانی نشریاتی ادارے کے مطابق مختلف ذرائع نے دعویٰ کیا ہے کہ متحدہ عرب امارات کے ساحلی علاقے میں دھماکوں کے بعد آگ لگ گئی۔ عرب میڈیا نے مقامی ذرائع کے حوالے سے رپورٹ کیا ہے کہ دبئی کے جبل علی صنعتی علاقے میں تقریباً 20 منٹ کے دوران کم از کم سات دھماکوں کی آوازیں سنی گئیں، جس کے بعد علاقے میں تشویش کی لہر دوڑ گئی۔ تاحال دھماکوں کی نوعیت، ان کی وجوہات یا ممکنہ جانی و مالی نقصان کے بارے میں متحدہ عرب امارات کے حکام کی جانب سے کوئی باضابطہ بیان جاری نہیں کیا گیا۔ یہ بھی واضح نہیں ہو سکا کہ آیا دھماکے کسی صنعتی حادثے کے باعث ہوئے یا ان کے پیچھے کوئی اور وجہ کارفرما تھی۔ متعلقہ حکام کی جانب سے واقعے کی تحقیقات کیے جانے کا امکان ظاہر کیا جا رہا ہے۔ جبل علی بندرگاہ مشرق وسطیٰ کی اہم ترین تجارتی بندرگاہوں میں شمار ہوتی ہے، جہاں روزانہ بڑی تعداد میں تجارتی جہاز آمدورفت کرتے ہیں۔ اس لیے وہاں پیش آنے والا کوئی بھی غیر معمولی واقعہ عالمی تجارت اور بحری نقل و حمل کے حوالے سے بھی اہم سمجھا جاتا ہے۔ مزید سرکاری معلومات سامنے آنے کے بعد واقعے کی نوعیت اور اس کے اثرات کے بارے میں واضح تصویر سامنے آ سکے گی۔

بقیہ 26

صورتحال کے ساتھ ساتھ دوطرفہ تعاون کو مزید مستحکم کرنے کے امکانات پر خصوصی توجہ مرکوز کی گئی۔ وزیر دفاع نے علاقائی امن، سلامتی اور استحکام کے مشترکہ اہداف کے حصول کے لیے مسلسل رابطوں اور تعمیری بات چیت کی اہمیت پر زور دیا۔ ملاقات خوشگوار اور تعمیری ماحول میں منعقد ہوئی، جو باہمی دلچسپی کے امور پر مسلسل رابطے اور تعاون برقرار رکھنے کے حوالے سے دونوں فریقین کے مشترکہ عزم کی عکاسی کرتی ہے۔

بقیہ 27

سے جاری ہے، صرف تین برس میں سرکاری محصولات دوگنا ہو گئے۔ وہ جاپان انٹرنیشنل کوآپریشن ایجنسی (جائیکا) کے صدر ڈاکٹر تاناکا آکی ہیکو کی سربراہی میں 9 رکنی وفد سے گفتگو کر رہے تھے جس نے بدھ کو یہاں ان سے ملاقات کی۔ وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق ملاقات میں وفاقی وزرا احسن اقبال، احد خان چیمہ، ڈاکٹر مصدق مسعود ملک، حنیف عباسی، سردار اویس احمد خان لغاری، شزا فاطمہ خواجہ، معاونین خصوصی سید طارق فاطمی، ہارون اختر اور متعلقہ اداروں کے اعلیٰ افسران بھی موجود تھے۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان جاپان اور جائیکا کے ساتھ سات دہائیوں پر محیط دیرینہ شراکت داری کو انتہائی قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ جائیکا کے صدر کا دورہ پاکستان دونوں ممالک کے تعلقات کو مزید مضبوط کرے گا۔ وزیراعظم نے کہا کہ مشکل معاشی چیلنجز پر ٹیم ورک سے قابو پایا، اب پائیدار معاشی ترقی کے لیے اصلاحات کا عمل تیزی سے جاری ہے، حکومتی اصلاحات کے نتیجے میں صرف تین برس میں سرکاری محصولات دوگنا ہو گئیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ نوجوانوں کو ہنر، تکنیکی تربیت اور باعزت روزگار کے مواقع فراہم کرنا اور خواتین کو بااختیار بنانا حکومت کی اولین ترجیح ہے، معدنیات کے شعبے کی ترقی ہماری ترجیحات میں شامل ہے اور اس سلسلے میں جائیکا کے تکنیکی تعاون کا خیر مقدم کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کی ترقی اور فروغ کے لیے سمیڈا میں اصلاحات کر کے اسے ایک فعال اور مؤثر ادارہ بنایا، جائیکا کا سمیڈا کے ساتھ تعاون چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کے فروغ اور برآمدات میں اضافے کیلئے مفید ثابت ہوگا۔ وزیراعظم نے جائیکا کے صدر سے جاپان میں حالیہ زلزلے میں قیمتی انسانی جانوں کے نقصان پر افسوس کا اظہار کیا۔ ڈاکٹر تاناکا آکی ہیکو نے جاپان میں زلزلے سے قیمتی جانوں کے نقصان پر دکھ اور افسوس کا اظہار کرنے پر وزیراعظم کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے پاکستان میں شاندار مہمان نوازی پر بھی اظہار تشکر کیا

بقیہ 28

کر لیا قرارداد وزیراعلیٰ میر سرفراز احمد بگٹی، صوبائی وزراء میر محمد صادق عمرانی، میر ظہور احمد بلیدی، میر شعیب نوشیروانی، فیصل خان جمالی اور پارلیمانی سیکرٹری برکت علی رند کی جانب سے مشترکہ طور پر پیش کی گئی قرارداد میں 5 اگست 2019 کو بھارت کی جانب سے بھارتی آئین کے آرٹیکل 370 اور 35(A) کو یکطرفہ طور پر منسوخ کرنے کے اقدام کو غیر آئینی، غیر قانونی اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کی صریح خلاف ورزی قرار دیتے ہوئے اس کی شدید الفاظ میں مذمت کی گئی قرارداد میں کہا گیا کہ آرٹیکل 370 مقبوضہ جموں و کشمیر کو خصوصی آئینی حیثیت، اپنا آئین، اپنا پرچم اور داخلی خودمختاری فراہم کرتا تھا جبکہ آرٹیکل 35(A) ریاست کے مستقل باشندوں کو سرکاری ملازمت، جائیداد اور سکونت کے خصوصی حقوق دیتا تھا۔ ان دفعات کے خاتمے کے ذریعے بھارت نے کشمیری عوام کی شناخت، آئینی حیثیت اور بنیادی حقوق سلب کرنے کی کوشش کی ہے ایوان نے اس امر پر شدید تشویش کا اظہار کیا کہ ان اقدامات کے ذریعے مقبوضہ جموں و کشمیر کی متنازعہ حیثیت کو یکطرفہ طور پر تبدیل کرتے ہوئے آبادی کا تناسب بدلنے کی کوشش کی جا رہی ہے، جبکہ غیر کشمیری افراد کو زمینوں کی خریداری اور سرکاری ملازمتوں تک رسائی دے کر بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی کی جا رہی ہے قرارداد میں مقبوضہ جموں و کشمیر میں ریاستی دہشت گردی، محاصروں، ماورائے عدالت گرفتاریوں، انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں اور میڈیا پر عائد پابندیوں کی بھی شدید مذمت کی گئی اور کہا گیا کہ یہ اقدامات کشمیری عوام کے حق خودارادیت اور ان کی جائز امنگوں کو دبانے کی ناکام کوشش ہیں بلوچستان اسمبلی نے مقبوضہ جموں و کشمیر کے عوام کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان کشمیری عوام کی سیاسی، سفارتی، اخلاقی اور قانونی حمایت جاری رکھے گا اور انہیں کبھی تنہا نہیں چھوڑے گا قرارداد میں 5 اگست کو ہر سال "یوم استحصال کشمیر" کے طور پر منانے کی توثیق کرتے ہوئے اس عزم کا بھی اظہار کیا گیا کہ ملک بھر میں اس دن مختلف تقریبات کے ذریعے عالمی برادری کو بھارتی مظالم سے آگاہ کیا جائے گا اور کشمیری عوام کی جدوجہد کو بھرپور انداز میں اجاگر کیا جائے گا ایوان نے صوبائی حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ وفاقی حکومت سے رجوع کرے تاکہ مسئلہ کشمیر کو اقوام متحدہ، اسلامی تعاون تنظیم (او آئی سی) اور دیگر بین الاقوامی فورمز پر مؤثر اور فعال سفارتکاری کے ذریعے مزید بھرپور انداز میں اٹھایا جائے، جبکہ مقبوضہ جموں و کشمیر کے عوام کی قانونی اور سفارتی معاونت کے لیے ایک جامع قومی حکمت عملی بھی تشکیل دی جائے قرارداد کے اختتام پر مقبوضہ جموں و کشمیر کے عوام کی عظیم قربانیوں، ثابت قدمی اور جدوجہد آزادی کو زبردست خراج تحسین پیش کیا گیا اور بارگاہ الٰہی میں دعا کی گئی کہ اللہ تعالیٰ کشمیری عوام کو ظلم و جبر سے جلد نجات عطا فرمائے اور انہیں آزادی، امن اور انصاف کی نعمت سے سرفراز کرے۔

بقیہ 29

کرتے ہوئے ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا کہ حکومت کا خاتمہ کسی کی خواہش تو ہو سکتی ہے لیکن ایسے کوئی حالات نہیں، حکومت اپنی آئینی مدت پوری کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی آزاد کشمیر بلاول بھٹو زرداری کو مس گائیڈ کر رہی ہے، بلاول بھٹو شفاف انتخابات کو سیاسی مقاصد کیلئے متنازع بنا کر جلتی پر پٹرول ڈالنے کا کام کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کشمیر کے جو حالات ہیں پیپلز پارٹی جلتی پر پٹرول ڈالنے کا کام کر رہی ہے، آزاد کشمیر کے انتخابات کو متنازع بنانا پاکستان اور کشمیر کاز سے زیادتی ہے۔ نئے صوبوں کے قیام کے حوالے سے طارق فضل چوہدری نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) نے کبھی اِس پر اعتراض نہیں کیا، تاہم نئے انتظامی یونٹس کا قیام سیاسی عمل اور مشاورت کے ذریعے ہی ممکن ہے، نئے صوبوں کا قیام کسی ایک جماعت یا صوبے کا مسئلہ نہیں، سیاسی عمل کے ذریعے ہی نئے انتظامی یونٹ بنائے جا سکتے ہیں۔

بقیہ 30

عمارتیں تباہ ہونے سے ہلاکتوں میں اضافے کا خدشہ ظاہر کیا جا رہا ہے۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق یوکرینی فضائیہ نے بتایا کہ روس نے حملوں کے دوران 24 بیلسٹک میزائل، چار اینٹی شپ میزائل اور 115 ڈرون داغے۔ فضائی دفاعی نظام نے 98 ڈرون تباہ کرنے کا دعویٰ کیا، تاہم متعدد میزائل اور ڈرون اپنے اہداف تک پہنچنے میں کامیاب رہے۔ حملوں میں رہائشی عمارتوں، ریلوے اسٹیشن، گوداموں اور دیگر شہری تنصیبات کو نشانہ بنایا گیا، جبکہ کئی مقامات پر شدید آگ بھڑک اٹھی۔ متعدد رہائشی عمارتیں منہدم ہونے سے درجنوں افراد ملبے تلے دب گئے، جنہیں نکالنے کے لیے امدادی کارروائیاں جاری ہیں اور فائر بریگیڈ آگ بجھانے میں مصروف ہے۔ کیف کے میئر کے مطابق دارالحکومت میں 3 افراد ہلاک اور 16 زخمی ہوئے، جبکہ کیف کے گرد و نواح میں 18 افراد جان کی بازی ہار گئے اور 29 زخمی ہوئے۔ حکام نے خبردار کیا ہے کہ ملبے تلے مزید افراد موجود ہو سکتے ہیں، جس کے باعث ہلاکتوں میں اضافے کا امکان ہے۔ ان حملوں کو رواں برس کیف پر ہونے والے مہلک ترین حملوں میں شمار کیا جا رہا ہے۔ یوکرین کے صدر ولادیمیر زیلنسکی نے حملوں کے بعد کہا کہ اگر اتحادی ممالک بروقت بیلسٹک میزائل روکنے والے انٹرسیپٹر فراہم کرتے تو کئی قیمتی جانیں بچائی جا سکتی تھیں، انہوں نے نیٹو رکن ممالک کا نام لیے بغیر فضائی دفاعی نظام کی فراہمی میں تاخیر پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس کے باعث یوکرین کو بھاری جانی اور مالی نقصان اٹھانا پڑ رہا ہے۔ دوسری جانب روسی وزارت دفاع نے دعویٰ کیا کہ حملوں میں کیف اور اس کے اطراف موجود ایسے لاجسٹک مراکز اور سپلائی ڈپو کو نشانہ بنایا گیا جہاں ہتھیار، فوجی ساز و سامان اور ڈرون محفوظ کیے جا رہے تھے، روس نے یہ بھی دعویٰ کیا کہ بحیرہ اسود میں اوڈیسا کی بندرگاہ کے قریب تین کارگو جہازوں کو نشانہ بنایا گیا جو مبینہ طور پر فوجی سامان لے جا رہے تھے۔ ادھر یوکرین نے بھی روسی علاقوں پر ڈرون حملے جاری رکھے۔ روس کے علاقے تولا کے گورنر کے مطابق ایک یوکرینی ڈرون ای کامرس کمپنی کے گودام سے ٹکرا گیا، جس کے نتیجے میں آگ لگ گئی اور ایک شخص زخمی ہو گیا، تاہم کوئی ہلاکت رپورٹ نہیں ہوئی۔ یاد رہے کہ یوکرین کئی ماہ سے امریکا سے مزید پیٹریاٹ فضائی دفاعی نظام اور ان کے انٹرسیپٹر میزائل فراہم کرنے کا مطالبہ کر رہا ہے۔

بقیہ 31

سعید اللہ، بی این پی عوامی سے حاجی ارشاد، اقبال غلام جان، شعیب احمد، علی بخش، محبت خان، مرزا جمیل احمد، شبیر احمد ڈاکٹر محمد حنیف، اور سمیع اللہ نے بی این پی مینگل سے استعفیٰ دیا، ان تمام سیاسی کارکنوں نے سینکڑوں ساتھیوں اور خاندان کے افراد کے ساتھ نیشنل پارٹی میں شمولیت کا اعلان کیا، اس موقع پر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے کہا کہ ہم نے اسلام آباد کے سامنے بلوچستان کا مقدمہ رکھا ہے کہ اگر ہمارے تجویز کردہ نقاط پر عمل درآمد کیا جاتا ہے تو بلوچستان میں جو صورتحال ہے اس میں بہتری آ سکتی ہے، انہوں نے واضح کیا کہ بلوچستان کے عوام کا حق حاکمیت تسلیم کر کے انتخابات میں مداخلت بند کی جائے، لاپتہ افراد کا مسئلہ مستقل طور پر حل کر کے لوگوں کو لاپتہ کرنے اور مسخ شدہ لاشیں گرانے کا سلسلہ بند کیا جائے، ڈاکٹر ماہرنگ بلوچ سمیت ان کے ساتھیوں کو رہا کیا جائے، طاقت کے استعمال سے گریز کر کے مائنڈ سیٹ اور دھمکی آمیز لہجے میں تبدیلی لائی جائے، بیروزگار نوجوانوں کو میرٹ کی بنیاد پر روزگار دی جائے اور وفاقی ملازمتوں میں بلوچستان کے کوٹہ پر شفاف عملدرآمد کیا جائے ساحل اور وسائل پر بلوچستان کے عوام کی حق حاکمیت تسلیم کی جائے 1973 کے آئین اور اٹھارہویں ترمیم کو چھیڑنے کے بجائے ان پر من وعن عمل درآمد کیا جائے، این ایف سی ایوارڈ کو نہیں چھیڑا جائے، مزید صوبے بنانے کے خیال کو ترک کیا جائے، بارڈر ٹریڈ پر پر پابندی ختم بیس لاکھ افراد کو نان شبینہ کا محتاج بنانے کا رل ترک کیا جائے، بدنام زمانہ فورتھ شیڈول ختم کر کے سیاسی اور سماجی کارکنوں کو حراساں کر کے ان کی زندگی اجیرن کرنے کا عمل ختم کیا جائے، تمام غیر ضروری چیک پوسٹ ختم کیا جائے، طلبا کے فیسوں کی ادائیگی سرکاری سطع پر کیا جائے، بلدیاتی اداروں کو مضبوط بنایا جائے۔ ڈاکٹر مالک بلوچ نے نیشنل پارٹی کوئٹہ کے صدر حاجی عطا محمد بنگلزئی، جنرل سیکرٹری عبدالصمد رند کو ان کی ٹیم کے ساتھ مبارکباد پیش کی، انہوں نے خیر جان بلوچ کے قریبی عزیز عبدالغفور رند کے گھر پر حملہ ان کے فرزند عبدالاحد رود کی شہادت پر افسوس کا اظہار کیا پنجگور میں رحمت صالح بلوچ کے بھائی ولید بلوچ کے بہمانہ قتل کو کھلی دہشتگردی قرار دی، ڈاکٹر مالک بلوچ نے کہا ہم نے ہمیشہ سے اقتدار پر اقدار کو فوقیت دی ہے تقریب سے پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل میر کبیر محمد شہی نے کہا کہ نیشنل پارٹی بلوچستان کی سطع پر سیاسی و جمہوری جماعتوں پر مشتمل فرنٹ بنانے کا خواہاں ہے نسلی ولسانی بنیادوں پر جرگوں کے انعقاد سے بلوچ پشتون برادر اقوام کے درمیان نفرتوں میں اضافہ ہوگا جو کہ دونوں اقوام کو قابل قبول نہیں انہوں نے خضدار میں اسما جتک کے والد ماسٹر عنایت اللہ کے بہمانہ قتل کی شدید مذمت کی تقریب سے صوبائی صدر بلوچستان اسلم بلوچ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان بدترین سیاسی و بدانتظامی کا شکار ہے کرپشن عروج پر ہے پاسپورٹ کی وقعت ختم ہو گئی ہے بیرونی سرمایہ کاری نہ ہونے کے برابر ہے حکمران سب اچھا کا راگ الاپتے ہیں، صوبائی اسمبلی میں نیشنل پارٹی کے ڈپٹی پارلیمانی لیڈر رحمت صالح بلوچ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ فارم 47 کے ذریعے آنے والے جعلی نمائندے اپنے حلقوں تک نہیں جا سکتے کوئٹہ میں بیٹھ کر میڈیا پر دن رات غلط بیانی کے ذریعے اپنے کھوئے ہوئے ساکھ کو بچانے کے چکر میں رہتے ہیں، تقریب سے میر شاوس بزنجو، چنگیز حئی بلوچ، رکن قومی اسمبلی پھلین بلوچ، رکن صوبائی اسمبلی کلثوم نیاز بلوچ، دادمحمد بلوچ، حاجی عطا محمد بنگلزئی، حاجی اسلام بلوچ خیر بخش بلوچ، ابرار برکت بلوچ، آغا شاہ حسین، داد محمد بلوچ، شیر احمد رند اور دیگر نے بھی خطاب کیا۔ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی عبدالصمد رند نے ادا کی۔

بقیہ 32

بھارت کا مکروہ چہرہ بے نقاب ہوا، 75 سال سے کشمیریوں پر ہونیوالے مظالم پر اقوام عالم کی خاموشی معنی خیز ہے۔ اپنے بیان میں مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ بھارتی مظالم کیخلاف کشمیری بھائیوں کے شانہ بشانہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کشمیریوں کے حق خودارادیت اور جدوجہد آزادی کی مکمل حمایت کرتے ہیں۔

بقیہ 33

تنہائی میں رکھنے، امتیازی یا غیر مساوی سلوک کی تردید کر دی۔ سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل نے اپنی رپورٹ میں کہا کہ جیلوں میں قید تنہائی کا نظام تقریباً ختم ہو چکا اب یہ رائج نہیں، نہ ہی عدالتیں طویل عرصے سے ایسی سزا دے رہی ہیں، اڈیالہ جیل میں کوئی بھی قیدی بشمول بانی پی ٹی آئی کو قید تنہائی میں نہیں رکھا گیا، بانی پی ٹی آئی کو سزا ہو چکی وہ قانون کے مطابق قید کاٹ رہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ بانی پی ٹی آئی کے ساتھ دوسرے قیدیوں کی طرح ہی قانونی سلوک کیا جا رہا ہے، ان کیساتھ کوئی امتیازی یا غیر مساوی برتاؤ نہیں کیا جا رہا، البتہ ان کے بہتر کلاس قیدی ہونے کی وجہ سے کچھ اضافی سہولیات فراہم کی گئی ہیں، سابق وزیر اعظم اور سیاسی جماعت کے سربراہ کی حیثیت سے ان کے لیے سیکیورٹی کے خصوصی انتظامات ہیں۔ رپورٹ کے مطابق عام قیدیوں کو بانی پی ٹی آئی کے رہائشی حصے تک رسائی نہیں دی جاتی، بانی کو جو سہولیات حاصل ہیں ان سے بھی ظاہر ہوتا ہے یہ قیدی تنہائی نہیں، بانی پی ٹی آئی کا سیل 7 کمپاؤنڈز پر مشتمل ہے جن میں وہ دن بھر آزادانہ چل پھر سکتے ہیں، صرف رات کے مخصوص اوقات میں بانی پی ٹی آئی اپنے سیل میں رہتے ہیں، جیل افسران اور عملہ بانی کی ضروریات کے حوالے سے وقتاً فوقتاً ان سے رابطے میں رہتا ہے مجھے بھی آگاہ کرتا ہے۔ رپورٹ کے مطابق ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ جیل معمول کے مطابق بانی سے ملاقات کرتا ہے ضرورت پڑنے پر خصوصی ملاقات بھی کرتا ہے، جیل کے ڈاکٹر روزانہ تین مرتبہ ان کا معائنہ کرتے ہیں کھانے کی جانچ کرتے ہیں، بانی کا بلڈ پریشر، دل کی دھڑکن اور آکسیجن سیچوریشن سمیت دیگر طبی علامات چیک کرتے ہیں اور ان کو بتایا بھی جاتا ہے، ضرورت پڑنے پر بانی کا اضافی طبی معائنہ بھی کیا جاتا ہے۔ رپورٹ کے مطابق بانی کے لیے ایک کل وقتی سزا یافتہ قیدی مقرر ہے جو بانی کے منتخب کردہ مینو کے مطابق روزانہ تین وقت کا کھانا تیار کرتا ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ بانی پی ٹی آئی کو قدرتی روشنی، تازہ ہوا اور طلوع آفتاب سے غروب آفتاب تک ورزش کی سہولت حاصل ہے، جیل مینوئل کے مطابق بانی کی رازداری بھی یقینی بنائی گئی ہے۔ حکام کے مطابق بانی صبح لاک اپ کھلنے سے شام لاک اپ ہونے تک آزادانہ نقل و حرکت کر سکتے ہیں دن بھر اپنی پسند کے مطابق سرگرمی کر سکتے ہیں، بانی کی قید کی جگہ محفوظ اور مکمل نگرانی میں ہے جہاں جیل عملہ مناسب تعداد میں موجود ہے۔ سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل نے کہا کہ میں اور جیل کے دیگر افسران بانی کے قید کی جگہ کے حفاظتی انتظامات کا باقاعدگی سے جائزہ لیتے رہتے ہیں، جیل قواعد کے مطابق بانی کو ہر منگل اپنی اہلیہ بشریٰ عمران سے ملاقات کی اجازت ہے، بانی پی ٹی آئی کو باقاعدگی سے اپنی پسند کے اخبارات اور کتابیں فراہم کی جاتی ہیں۔ رپورٹ کے مطابق فرینڈ آف کورٹ کے طور پر سلمان صفدر نے 10 فروری 2026 کو بانی کے سیل کا معائنہ بھی کیا تھا، انہوں نے بانی کی رہائشی اور قیدی حالات کا باریک بینی سے جائزہ لیا تھا رپورٹ سپریم کورٹ میں جمع کرائی تھی جس میں کہا گیا کہ بانی کی حراست اور رہائشی حالات مناسب اور اطمینان بخش ہیں، اور ان میں قید تنہائی کا معمولی سا بھی عنصر موجود نہیں، درخواست گزار علیمہ خانم کے الزامات محض قیاس آرائی اور بے بنیاد ہیں لہٰذا استدعا ہے درخواست کو بے بنیاد قرار دے کر مسترد کیا جائے۔ جسٹس خادم حسین سومرو کل قید تنہائی سے متعلق درخواست پر سماعت کریں گے، جیل سپرنٹنڈنٹ نے کیس میں اپنا جواب جمع کروا دیا۔

بقیہ 34

حدیدہ بندرگاہ کے قریب بحیرہ احمر میں ہوا جس سے جہاز غرق ہو گیا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق یہ واضح نہیں ہو سکا کہ حملہ کس نے کیا تاہم کوسٹ گارڈ نے جہاز کے تمام عملے کو بحفاظت بچا لیا ہے۔ جہاز پر 14 افراد سوار تھے جن میں 13 بھارتی شہری اور ایک یمنی شامل تھا۔

بقیہ 35

جمع کرانے کے طریقہ کار میں بڑی تبدیلی کا فیصلہ کر لیا، حج سکیم کے تحت اب 14 بینکوں کی بجائے صرف ایک بینک کے ذریعے ادائیگیاں وصول کی جائیں گی۔ ذرائع کے مطابق حج 2027ء کے سرکاری اور نجی حج اخراجات کی ادائیگی کیلئے حبیب بینک کا انتخاب کیا گیا ہے، عازمین حج کو رقم جمع کرانے کیلئے بینک برانچ جانے کی ضرورت نہیں ہوگی، بلکہ وہ گھر بیٹھے آن لائن بھی ادائیگی کر سکیں گے، جبکہ برانچ کے ذریعے ادائیگی کی سہولت بھی صرف حبیب بینک پر دستیاب ہوگی۔ ذرائع کے مطابق وزارت مذہبی امور اور حبیب بینک کے درمیان جلد باضابطہ معاہدے پر دستخط کیے جائیں گے، جس کے بعد سرکاری حج اسکیم کے تمام مالی معاملات اسی بینک کے سپرد ہوں گے۔ ذرائع کے مطابق سرکاری حج سکیم کے تحت درخواستوں کی وصولی اگست کے وسط سے شروع ہونے کا امکان ہے، جبکہ درخواستوں کا باقاعدہ شیڈول بھی جلد جاری کیا جائے گا۔ 2027ء کے کوٹہ کے تحت ایک لاکھ 79 ہزار 210 پاکستانی فریضہ حج ادا کریں گے، سرکاری سکیم کیلئے 60 فیصد اور نجی سکیم کیلئے 40 فیصد کوٹہ مقرر ہے، سرکاری حج اسکیم کے تحت ایک لاکھ 7 ہزار 832 عازمین فریضہ حج ادا کریں گے، نجی سکیم کے کوٹے کے تحت 71 ہزار 888 عازمین حجاز مقدس جائیں گے۔ کرتے ہوئے انہوں نے کہا ہے کہ اسٹیٹ بینک نے فری لانسرز کو سہولتیں دے کر ترسیلاتِ زر کو بڑھایا۔ جمیل احمد کا کہنا ہے کہ اسلامی بینکاری کے لیے اسٹیئرنگ کمیٹی قائم کر رکھی ہے، اسٹیٹ بینک اپنے فریم ورک کو شریعہ کمپلائنٹ بنانے پر کام کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ قائد اعظم نے 1948 میں اسٹیٹ بینک کے افتتاح پر اسلامی مالیاتی نظام دینے کا وعدہ کیا تھا، اسلامی بینکاری نظام کے نفاذ کے لیے حکومت نے دسمبر 2027ء کی حکمتِ عملی وضع کی ہے۔ گورنر اسٹیٹ بینک کا کہنا ہے کہ حکومتی اثاثوں کے لیے جامع اثاثہ رجسٹر بنانے پر کام ہو رہا ہے، اسلامی بینکاری کے لیے افرادی قوت کی صلاحیت بڑھانا ضرورت ہے۔

بقیہ 36

کرتے ہوئے انہوں نے کہا ہے کہ اسٹیٹ بینک نے فری لانسرز کو سہولتیں دے کر ترسیلاتِ زر کو بڑھایا۔ جمیل احمد کا کہنا ہے کہ اسلامی بینکاری کے لیے اسٹیئرنگ کمیٹی قائم کر رکھی ہے، اسٹیٹ بینک اپنے فریم ورک کو شریعہ کمپلائنٹ بنانے پر کام کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ قائد اعظم نے 1948ء میں اسٹیٹ بینک کے افتتاح پر اسلامی مالیاتی نظام دینے کا وعدہ کیا تھا، اسلامی بینکاری نظام کے نفاذ کے لیے حکومت نے دسمبر 2027ء کی حکمت عملی وضع کی ہے۔ گورنر اسٹیٹ بینک کا کہنا ہے کہ حکومتی اثاثوں کے لیے جامع اثاثہ رجسٹر بنانے پر کام ہو رہا ہے، اسلامی بینکاری کے لیے افرادی قوت کی صلاحیت بڑھانا ضرورت ہے۔

بقیہ 37

مسترد کر دیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق صدر مسعود پزشکیان نے سپریم لیڈر آیت اللہ سید مجتبیٰ خامنہ ای سے اختلافات کی خبروں کی بھی تردید کر دی۔ اپنی انتظامیہ کو دو سال مکمل ہونے پر ٹی وی انٹرویو میں مسعود پزشکیان نے کہا کہ وہ عہدے پر برقرار رہیں گے اور بحیثیت صدر کام جاری رکھیں گے۔ صدر پزشکیان نے کہا کہ انکی حکومت اور مسلح افواج میں مکمل رابطہ ہے۔ اپنے استعفی کی خبروں سے متعلق سوال پر صدر پزشکیان نے کہا کہ اگر انہوں نے کبھی استعفی کا فیصلہ کیا تو وہ اسکا خود اعلان کر دیں گے ہم انکا مستعفی ہونے کا ارادہ نہیں اور وہ اس بات پر قائم رہیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بعض لوگوں کی یہ کوشش ضرور ہے کہ وہ یہ تاثر پیدا کریں کہ انتظامیہ اور سپریم لیڈر آیت اللہ سید مجتبیٰ خامنہ ای کے درمیان اختلافات ہوں۔ اس سے پہلے ایرانی صدر کے ڈپٹی انفارمیشن افسر مہدی طباطبائی نے کہا تھا کہ سیاسی انتہاپسند افواہیں پھیلا رہے ہیں تاکہ قومی اتحاد کو نقصان اور ایران کے دشمنوں کے مفادات کو فائدہ پہنچایا جائے۔

بقیہ 38

رشید نامی شخص، اس کی بھابھی اور کمسن بھتیجا جاں بحق اور 3 بچے زخمی ہوئے۔ زخمیوں کو طبی امداد کے لیے ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ پولیس کے مطابق واقعے کا مقدمہ تاحال درج نہیں کیا گیا اور مزید تحقیقات جاری ہیں۔ دوسری جانب بلوچستان کے ضلع چمن میں قومی شاہراہ کی تعمیر پر مامور مزدوروں پر نامعلوم افراد نے دستی بم حملہ کر دیا۔ پولیس کے مطابق حملے کے وقت مزدور سو رہے تھے کہ ان پر دستی بم پھینکا گیا جس کے نتیجے میں ایک مزدور جاں بحق اور 4 دیگر زخمی ہو گئے۔ پولیس کے مطابق زخمی مزدوروں کو ابتدائی طبی امداد کے بعد مزید علاج کیلئے کوئٹہ منتقل کر دیا گیا ہے جبکہ حملہ آوروں کی تلاش اور واقعے کی تحقیقات جاری ہیں۔

بقیہ 39

مالیاتی ادارے بھی الیکشن کمیشن کی طلب کردہ وضاحت دینے کے پابند ہوں گے اور الیکشن کمیشن وضاحت جمع کرانے کے لیے مقررہ مدت بھی طے کرے گا۔ دستاویز کے مطابق مجوزہ ترمیم رول 137 میں نئی سب شق کے اضافے کی صورت میں پیش کی گئی۔ الیکشن کمیشن نے مجوزہ ترمیم پر عوام سے اعتراضات اور تجاویز طلب کر لیں۔ الیکشن کمیشن کے مطابق اعتراضات اور تجاویز 15 اگست 2026 تک الیکشن کمیشن سیکرٹریٹ میں جمع کرائی جا سکیں گی۔ موصولہ اعتراضات اور تجاویز پر سماعت کے بعد الیکشن کمیشن فیصلہ کرے گا۔

بقیہ 40

مارکیٹ میں نئی تاریخ رقم کر دی۔ سرمایہ کاروں کی بھرپور خریداری، بلیو چپ کمپنیوں میں مضبوط دلچسپی اور مختلف اہم شعبوں میں سرمایہ کاری کے باعث بینچ مارک کے ایس ای-100 انڈیکس پہلی مرتبہ ایک لاکھ 80 ہزار پوائنٹس کی نفسیاتی حد عبور کرتے ہوئے 2 ہزار 931.71 پوائنٹس (1.66 فیصد) اضافے سے ایک لاکھ 80 ہزار 14.93 پوائنٹس پر بند ہوا۔ دورانِ کاروبار انڈیکس ایک موقع پر ایک لاکھ 80 ہزار 202.39 پوائنٹس کی بلند ترین سطح تک بھی پہنچا، جو مارکیٹ میں جاری تیزی کی شدت کا مظہر ہے۔ مارکیٹ ماہرین کے مطابق حالیہ سیشن میں سرمایہ کاروں کے اعتماد میں اضافہ، بڑے ادارہ جاتی سرمایہ کاروں کی خریداری اور بنیادی شعبوں میں سرمایہ کی آمد نے مارکیٹ کو نئی بلند ترین سطح تک پہنچانے میں اہم کردار ادا کیا۔ ان کا کہنا ہے کہ بینکنگ، فرٹیلائزر، سیمنٹ، آئل اینڈ گیس اور دیگر بڑے شعبوں کے حصص میں نمایاں خریداری سے مجموعی مارکیٹ کا رجحان انتہائی مثبت رہا، جبکہ سرمایہ کاروں نے نسبتاً مضبوط مالی بنیاد رکھنے والی کمپنیوں کو ترجیح دی۔ کاروبار کے اختتام پر مجموعی طور پر 496 کمپنیوں کے حصص میں لین دین ہوا، جن میں سے 303 کمپنیوں کے حصص کی قیمتوں میں اضافہ، 158 میں کمی جبکہ 35 کمپنیوں کے حصص کی قیمتیں بغیر کسی تبدیلی کے بند ہوئیں۔ مثبت اور منفی حصص کا یہ تناسب واضح کرتا ہے کہ مارکیٹ میں تیزی صرف چند منتخب کمپنیوں تک محدود نہیں رہی بلکہ اس کا دائرہ نسبتاً وسیع رہا۔ مارکیٹ میں کاروباری سرگرمی بھی نمایاں رہی۔ ریڈی مارکیٹ میں 74 کروڑ 5 لاکھ 58 ہزار 844 حصص کے سودے ہوئے، جو گزشتہ سیشن کے مقابلے میں زیادہ تھے، جبکہ کاروباری مالیت بڑھ کر 35 ارب 90 کروڑ روپے سے تجاوز کر گئی۔ مارکیٹ کی مجموعی سرمایہ کاری (مارکیٹ کیپٹلائزیشن) بھی بڑھ کر 20.09 کھرب روپے سے زائد ہو گئی، جو سرمایہ کاروں کی جانب سے حصص کی قیمتوں میں مجموعی اضافے کی عکاسی کرتی ہے۔ کاروباری حجم کے لحاظ سے ٹرسٹ بروکریج سرفہرست رہی، جبکہ ورلڈ کال ٹیلی کام، سینیر جیکو پاکستان، بینک آف پنجاب، یونٹی فوڈز، ٹی پی ایل پراپرٹیز، سامبا بینک، پاکستان ریفائنری، دادا بھائی سیمنٹ اور پاکستان انٹرنیشنل بلک ٹرمینل بھی سرگرم ترین حصص میں شامل رہے، جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ سرمایہ کاروں کی دلچسپی مختلف شعبوں میں برقرار رہی۔ انفرادی کمپنیوں میں پی آئی اے ہولڈنگ کمپنی (بی) کے حصص کی قیمت میں 336 روپے اور تھل انڈسٹریز کے حصص میں 121.67 روپے کا نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا، جبکہ یونی لیور پاکستان فوڈز کے حصص 86 روپے اور خیبر ٹیکسٹائل ملز کے حصص 59.78 روپے کی کمی کے ساتھ نمایاں خسارے والے حصص رہے۔ کاروباری حلقوں کا کہنا ہے کہ اگر آئندہ سیشنز میں بھی ادارہ جاتی خریداری اور مثبت سرمایہ کاری کا رجحان برقرار رہا تو پاکستان اسٹاک ایکسچینج مزید نئی بلندیاں بھی چھو سکتی ہے، تاہم سرمایہ کار عالمی معاشی حالات، شرح سود اور آئندہ معاشی پالیسیوں پر بھی گہری نظر رکھے ہوئے ہیں۔

بقیہ 41

پر دوسرے مرحلے کے ضمنی بلدیاتی انتخابات 09 اگست 2026 کو منعقد ہو رہے ہیں، جن کے انعقاد کے لئے تمام انتظامات مکمل کر لئے گئے ہیں۔ ان انتخابات میں کل 39 امیدوار حصہ لے رہے ہیں۔ یہ ضمنی انتخابات ضلع ژوب، لورالائی، سبی، قلات، خضدار اور حب کے مختلف میونسپل کمیٹیز، میونسپل کارپوریشن اور یونین کونسلز میں منعقد ہوں گے۔ ان حلقوں میں رجسٹرڈ ووٹرز کی مجموعی تعداد 12 ہزار 357 ہے، جن میں 6 ہزار 485 مرد اور 5 ہزار 872 خواتین ووٹرز شامل ہیں۔ پولنگ کے لئے مجموعی طور پر 17 پولنگ اسٹیشنز قائم کئے گئے ہیں، جن میں 5 مرد، 5 خواتین جبکہ 7 مشترکہ پولنگ اسٹیشنز شامل ہیں۔ سیکیورٹی انتظامات کے تحت 05 پولنگ اسٹیشنز کو انتہائی حساس، 10 کو حساس جبکہ 02 پولنگ اسٹیشنز کو نارمل قرار دیا گیا ہے۔ دوسرے مرحلے کے ضمنی بلدیاتی انتخابات کے صاف، شفاف، آزادانہ اور منصفانہ انعقاد کو یقینی بنانے کے لئے الیکشن کمیشن آف پاکستان نے متعلقہ حلقوں میں 6 ڈسٹرکٹ ریٹرننگ افسران، 6 ریٹرننگ افسران، 6 ڈسٹرکٹ مانیٹرنگ افسران اور 6 مانیٹرنگ افسران تعینات کئے ہیں، جو انتخابی ضابطہ اخلاق پر مؤثر عملدرآمد کی نگرانی کریں گے تاکہ ووٹرز کو پرامن، محفوظ اور سازگار ماحول میں اپنا حقِ رائے دہی استعمال کرنے کا موقع فراہم کیا جا سکے۔

ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ بلوچستان عسکر خان (KPIs) کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

عوام کشمیریوں کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت جاری رکھے ہوئے ہیں، صادق عمرانی

5 اگست 2019 کو بھارتی حکومت نے ایک ایسا فیصلہ کیا جس کے اثرات آج بھی پورے خطے میں محسوس کیے جاتے ہیں

یومِ استحصال کشمیر عالمی برادری کے لیے سفارتی پیغام ہے کہ کشمیر کا مسئلہ ابھی تک حل طلب ہے، سینئر صوبائی وزیر

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان کے سینئر صوبائی وزیر، پیپلز پارٹی کے سینٹرل کمیٹی کے رکن و پارلیمانی لیڈر اور صوبائی وزیرِ آبپاشی میر محمد صادق عمرانی نے یوم استحصال کشمیر کے موقع پر کشمیری عوام سے بھرپور یکجہتی کا اظہار کیا ہے، اپنے ایک بیان میں صوبائی وزیر نے کہا کہ 5 اگست (بقیہ نمبر1 صفحہ 2پر)

شہریوں کی جان ومال کا تحفظ انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے، منور حسین مگسی

یومِ آزادی قومی اتحاد، یکجہتی اور حب الوطنی کے جذبے کو فروغ دینے کا اہم موقع ہے

قلعہ عبداللہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر قلعہ عبداللہ منور حسین مگسی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر قلعہ عبداللہ میں جشنِ آزادی پاکستان کی تقریبات کی تیاریوں اور مون سون بارشوں کے ممکنہ اثرات سے نمٹنے کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنر قلعہ عبداللہ (بقیہ نمبر2 صفحہ 2پر)

بنوں میں مبینہ ڈرون حملہ، ایک شخص جاں بحق، دو زخمی

بنوں (این این آئی) خیبر پختونخوا کے ضلع بنوں میں مبینہ ڈرون حملہ ہوا جس کے نتیجے میں ایک شخص جاں بحق اور دیگر دو افراد زخمی ہوگئے۔ پولیس کے مطابق بنوں کی تحصیل بکاخیل کے علاقے نرمی خیل میں مبینہ ڈرون حملے کے نتیجے میں ایک شہری جاں بحق اور دو افراد زخمی ہوئے

ڈیرہ اللہ یار پولیس نے پی ٹی آئی جعفرآباد کے ضلعی صدر کو ساتھیوں سمیت گرفتار کرلیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ اللہ یار پولیس نے پی ٹی آئی جعفرآباد کے ضلعی صدر کو ساتھیوں سمیت گرفتار کرلیا پولیس کے مطابق ڈیرہ اللہ یار پولیس نے ضلعی صدر پی ٹی آئی جعفرآباد ادم خان رند ایڈوکیٹ کو دیگر ساتھیوں سمیت گرفتار کرلیا گیا۔

عالمی برادری مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کا نوٹس لے، منصور علی شاہ

کشمیری عوام گزشتہ کئی دہائیوں سے اپنے بنیادی حقوق اور آزادی کے لیے جدوجہد کررہے ہیں

سیوی (اللہ داد) ملک بھر کی طرح ضلع سیوی میں بھی یومِ استحصال کشمیر بھرپور قومی جذبے اور کشمیری عوام سے اظہارِ یکجہتی کے ساتھ منایا گیا۔ اس سلسلے میں ڈپٹی کمشنر سیوی میجر (ر) الیاس کبزئی کی قیادت میں ایک بڑی ریلی نکالی گئی، جس میں ضلعی افسران، مختلف محکموں کے (بقیہ نمبر3 صفحہ 2پر)

کشمیری عوام نے بے مثال قربانیاں دے کر آزادی کی جدوجہد کو زندہ رکھا ہے، وزیراعلیٰ

مسئلہ کشمیر اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں کے مطابق حل طلب ایک بین الاقوامی تنازع ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے کشمیر آل پارٹیز حریت کانفرنس کے رہنما حسن بنا نے یہاں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران مقبوضہ جموں وکشمیر کی تازہ (بقیہ نمبر8 صفحہ 2پر)

کشمیری عوام کی جدوجہدِ آزادی کو دبایا نہیں جاسکتا، حبیب الرحمٰن بنگلزئی

مقبوضہ کشمیر میں بھارتی ظلم وبربریت اور انسانی حقوق کی پامالی کی شدید مذمت کرتے ہیں

چمن (خ ن) ڈی سی چمن حبیب احمد بنگلزئی کی قیادت میں اظہارِ یکجہتی ریلی، کشمیری عوام کی غیر متزلزل حمایت کا اعادہ یومِ استحصالِ کشمیر کے موقع پر ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد (بقیہ نمبر9 صفحہ 2پر)

گورنر جعفر خان مندوخیل کو ساؤتھ پاکستان کے چیف آپریٹنگ آفیسر ایئر وائس مارشل (ر) اعجاز ملک سوینئر پیش کررہے ہیں

شمبے اسماعیل میں یومِ استحصالِ کشمیر کے حوالے سے پروقار تقریب کا انعقاد

طالبات نے تقاریر، ملی نغمے اور دیگر سرگرمیوں کے ذریعے کشمیری عوام سے بھرپور اظہارِ یکجہتی کیا

گوادر (خ ن) ضلعی انتظامیہ گوادر کی ہدایت کی روشنی میں گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول شمبے اسماعیل میں یومِ استحصالِ کشمیر کے حوالے سے ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا (بقیہ نمبر10 صفحہ 2پر)

ریڈزون کی جانب جانے والی شاہراہوں کی بندش

کوئٹہ میں ٹریفک کا نظام مفلوج، شدید گرمی میں شہریوں کو مشکلات کا سامنا

کوئٹہ (این این آئی) سیکیورٹی ہائی الرٹ کے باعث ریڈزون جانے والے تمام راستوں کو ٹرکوں اور کنٹینرز لگا کر بند کردیا گیا، جبکہ انسکمب روڈ ریڈ زون، سبزل روڈ اور (بقیہ نمبر11 صفحہ 2پر)

صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی سے اپوزیشن لیڈر بلوچستان اسمبلی میر یونس عزیز زہری ملاقات کررہے ہیں

مسئلہ کشمیر کا دیرپا حل جنوبی ایشیا میں امن اور ترقی کی ضمانت بن سکتا ہے، نسیم الرحمن

شہری آزادیوں، اظہارِ رائے، نقل وحرکت اور دیگر بنیادی حقوق سے متعلق سامنے آنے والی رپورٹس عالمی برادری کی فوری توجہ کی متقاضی ہیں

خطے میں مستقل امن اور استحکام کے لیے ضروری ہے کہ تمام متعلقہ فریق بین الاقوامی قوانین اور سفارتی اصولوں کی پاسداری کریں

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر ماحولیات وموسمیاتی تبدیلی نسیم الرحمٰن خان ملاخیل نے کہا ہے کہ 5 اگست یومِ استحصال کشمیری عوام کے ساتھ اظہارِ یکجہتی اوران کے حق خودارادیت کی حمایت کے عزم کی تجدید کا دن ہے۔ انہوں نے کہا کہ 5 اگست 2019 کو جموں وکشمیر کی (بقیہ نمبر17 صفحہ 2پر)

بلوچستان صوبائی اسمبلی کا اجلاس، جمعہ، 28 اگست 2026 تک ملتوی

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان صوبائی اسمبلی کا اجلاس جمعہ، 28 اگست 2026 تک ملتوی کردیا گیا۔

بلوچستان سے اندرون ملک کیلئے ٹرین سروس ایک روز کی معطلی کے بعد بحال

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان سے اندرون ملک کے لیے ٹرین سروس ایک روز کی معطلی کے بعد بحال کردی گئی۔ ریلوے حکام کے مطابق کوئٹہ سے پشاور کے لیے جعفر ایکسپریس روانہ ہوئی ہے۔ حکام کے مطابق پشاور سے جعفر ایکسپریس کا شیڈول کے مطابق کوئٹہ پہنچنے کا بتایا گیا۔ ریلوے حکام نے کہا کہ گزشتہ روز ٹرین سروس ٹریک کی مرمت کے باعث معطل کی گئی تھی۔

جیکب آباد سم نالے کے معاملے پر بلوچستان کے سخت تحفظات کے بعد اہم پیش رفت سامنے آگئی

بلوچستان حکومت کی این او سی کے بغیر متنازعہ سم نالے پر کسی قسم کا تعمیراتی کام دوبارہ شروع نہیں کیا جائے گا، شہزاد احمد ساہی

جیکب آباد (خ ن) متنازعہ جیکب آباد سم نالے کے معاملے پر بلوچستان کے سخت تحفظات کے بعد اہم پیش رفت سامنے آگئی۔ کمشنر نصیرآباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی کی ہدایت پر ڈپٹی کمشنر جعفرآباد خالد خان، ڈپٹی کمشنر صحبت پور فریدہ ترین اور سپرنٹنڈنگ انجینئر ایریگیشن سرکل (بقیہ نمبر18 صفحہ 2پر)

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے کشمیر آل پارٹیز حریت کانفرنس کے رہنماء حسن بناء ملاقات کررہے ہیں

تعمیراتی معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، صلاح الدین نورزئی

پینے کے صاف پانی، سیوریج نظام اور نالوں کی گریڈنگ پر خصوصی توجہ دی جائے

نصیرآباد (خ ن) کمشنر نصیرآباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی کی زیر صدارت انٹیگریٹڈ ڈیویلپمنٹ پیکیج برائے ڈیرہ مراد جمالی (مربوط ترقیاتی پیکیج) کی پیش رفت کا جائزہ لینے کے لیے اجلاس منعقد ہوا، جس میں ایس ایس پی نصیرآباد اسد ناصر، محکمہ مواصلات وتعمیرات کے (بقیہ نمبر19 صفحہ 2پر)

عالمی برادری کشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کا نوٹس لے، شعیب نوشیروانی

عالمی برادری مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کا مؤثر نوٹس لے، کشمیری عوام پر ہونے والے مظالم کو اجاگر کرے

مسئلہ کشمیر کا واحد منصفانہ اور پائیدار حل اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں اور کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق ہی ممکن ہے

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خزانہ ومعدنیات میر شعیب نوشیروانی نے یومِ استحصالِ کشمیر کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ وہ اپنی جانب سے اور اہلِ بلوچستان کی طرف سے مقبوضہ جموں وکشمیر کے عوام کے ساتھ بھرپور یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 5 اگست 2019 کو بھارت کی جانب سے آرٹیکل 370 اور 35 اے کی منسوخی ایک غیرقانونی، یکطرفہ اور بین الاقوامی قوانین کے منافی اقدام تھا، جس کا مقصد کشمیری عوام کی شناخت، حقوق اور تاریخی حیثیت کو متاثر کرنا تھا انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام کو ان کی اپنی سرزمین پر اقلیت میں تبدیل کرنے کی کوششیں نہ (بقیہ نمبر20 صفحہ 2پر)

☆☆☆ کمشنر سیوی ڈویژن اسداللہ فیض یوم آزادی پاکستان کی تقریبات اور مون سون شجرکاری مہم کے انتظامات کا جائزہ لینے کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں ☆☆☆

ہماری جدوجہد امن کے قیام اور بلوچستان کے وسائل پر عوام کے حق کیلئے ہے، ہدایت الرحمن بلوچ

جماعت اسلامی نے 7 اگست کی ہڑتال کو کامیاب بنانے کے لیے صوبے بھر میں مشاورت مکمل اور مختلف اضلاع وشاہراہوں پر ذمہ داریاں تقسیم کردی

ضلع میں مقامی قیادت، ٹرانسپورٹرز اور تاجر تنظیموں کے تعاون سے ہڑتال کو منظم اور پرامن بنایا جائے گا، امیر جماعت اسلامی

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا ہے کہ پٹرولیم مصنوعات پر بھتہ خوری، بدامنی، بدعنوانی، بارڈرز کی بندش، لاپتہ افراد کی عدم بازیابی، فورسز کے نامناسب رویے، شاہراہوں پر بڑھتی ہوئی لوٹ مار اور (بقیہ نمبر4 صفحہ 2پر)

کوئٹہ، صوبائی وزیر بخت محمد کاکڑ اسمبلی اجلاس میں اظہارخیال کررہے ہیں

پاکستان کا ہر شہری کشمیری بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ کھڑا ہے، محمد حسیب شجاع

پاکستان ہمیشہ کشمیری عوام کے حقِ خودارادیت کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت جاری رکھے گا

لورالائی (خ ن) یومِ استحصالِ کشمیر کے موقع پر ڈپٹی کمشنر آفس لورالائی میں ڈپٹی کمشنر محمد حسیب شجاع کی قیادت میں قومی پرچم کشائی کی پروقار تقریب منعقد ہوئی۔ تقریب میں ضلعی انتظامیہ، پولیس اور مختلف سرکاری محکموں کے افسران، اہلکاروں، سول سوسائٹی کے نمائندوں اور (بقیہ نمبر5 صفحہ 2پر)

نائب تحصیلدار ریونیو انتظامیہ کا بنیادی ستون ہیں، اسداللہ فیض

نئی نسل کے افسران جدید تقاضوں سے ہم آہنگ ہوکر اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں

سیوی (خ ن) کمشنر سیوی ڈویژن اسداللہ فیض نے بلوچستان پبلک سروس کمیشن (BPSC) کے ذریعے میرٹ پر منتخب ہونے والے 9 نئے نائب تحصیلداروں میں تقرری کے احکامات تقسیم کیے۔ اس موقع پر انہوں نے تمام افسران کو مبارکباد دیتے ہوئے ان پر زور دیا کہ (بقیہ نمبر6 صفحہ 2پر)

کوئٹہ، ضلعی انتظامیہ کے زیرِ اہتمام کشمیری عوام سے اظہارِ یکجہتی کے لیے ریلی کا انعقاد

پاکستان کشمیری عوام کی اخلاقی، سفارتی اور سیاسی حمایت ہر سطح پر جاری رکھے گا، مقررین

کوئٹہ (خ ن) یومِ استحصالِ کشمیر کے موقع پر ضلعی انتظامیہ کوئٹہ کے زیرِ اہتمام کشمیری عوام سے اظہارِ یکجہتی کے لیے ایک پروقار ریلی کا انعقاد کیا گیا۔ ریلی کا مقصد مقبوضہ جموں وکشمیر کے عوام کے ساتھ پاکستان کی غیر متزلزل حمایت کا اعادہ کرنا اور بھارت کے غیرقانونی و (بقیہ نمبر7 صفحہ 2پر)

☆☆☆☆☆☆ اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف سے جاپان انٹرنیشنل کوآپریشن ایجنسی (جائیکا) کا وفد ملاقات کررہا ہے ☆☆☆☆☆☆

کچھی، سیلابی پانی بھاگ ٹو بختیارآباد روڈ کو شگاف پڑنے سے ٹریفک کی روانگی متاثر

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) کچھی میں مون سون بارشوں کے بعد سیلابی پانی بھاگ ٹو بختیارآباد روڈ کو شگاف پڑنے سے ٹریفک کی روانگی متاثر تاحال مرمت اور بحالی کا کام شروع نہیں کیا جاسکا تفصیلات کے مطابق حالیہ مون سون بارشوں اور حاجی شہر ڈیم سے آنے والے سیلابی پانی نے بھاگ ٹو بختیارآباد روڈ کو شہید بادشاہ کے قریب شگاف پڑنے سے روڈ کا حصہ پانی بہہ گیا جس سے بھاگ ٹو بختیارآباد روڈ پر ٹریفک کی روانگی عارضی طور متاثر ہوکر رہ گئی جس سے عوام کو سخت مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے جبکہ روڈ کی مرمت اور بحالی کا کام تاحال شروع نہیں کیا جاسکا

بلوچستان اسمبلی نے بلوچستان سیف سٹیز اتھارٹی کا مسودہ قانون مصدرہ 2026 منظور کرلیا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی نے بلوچستان سیف سٹیز اتھارٹی کا مسودہ قانون مصدرہ 2026 منظور کرلیا۔ بدھ کو بلوچستان اسمبلی کے اجلاس میں صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے بلوچستان سیف سٹیز اتھارٹی آرڈیننس 2026 کو آئین کے آرٹیکل (a)(2)128 کے تحت نامنظور کرنے سے متعلق آئینی قرارداد پیش کی۔ انہوں نے کہا کہ اس آرڈیننس کو مزید بہتر کرکے بل کی صورت میں پیش کرنا ہے بعدازاں صوبائی وزیر داخلہ نے بلوچستان سیف سٹیز اتھارٹی کا مسودہ قانون مصدرہ 2026 ایوان میں پیش کیا جسے ایوان نے منظور کرلیا

ڈیرہ بگٹی ڈی ایس پی پولیس ساوتھ عبدالجبار مگسی دل کا دورہ پڑنے پر وفات پاگئے

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ بگٹی ڈی ایس پی پولیس ساوتھ عبدالجبار مگسی دل کا دورہ پڑنے پر وفات پاگئے پولیس کے مطابق ڈیرہ بگٹی ساوتھ ڈی ایس پی عبدالجبار مگسی دل کا دورہ پڑنے پر وفات پا گئے جن کی میت انکے آبائی گاؤں گوٹھ محمد عظیم مگسی ڈیرہ اللہ یار منتقل کردی گئی جہاں نماز جنازہ کے بعد انکی تدفین آبائی قبرستان میں کردی گئی جبکہ فاتحہ خوانی گوٹھ محمد عظیم مگسی میں ہورہی ہے۔

ظلم وجبر کبھی عوامی امنگوں کو شکست نہیں دے سکتا، ڈاکٹر حمیرا طارق

پاکستانی قوم، خصوصاً خواتین، اپنے کشمیری بہن بھائیوں کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتی ہیں

لاہو (پ ر) سیکرٹری جنرل حلقہ خواتین جماعت اسلامی پاکستان ڈاکٹر حمیرا طارق، صدر وسطی پنجاب نازیہ توحید، صدر لاہور عظمی عمران نے یومِ استحصالِ کشمیر کے موقع پر اپنے خصوصی بیان میں کہا ہے کہ 5 اگست 2019 جنوبی ایشیا کی تاریخ کا ایک سیاہ دن ہے، جب بھارت نے مقبوضہ جموں و کشمیر کی متنازع آئینی (بقیہ نمبر12 صفحہ 2پر)

مقامی افراد کے حقوق کا تحفظ ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے، معظم جتوئی

تمام این جی اوز اپنی سرگرمیوں کی باقاعدہ رپورٹس ضلعی انتظامیہ کے ساتھ شیئر کریں

نصیرآباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیرآباد وریندر لعل کی ہدایت پر تحصیلدار ڈیرہ مراد جمالی معظم جتوئی نے ڈی سی آفس نصیرآباد یونس رضا عمرانی کے ہمراہ ضلع میں سرگرم مختلف غیرسرکاری تنظیموں (این جی اوز) کے دفاتر کا تفصیلی اور جامع معائنہ کیا جن اداروں کا دورہ کیا گیا ان میں بی (بقیہ نمبر13 صفحہ 2پر)

ڈپٹی کمشنر کچھی کی زیرِ قیادت میں یومِ استحصالِ کشمیر کے موقع پر شاندار ریلی

پاکستان کشمیری عوام کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت ہر سطح پر جاری رکھے گا، ممتاز کھیتران

بولان (نامہ نگار) تفصیلات کے مطابق 5 اگست یومِ استحصالِ کشمیر کے موقع پر ضلعی انتظامیہ کچھی کے زیرِ اہتمام ڈپٹی کمشنر کچھی ممتاز کھیتران کی قیادت میں ضلعی ہیڈکوارٹر ڈھاڈر میں ایک شاندار اور پُروقار ریلی نکالی گئی۔ ریلی میں مختلف سرکاری محکموں کے افسران، (بقیہ نمبر14 صفحہ 2پر)

کوئٹہ، رکن صوبائی اسمبلی حاجی میر زابد علی ریکی اسمبلی اجلاس میں اظہارخیال کررہے ہیں

بھارت کشمیر میں مسلمانوں کو اقلیت میں تبدیل کرنا چاہتا ہے، نعمان منیر بلوچ

بھارت نے پانچ اگست 2019 کے بعد جموں کشمیر کو فوجی چھاونی میں تبدیل کردیا ہے

جھل مگسی (خ ن) ضلعی انتظامیہ جھل مگسی کی جانب سے اسسٹنٹ کمشنر جھل مگسی نعمان منیر بلوچ اور اسسٹنٹ کمشنر ارباب خان مگسی کی قیادت میں یوم استحصال کشمیر کے حوالے سے سرکٹ ہاوس گنداواہ میں سیمینار اور ریلی کا اہتمام کیا گیا تقریب میں دیگر آفیسران، چیئرمین میونسپل (بقیہ نمبر15 صفحہ 2پر)

ڈپٹی کمشنر خاران کی زیرِ صدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کا اجلاس

BSDI کے تحت جاری ترقیاتی منصوبے عوامی فلاح وبہبود میں اہم کردار ادا کررہے ہیں

خاران (خ ن) ڈپٹی کمشنر خاران منیر احمد سومرو کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی (DCC) کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع بھر میں جاری ترقیاتی منصوبوں، بین الحکمہ جاتی امور اور عوامی خدمات کی بہتری سے متعلق مختلف ایجنڈوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر خاران عمر سنان جمالی، ایس پی خاران صدورو لاشاری (بقیہ نمبر16 صفحہ 2پر)

پاکستان ہر محاذ پر کشمیریوں کی حمایت جاری رکھے گا، میر ضیاء اللہ لانگو

عالمی برادری اور اقوامِ متحدہ بھارتی مظالم کا نوٹس لیں

بھارت کی ریاستی دہشت گردی اور یکطرفہ اقدامات پورے خطے کے امن کے لیے شدید خطرہ ہیں

پاکستان ہر عالمی وسفارتی محاذ پر کشمیریوں کی اخلاقی، سیاسی اور سفارتی حمایت کا سلسلہ جاری رکھے

کوئٹہ (یو این اے) وزیرداخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو نے یومِ استحصالِ کشمیر کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ یہ دن کشمیری عوام کے ساتھ کامل یکجہتی کا دن ہے۔ کشمیری عوام کی عظیم قربانیاں ہرگز رائیگاں نہیں جائیں گی اور پوری پاکستانی قوم اپنے کشمیری بھائیوں کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ہر عالمی وسفارتی محاذ پر کشمیریوں کی اخلاقی، سیاسی اور سفارتی حمایت کا سلسلہ جاری رکھے (بقیہ نمبر25 صفحہ 2پر)

بلوچستان اسمبلی میں دہشت گردی واقعات میں شہید ہونے والوں کیلئے فاتحہ خوانی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان صوبائی اسمبلی کا اجلاس بدھ کو اسپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق اچکزئی کی صدارت میں منعقد ہوا اجلاس میں سانحہ ہنہ اوڑک، زیارت، سورینج، مزدوروں پر حملے سمیت دیگر دہشت گردی کے واقعات کے شہداء کے لئے فاتحہ خوانی کی گئی۔

وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار محمد اختر کو بجلی کے بل پر 20411 روپے کا ریلیف فراہم کروادیا

کوئٹہ (این این آئی) وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار محمد اختر کو بجلی کے بل پر 20411 روپے کا ریلیف فراہم کروادیا گیا۔ درخواست گزار محمد اختر نے بتایا کہ انہیں گیس آفس کی جانب سے گیس کا غیر منصفانہ بل موصول ہوا۔ جس کی درستگی کے لیے انہوں نے متعدد بار متعلقہ محکمے سے رابطہ کیا لیکن کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔ ل ہذا، انصاف کے حصول کے لیے انہوں نے وفاقی محتسب کوئٹہ سے رابطہ کیا اور متعلقہ محکمے کی عدم توجہی کے خلاف درخواست دائر کی۔ درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب کوئٹہ نے بروقت انکوائری کا آغاز کیا اور متعلقہ محکمے کو طلب کرکے کیس کی فوری سماعت شروع کردی۔ سماعت کے دوران متعلقہ محکمہ کوئی تسلی بخش جواب نہ دے سکا۔ لہذا، وفاقی محتسب نے احکامات جاری کیے

کوئٹہ، تعمیر نو گرلز ہائی اسکول میں ریاض القرآن کا افتتاح کردیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) رحمتہ للعالمین و خاتم النبیین ﷺ کلب تعمیر نو ٹرسٹ بلوچستان کے زیرِ انتظام تعمیر نو گرلز ہائی اسکول، کوئٹہ میں ریاض القرآن کا افتتاح کردیا گیا۔ افتتاحی تقریب کے مہمانِ خصوصی سیکرٹری تعمیر نو ٹرسٹ بلوچستان محمد نسیم لہڑی تھے، جنہوں نے ربن کاٹ کر ریاض القرآن کا باقاعدہ افتتاح کیا۔

پبلشر نذیر احمد نے سعید پرنٹنگ پریس مندوخیل پلازہ مشن روڈ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ گوادر بزنس کوئٹہ یونیورسل کمپلیکس آفس نمبر 10 فیز 1 انڈر گراؤنڈ کالون روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
فون نمبر 0302-3883703
اسلام آباد بیورو چیف 0300-9731626

بھارتی اقدامات بین الاقوامی قانون کی خلاف ورزی ہیں، سیدال ناصر

یومِ استحصالِ کشمیر اس حقیقت کی یاد دہانی ہے کہ کشمیری عوام گزشتہ کئی دہائیوں سے اپنے بنیادی حق خودارادیت کے حصول کے لیے بے مثال قربانیاں دے رہے ہیں

پاکستان ہر بین الاقوامی فورم پر کشمیری عوام کی جائز جدوجہد کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت جاری رکھے گا

کوئٹہ (این این آئی) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے یومِ استحصالِ کشمیر کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ 5 اگست 2019ء بھارتی تاریخ کا ایک سیاہ باب ہے، جب بھارت نے یکطرفہ اور غیر قانونی اقدامات کے ذریعے جموں وکشمیر کی متنازعہ (بقیہ نمبر21 صفحہ 2پر)

خالق آباد منگچر بازار کی بندش سے کاروبار تباہ

عوام کو شدید مشکلات کا سامنا، فوری کھولنے کا مطالبہ تاجروں کی پریس کانفرنس

خالق آباد منگچر (نامہ نگار) خالق آباد منگچر کے تاجروں نے سیکیورٹی کے باعث خالق آباد منگچر بازار کی مسلسل بندش پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے حکومت بلوچستان، ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ سیکیورٹی اداروں سے مطالبہ کیا ہے کہ بازار کی بندش کے فیصلے پر فوری نظرثانی (بقیہ نمبر22 صفحہ 2پر)

لورالائی، ضلع بھر کے تمام سرکاری گرلز مڈل اسکولوں میں مختلف تقریبات کا انعقاد

مسئلہ کشمیر اقوامِ متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حل ہونا چاہیے، مقررین

لورالائی (خ ن) یومِ استحصالِ کشمیر کے موقع پر ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن (فیمیل) لورالائی فوزیہ درانی کی ہدایت اور نگرانی میں ضلع بھر کے تمام سرکاری گرلز مڈل اسکولوں میں مختلف تقریبات کا انعقاد کیا گیا، جن میں کشمیری عوام سے اظہارِ یکجہتی اور بھارتی مظالم کی (بقیہ نمبر23 صفحہ 2پر)

جشن آزادی کپ 2026 بنام شہید ڈپٹی کمشنر ذاکر بلوچ فٹبال ٹورنامنٹ

گوادر پورٹ اتھارٹی نے گوادر سٹی کو 4-0 سے شکست دے کر سیمی فائنل کے لیے کوالیفائی کرلیا

گوادر (خ ن) سندھ بلوچستان جشن آزادی کپ 2026 بنام شہید ڈپٹی کمشنر ذاکر بلوچ فٹبال ٹورنامنٹ زیر اہتمام صدر ڈسٹرکٹ فٹبال ایسوسی ایشن گوادر میر ارشد کلمتی کا آخری کوارٹر فائنل میچ گوادر پورٹ اتھارٹی (GPA) فٹبال ٹیم اور گوادر سٹی فٹبال ٹیم کے درمیان بابائے بزنجو فٹبال اسٹیڈیم میں کھیلا گیا، جس میں گوادر پورٹ اتھارٹی نے یکطرفہ اور شاندار (بقیہ نمبر24 صفحہ 2پر)

THE SUFFERINGS BEING INFLICTED UPON UNARMED KASHMIRIS BY INDIA MUST STOP
ضلعی انتظامیہ صحبت پور

صحبت پور: ڈپٹی کمشنر فریدہ ترین یوم استحصال کشمیر کے سلسلے میں نکالی گئی ریلی کی قیادت کررہی ہیں